کشف الالفاظ
غیر متداول

غزلیاتِ غالب

ج-ع-واجد

کشف الالفاظ غیر متداول غزلیاتِ غالبؔ

کشف الالفاظ غیر متداول

غزلیاتِ غالبؔ

کوشش:

ج، ع، واجد

جنبشِ دل سے ہوئے ہیں عقدہ ہائے کار، وا
کم ترین مزدورِ سنگین دست ہے فرہاد یاں

Kashf-ul-AlfazGhair Muttadawal
Ghazliyat-e-Ghalib

by

J. A. Wajid

سنہ اشاعت : 2004

پہلا اڈیشن : 500

قیمت : -/600

ناشر : مصنف

مطبع : تاج پرنٹرس، 69 نجف گڑھ روڈ، انڈسٹریل ایریا، نئی دہلی 15

یہ کتاب قومی کونسل برائے فروغِ اُردو زبان، نئی دہلی
کے جزوی مالی اعانت سے شائع ہوئی

J.A. Wajid
40-D Pocket-IV, Phase-I,
Mayur Vihar, Delhi-110091
Ph: 22710537

انتساب

اپنی پچھلی کتاب ــــ کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ ــــ کے ''اظہارِ تشکر'' میں میں نے لکھا تھا:

''اس کتاب کی تکمیل میں میری اہلیہ قدسیہ پروین کا بڑا ہاتھ ہے۔ کئی مرتبہ شدید محنت، کام کی یکسانیت اور دشواریوں سے گھبرا کر میں کام چھوڑ کر بیٹھ گیا۔ ایسے موقعوں پر قدسیہ نے سمجھا بجھا کر ــــ یا پھر دوسرے طریقوں سے! ــــ مجھے کام پر دوبارہ بھیجا۔''

کہتے ہیں انسان تجربے سے سیکھتا ہے۔ اس معاملے میں ماشاءاللہ قدسیہ کافی ذہین ہیں۔ چنانچہ اب کی انہوں نے صرف ''دوسرے طریقوں'' کا ہی استعمال کیا۔ نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔ پچھلی دفعہ جو کام تین، چار سال میں ہو پایا تھا، اس بار وہ ــــ بلکہ اس سے زیادہ۔ ڈیڑھ دو سال میں پورا ہو گیا!

ایمانداری ــــ اور اس سے بڑھ کر ــــ عاقبت اندیشی کا تقاضا ہے کہ کتاب اُنھی کے نام کی جائے۔ چنانچہ میں پورے خلوص اور انتہائی انکسار کے ساتھ یہ کتاب قدسیہ پروین کے نام کرتا ہوں۔

نمی گویم دریں گلشن، گل و باغ و بہار از من
بہار از یار و باغ از یار و گل از یار و یار از من

☆☆

فہرستِ مضامین

☆☆

اظہارِ تشکر

میرے اکیلے کے بوتے یہ کتاب کبھی نہیں لکھی جاسکتی تھی۔ اس کی تکمیل میں نہ معلوم کتنے دوستوں اور بزرگوں کی دعا اور مدد شامل ہے۔ ان میں سے چند کا نام، بطورِ تبرک لے رہا ہوں۔

جناب گلشن تیجا اور میرا معاملہ سایۂ مسجد کا بسا ہے۔ میرے ہم محلّہ ہونے کی وجہ سے وہ میری فوری زد پہ ہیں۔ وقت وقت ___ اور بسا اوقات نا وقت بھی! ___ میں اُن کے پاس اپنے چھوٹے بڑے ادبی ___ اور کبھی قدرے کم ادبی! ___ مسائل لے کر پہنچ گیا۔ اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود تیجا صاحب نے ہمیشہ میرے ہر مسلئے کو ___ کسی کتاب میں صحیح حوالے کی تلاش سے لے کر چھپائی کے کاغذ کی خرید تک ___ اتنے انہماک سے سنا گویا یہ انہی کا مسلہ ہو۔ اور اپنے مشورے اور مدد سے مجھے نوازا۔ اس طرح کتاب کی تیاری میں ان کی شرکت ہر نہج پر رہی ہے۔ میں ان کا تہِ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

کہتے ہیں مسلمان کا حساب کمزور ہوتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو خاکسار کو پکا مسلمان سمجھیں۔ میں کبھی دو اور دو نہیں جوڑ پایا۔ حتیٰ کہ میرے ہاتھ میں کیل کیولیٹر (Calculator) بھی غلط جواب دیتا ہے!

جس قسم کی شماریات اس کشف الالفاظ میں درکار تھیں میرے لئے ایک

بھیانک خواب سے کم نہ تھیں۔ ایسے میں پروفیسر وائی۔ پی۔ گپتا، ایک فرشتہ بن کر وارد ہوئے۔ اور انہوں نے خود اپنی خدمات پیش کیں۔ مجھے یقین ہے پروفیسر گپتا کے پاس کوئی منتر ہے۔ ان کے آگے ہندسے اتنی عاجزی اور مسکینی سے کام کرتے ہیں جیسے کسی تابع کرنے والے کے آگے جن! پیچیدہ سے پیچیدہ حسابی مسائل، پروفیسر گپتا، بنا کسی مشینی مدد کے، اتنی آسانی اور بے تکلفی سے حل کر لیتے ہیں کہ مجھے تعجب اور رشک ہوتا ہے۔ پروفیسر گپتا نہایت مصروف انسان ہیں۔ مختلف سربراہ علمی اداروں میں وہ گیسٹ پروفیسر ہیں کئی تجارتی اور پیشہ ورانجمنوں میں مشیر ہیں، اور کئی پروجیکٹوں کے ڈائرکٹر ہیں۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ پروفیسر موصوف کا دن چوبیس گھنٹے کا نہیں ہوتا بلکہ چھتیس گھنٹے (یا اس سے بھی زیادہ) کا! ان تمام مصروفیات کے باوجود پروفیسر گپتا نے بڑی خندہ پیشانی اور فراخ دلی سے مجھے اپنا قیمتی وقت دیا اور جو کام قطعی میرے بس کا نہیں تھا ہنستے ہنستے پورا کر دیا۔ میں ان کی محبت اور محنت کے لئے تہ دل سے شکر گزار ہوں۔

نیشنل کونسل برائے فروغ اردو نے میرے اس کام ___ کشف الالفاظ غیر متداول غزلیات غالب ___ کو اپنی پروجیکٹ کے طور پر اپنایا اور کتاب کی اشاعت کے لئے مالی تعاون دیا۔ میں اس کے لئے کونسل کے ڈائرکٹر، ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ اور کونسل کے تمام اہل کاروں کا شکر مند ہوں۔

اس کتاب کے محرکین میں جناب شمس الرحمٰن فاروقی صاحب کا نام سر فہرست ہے۔ فاروقی صاحب میرے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ اس کام کے دوران ان کی حوصلہ افزائی اور رہ نمائی کے لئے متشکر ہوں۔

ج، ع، واجد

☆☆

پیش لفظ

اپنی کتاب __ کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ __ کی نسبت میں نے لکھا تھا ''کچھ کتابیں ایک منصوبے کے تحت لکھی جاتی ہیں۔ کچھ فرمائش سے لکھوائی جاتی ہیں۔ یہ کتاب محض ایک حادثے کی وجہ سے ظہور میں آئی۔'' اب ستم ظریفی دیکھئے اگر وہ کتاب ایک حادثے کی وجہ سے لکھی گئی تھی، تو موجودہ کتاب بس ایک دھوکے طفیل میں مرتب ہوئی!

کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ چونکہ اردو میں اپنی وضع کا ایک بالکل نیا تجربہ تھا۔ اس لئے میں قارئین میں اس کے ردِّ عمل کے بارے میں خاصہ مذبذب تھا۔ لیکن، خدا کا شکر ہے، اہلِ نظر میں کتاب کا استقبال خلافِ توقع بہت گرم جوشی سے ہوا۔ بلکہ یہ پرزور مانگ ہوئی کہ جو کام میں نے اٹھایا ہے اس کو پورا کروں۔ یعنی غالبؔ کے غیر متداول کلام کا بھی کشف الالفاظ مرتب کروں۔ فرمائش کرنے والوں میں چند بزرگ اور کرم فرما ایسے تھے جن کا کہنا میرے لئے حکم کی حیثیت رکھتا تھا۔ پر مجھے اس بارے میں بہت پس و پیش تھی۔

اوّل تو، پہلے کشف الالفاظ کی ترتیب کے بعد میں ذہنی اور جسمانی طور پر بہت تھک گیا تھا۔ دوسرے، اپنے تجربہ کی بنا پر مجھے اس کام کی دشواریوں کا بخوبی اندازہ تھا۔ تیسرے، میں ایک لمبے عرصے سے اردو ادب کے ایک لغت مرتب کر رہا ہوں۔ اور کافی مواد جمع کر چکا ہوں لیکن کچھ ایسا اتفاق ہے کہ جب اس کو قطعی شکل دینے کا وقت آتا ہے، تو کوئی نہ کوئی ایسی صورت پیدا ہو جاتی ہے کہ کام پچھڑ جاتا ہے۔ کشف

الالفاظ دیوانِ غالب کی اشاعت کے بعد میں نے مصمم ارادہ کرلیا تھا کہ اس بار اس کام کوضرور نپٹادوں گا۔

جب اصرار بہت بڑھا تو میں نے یہ عذر، (جو سچ بھی تھا) پیش کیا کہ پچھلا کشف الالفاظ مرتب کرنے میں مجھے خود اپنی جیب سے ایک خاصی رقم خرچ کرنی پڑی۔ اب ایسا دوبارہ کرنے کی نہ تو میری ہمت ہے اور نہ ہی وسائل۔ اس عذر کے جواب میں ایک ادارے کی طرف سے یہ پیش کش کی گئی کہ نہ صرف وہ میری مجوزہ کتاب چھاپے گا بلکہ وہ تمام اخراجات جو اس کام کے سلسلے میں ہوئیں گے، بڑی خوشی سے پورا کرے گا۔

اب میرے پاس کوئی بہانہ نہیں رہا۔ اُدھر میں نے سوچا کشف الالفاظ کی ترتیب کے جو گر میں نے وضع کئے ہیں، ابھی ہاتھ پر چڑھے ہیں۔ اس سے کام میں قدرے سہولت رہے گی۔ ممکن ہے کچھ عرصے بعد یہ دماغ سے نکل جائیں اور ہاتھ سے اُتر جائیں تو دوبارہ محنت کرنا پڑے گی۔ تیسرے، میری اپیل کے باوجود، بظاہر اس کام کے کرنے کو کوئی تیار نظر نہیں آیا۔ چنانچہ میں نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کام کرنا شروع کر دیا۔

میری طبیعت کچھ ایسی واقع ہوئی ہے، میں جب کسی کام میں لگتا ہوں تو دنیا و مافیا سے بے خبر تن من سے پاگلوں کی طرح ــــ بلکہ یہاں لفظ ''طرح'' زائد ہے! ــــ جُٹ جاتا ہوں۔ اب اتفاق دیکھئے جب تقریباً دو تہائی کام ہو چکا، تو جس ادارے نے کتاب چھاپنے اور اخراجات پورا کرنے کا وعدہ کیا تھا کچھ وجہ سے اپنے وعدے سے درست بردار ہو گیا۔

اب میرے لئے عجب مشکل کھڑی ہو گئی ایک طرف اتنے دن کی کمر توڑ محنت کو ضائع ہوتے نہیں دیکھا جاتا تھا، دوسری طرف اتنی ضخیم کتاب خود اپنے خرچے سے چھپوانے کا خیال مجھے خواب میں بھی نہیں آسکتا تھا۔ بدقسمتی سے اسی دوران مجھے ایک زبردست سانحے سے گذرنا پڑا۔ اس سے میری دل گیری اور دل برداشتگی میں اور بھی

اضافہ ہو گیا۔

جب میں بالکل مایوس اور تھک کر بیٹھ گیا، تو میری اہلیہ نے رائے دی کہ ایک آخری کوشش کے طور پر، ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ، ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو سے رجوع کروں۔ میں اتنا دل برداشتہ ہو چکا تھا۔ کہ میرا جی کسی کے پاس جانے کو نہیں ہوتا تھا۔ لیکن اپنی اہلیہ کے بار بار کہنے پر میں، تقریباً ناامیدی کے عالم میں، ڈاکٹر بھٹ کے پاس گیا اور اپنی پوری روداد انہیں سنائی۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے بڑی ہمدردی سے میری پوری کہانی سنی اور کہا کہ جو کام آپ نے اب تک کیا ہے لے کر آئیں ہم دیکھیں گے اس سلسلے میں کیا کر سکتے ہیں۔

دوسرے دن میں اپنا سب کام لے کر ڈاکٹر بھٹ کے دفتر پہنچ گیا۔ کیوں کہ اردو میں کشف الالفاظ مرتب کرنے کا ابھی تک کوئی کمپیوٹر کا دستور وضع نہیں ہوا ہے، اس لئے سارا کام ہاتھ سے ایک خاص تکنیک کے تحت چھوٹے چھوٹے کارڈوں پر کرنا پڑتا ہے۔ دیکھنے میں یہ کارڈ کاغذ کے حقیر پرزے لگتے ہیں۔ ڈاکٹر بھٹ کی بصیرت __ اور ہمت __ کی داد ہے کہ انہوں نے مواد کی ظاہری شکل کی پروا کیے بغیر فوراً کہا "آپ بے فکر گھر جائیں اور خوشی خوشی اپنا کام پورا کریں۔ آپ کی کتاب انشااللہ ہم چھاپیں گے۔"

ڈاکٹر بھٹ کا میرے اوپر جو احسان ہے اس کا اظہار الفاظ میں نہیں ہو سکتا انہوں نے میری ڈیڑھ دو سال کی محنت کو جس میں میں نے اپنی صحت تک کو داؤ پر لگا دیا تھا، ضائع ہونے سے بچالیا۔ بلکہ اگر میری کتاب غالب کے کسی شائق کو دلچسپ لگتی ہے، یا کسی طالب علم کے کام آتی ہے، تو اس پر بھی ڈاکٹر بھٹ کا شکریہ واجب ہے۔ اگر انہوں نے مدد نہ کی ہوتی تو میرا یہ سب کام قعرِ گمنامی میں پڑا ہوتا۔

ایک بزرگ اور نامور غالب شناس نے اس کتاب کی اشاعت کی شدید مخالفت کی۔ قبلہ (مدظلہٗ) کا ایک بڑا اعتراض یہ تھا "اتنی ضخیم کتاب پڑھے گا کون؟" سچ پوچھیے تو ان کی بات بڑے پتہ کی اور بالکل ٹھیک تھی۔ واقعی اس کتاب کو کوئی نہیں "پڑھے"

گا۔ بلکہ اس سے بڑھ کر میں یوں کہوں گا کہ کسی ذی عقل آدمی کو یہ کتاب ''پڑھنا'' بھی نہیں چاہئے۔ کیوں کہ کشف الالفاظ ___ ایک لغت، یا گنجینہ کی طرح ___ ''پڑھنے'' کی چیز ہی نہیں۔ یہ تو محض استعمال کی شے ہے۔ اس کے کچھ استعمال ''کشف الالفاظ دیوانِ غالب'' کے مقدمے میں بیان ہو چکے ہیں۔ جدید تحقیق و تنقید میں بالخصوص غالب کے متداول اور غیر متداول کلام کے حوالے سے اس کے چند اور امکنہ استعمال کی نشان دہی اس کتاب کے مقدمے میں کی گئی ہے۔ فنِ کتاب داری ''(لائبریری سائنس) کی اصطلاح میں کشف الالفاظ کو'' حوالہ جاتی اوزار'' کہا جاتا ہے کسی اوزار یا آلۂ کار کے استعمال کی قطعی یا حتمی طور پر حد بندی نہیں ہو سکتی۔ ضرورت اور وقت کے ساتھ کسی اوزار یا آلۂ کار کے نئے استعمال وضع ہوتے ہیں۔ چنانچہ کشف الالفاظ کے آغازی اور اوّلین استعمال ___ مطلوبہ متن تک رسائی کے علاوہ علم تحقیق تنقید میں توسیع کے ساتھ کشف الالفاظ کے استعمال میں بھی تنوع آیا۔ مثال کے طور پر متنی تحقیق، ردتشکیل اور تحلیل متن میں کشف الالفاظ کا خاصہ استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا ضرور اس بات کی ہے اردو میں کشف الالفاظ زیادہ سے زیادہ اور گونا گوں طور پر استعمال ہو۔

غالبؔ کی لفظیات پر بڑے بڑے کام ہو رہے ہیں۔ محترم جناب رشید حسن خاں ایک طویل عرصے اس موضوع پر کام کر رہے ہیں۔ اب ان کی کتاب ''لفظیات غالبؔ'' کی اشاعت کو غالبؔ انسٹی ٹیوٹ نے منظور کر لیا ہے۔ اس لئے امید ہے کہ مزید انتظار کا منہ دیکھے بغیر یہ کتاب جلد منظرِ عام پر آئے گی۔ اُدھر غالبؔ انسٹی ٹیوٹ میں خود غالبؔ انسائیکلوپیڈیا پر ___ جس کا ۔۔۔ ایک معتدبہ حصہ اس موضوع ر ہوگا ___ کام زور شور سے چل رہا ہے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ جناب سلیم شہزاد صاحب غالبؔ کی کوئی لغت مرتب کر رہے ہیں اس کے علاوہ کئی غالب شناس اس اور متعلقہ موضوعات پر یقیناً کام کر رہے ہوں گے۔ ان جلیل القدر کارناموں کے آگے

میری اس حقیر کوشش کی کیا وقعت۔ لیکن جیسا ٹیگور نے کہا ہے، جب سورج چھپ جاتا ہے تو بعض اوقات مٹی کے کم مایہ دیے کی روشنی بھی کام دے جاتی ہے۔ اسی قیاس پر میں بھی امید کر سکتا ہوں، شاید کبھی کسی موقع پر یہ ہیچ پوچ کوشش بھی کسی بڑے کام میں ادنیٰ سا کردار ادا کر سکے۔

کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ کے بارے میں مجھے کئی تجاویز و تنقیدات ملیں۔ ان میں سے کچھ میں موجودہ کتاب میں اپنا سکا۔ باقی سے محض عملی دشواریوں اور دیگر مجبوریوں کی بناہ پر شاید پوری طرح استفادہ حاصل نہیں کر سکا۔

تاہم میرے لئے یہ تمام تنقیدات اور تجاویز نہایت اہم اور بیش قیمت ہیں اور میں ان کرم فرماؤں کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود اپنے مشوروں سے مجھے نوازا۔

مجھے امید ہے کہ موجودہ کتاب کو بھی ان سب اور دوسرے اہلِ نظر کی تنقیدات اور تجاویز سے مستفیض ہونے کا اعزاز ملے گا۔

ج، ع، واجد

☆☆

مقدمہ

کشف الالفاظ کی ایک بہترین مختصر جامع اور سلیس تعریف، آکسفورڈ انگلش ڈکشنری نے ان الفاظ میں دی ہے:

"کسی کتاب میں اہم الفاظ کی ایک الفبائی تنظیم، معہ اِس حوالے کے کہ یہ الفاظ متن میں کہاں آئے" (۱)

کشف الالفاظ کی ایجاد خالص کلسیائی ضرورت، یعنی بائبل کے متن کو بار بار کھنگالنے، اور اس سے بار بار رجوع کے لئے ہوئی۔ بلکہ مشہور انگریزی لغت نویس، سیموئل جانسن، اپنی لغت میں کشف الالفاظ کی تعریف بائبل کے حوالے سے ہی کرتا ہے۔ (2)

چنانچہ ایک بیان کے مطابق کسی بھی زبان میں دنیا کا پہلا کشف الالفاظ بائبل کا ہی ہے، جسے کارڈنل ہوگو (یا، ہو گوڈی سینٹ کارو) متوفی 1262 نے مدون کیا۔ ادب میں غالباً سب سے پہلا کشف الالفاظ شیکسپیر کا تھا جو مسز سی، کلارک نے مرتب کیا۔ خالص شاعری کا اولین کشف الالفاظ (غالباً) الفرڈ ٹینی سن کا تھا جو ڈی، بی، برائٹ ویل نے 1869 میں ترتیب دیا۔ (3)

چنانچہ ایک کشف الالفاظ کا بنیادی مقصد تو یہ ہی ہوتا ہے کہ وہ بتلائے کہ متعلقہ متن میں کوئی لفظ کہاں کہاں آیا، لیکن علم میں ترقی اور تنوع کے ساتھ کشف الالفاظ کے استعمالات اور مقاصد میں بھی تبدیلی آئی۔ چونکہ کشف الالفاظ کی بنیاد متعلقہ متن کی مکمل تحلیل اور ردِ تشکیل پر ہوتی ہے، اس لئے اِن تنقیدات اور مطالعوں میں جن میں

ردِ تشکیل یا تحلیل مضمون کا استعمال ہوتا ہے، کشف الالفاظ خام مواد مہیا کرسکتا ہے اور ر
ایک زود شمار کا کردار ادا کرسکتا ہے۔

اس طرح کلامِ غالبؔ کے مختلف لسانیاتی، صوتیاتی، اور لفظیاتی مطالعوں میں کشف الالفاظ کی اہمیت واضح ہوگی۔ میں یہاں صرف ایک مثال پر اکتفا کروں گا۔ پروفیسر بوسانی نے غالبؔ پر اپنے ایک فکر انگیز مضمون (4) میں اشارہ کیا ہے کہ اگر کلامِ غالبؔ کے کلیدی الفاظ کی ایک شماریاتی فہرست مرتب کی جائے تو غالب اور ہم عصر (اور دوسرے ادوار کے) شعراء کے کلام میں موتیف (مرکزی تصور، موضوع اصل) کا ایک دل چسپ تقابلی مطالعہ ہو سکتا ہے۔ حالانکہ یہ موجودہ کتاب کے موضوع کے احاطے اور میرے دائرے استعداد سے باہر ہے، لیکن میں ضمناً عرض کرنے کی جرأت کروں گا کہ کشف کی ترتیب کے دوران میں نے محسوس کیا کہ غالبؔ کے غیر متداول کلام میں بعض ایسے ستعارے، علامتیں اور تلازمے آئے ہیں (مثلاً آئینہ/آئینہ بندی؛ دیدۂ بسمل/ دیدۂ نخچیر؛ طاوس/ بیضۂ طاوس/ بیضۂ طاوس خلوتاں) جو متداول کلام میں، کم از کم ان معنی اور مفہوم میں نہیں ملتے۔ ظاہر ہے یہ ایک سرسری تاثر ہے اور اس پر دِقّتِ نظر سے تحقیق و مطالعے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح اگر غالبؔ کے غیر متداول اور متداول کلام کی صوتیات، لفظیات اور پیکر تراشی وغیرہ کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو یقیناً کلامِ غالبؔ کے کئی نئے گوشے __ بالخصوص غیر متداول اور متداول کلام کے حوالے سے __ روشن ہوں گے۔ ان سب (اور ایسے ہی بہت سے دیگر) مطالعوں میں موجودہ کشف الالفاظ اور کشف الالفاظ متداول دیوانِ غالبؔ خام مواد مہیا کرنے میں مدد ہو سکتے ہیں۔ موجودہ کشف الالفاظ میں میں نے محض نمونے کے طور پر کچھ ایسے الفاظ کا جو موجودہ کشف میں 25 یا اس سے زائد بار آئے ہیں متداول دیوان سے ایک تقابلی گوشوارہ دیا ہے۔ یہ ایک محض تجرباتی اور لہٰذا قطعی ناتمام کوشش ہے۔ میرا اس گوشوارے دینے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ واقف کاروں کی توجہ

اس طرف مبذول کراؤں۔

کشف الالفاظ عام طور پر دو تکانیک (یا طریقوں) سے مرتب کیا جاتا ہے۔ فنِ کتابداری کی جارگن میں ایک کو نمایہ دروں بافتن (Key word Index in Context مختصراً KWIC) اور دوسرے کو نمایہ بیروں بافتن (Key word out of Context مختصراً KWOC) (5) کا نام دیا گیا ہے۔ اول الذکر تکنیک (KWIC) میں لفظ اپنے پورے، ماسبق کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔ مثلاً اس تکنیک میں موجودہ متن میں ''لفظ' آبادی'' کا اندراج یوں ہوگا:

آبادی

کے ہے ___ صحرا، ہجومِ خانہ بردوشاں	195.5.2
نگہ' معمارِ حسرت ہا' چہ ___ ؟ چہ ویرانی ؟	258.3.1
غبارِ راہِ ویرانی ہے ملکِ دل کی ___	369.5.2

(اس اندراج میں لمبا ڈیش لفظ'' آبادی'' کے لئے ہے)

دوسرا طریقے (یعنی' نمایہ بیروں بافتن' یا KWOC) میں اندراج میں لفظ کا صرف متنی حوالہ دیا جاتا ہے۔ اس طریقے کے تحت' لفظ'' آبادی'' کا اندراج یوں ہوگا۔

آبادی

195.52;258.3.1;369.5.2

پہلے طریقے (نمایہ دروں بافتن' KWIC) کے تین فوائد ہیں:

اول' چونکہ اس میں لفظ کا اندراج معہ، ماسبق کے ہوتا ہے، اس لئے' قاری مطلوبہ متن تک' تقریباً براہ راست پہنچ جاتا ہے۔

دوم' کئی تراکیب (مثلاً موجودہ متن میں '' بے بال و پر'') جن کے اندارج میں دوسرے طریقے (نمایہ بیروں بافتن، یا KWOC) میں کافی دشواری آتی ہے، اس طریقے میں بنا کسی دقت کے درج ہو سکتی ہیں، کیونکہ یہاں ترکیب کا ہر لفظ ('' بے'' بال' اور'' پر'')

معہ، سبق آتا ہے' اس لئے اندراج ترکیب کے کسی بھی لفظ ("بے"، "بال"، "پر") کے تحت ہو، ماسبق کی وجہ سے' قاری کو مطلوبہ متن تک رسائی میں کوئی مشکل نہیں ہوتی۔

سوم' اگر کمپیوٹر کا مناسب پروگرام دستیاب ہو' تو کشف الالفاظ کی تدوین میں کاشف کو نسبتاً سہولت رہتی ہے۔ کم از کم جسمانی مشقت میں کمی ہو جاتی ہے۔

جب ایک دفعہ جو لفظ کشف میں داخل ہونا ہیں اُن کی نشاندہی کر دی جائے اور اندراج کا خاکہ (نقشہ) متعین کر دیا جائے تو کمپیوٹر منتخب الفاظ کو چھانٹ کر ان کے تحت متن کی ترتیب طے کردہ (ڈیزائن) نقشہ کے مطابق خود بخود کر دیتا ہے۔ تاہم یہ عمل اتنا آسان نہیں جتنا سننے میں معلوم ہوتا ہے۔ کمپیوٹر کا پروگرام متن کی نوعیت اور قارئین کی ضروریات کو ملحوظ رکھ کر بنانا پڑتا ہے۔ اس میں کافی ذہنی کاوش اور وقت صرف ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ہارورڈ یونیورسٹی نے جب شیکسپیر کا کشف الالفاظ مرتب کیا تو اس کو خاطر خواہ کمپیوٹر کا پروگرام وضع کرنے میں تقریباً دس سال لگ گئے۔

اردو میں، تا ایں دم کمپیوٹر کا اس قسم کا کوئی پروگرام یا دستور موجود نہیں۔ اس لئے کشف الالفاظ کی تدوین کا پورا کام ہاتھ سے انجام دینا پڑتا ہے۔ ایسے میں اول الذکر (دروں یافتن' یعنی لفظ کا ماسبق اندراج) طرز پر کشف الالفاظ مرتب کرنا انسانی قدرت سے تقریباً باہر ہے۔ مثال کے طور پر اگر موجودہ کشف الالفاظ میں یہ طریقے اپنایا جاتا تو مجھے ایک مصرع کم و بیش اٹھارہ ہزار مختلف طرح ہاتھ سے لکھنا پڑتا!

اردو میں کشف الالفاظ کی تدوین میں ایک اور مسئلہ درپیش آتا ہے۔ بیشتر مغربی کلاسکی کتب میں متن کی ترتیب متعین ہوتی ہے۔ خواہ وہ افلاطون کے مکالمے ہوں، یا کانٹ کی تنقید عقل محض، یا شکسپیر کے سانیٹ، حوالے میں پیراگراف (یا بند) اور سطر (یا شعر) کا نمبر کافی ہوتا ہے۔ اردو میں ایسا نہیں۔ غالب کی ایک ہی غزل دیوان کے ایک ایڈیشن میں 14 نمبر پر ملے گی، دوسرے میں 26 پر' اور تیسرے میں 45 پر! ایسے میں ضروری ہو جاتا ہے کہ کشف الالفاظ کا ہمراہ متعلقہ متن بھی دیا

جائے۔ اس سے کاشف کا کام اور ذمہ داریٔ اور کتاب کی ضخامت بڑھ جاتی ہے۔ ویسے جہاں تک غالبؔ کے غیر متداول کلام کا معاملہ ہے، یہاں صورت حال بالکل مختلف ہے۔ ایسا کوئی ایڈیشن دستیاب نہیں جس میں غالبؔ کی تمام غیر متداول غزلیات مل جائیں۔ قریب ترین کتاب نسخۂ عرشی (7) ہے۔ لیکن اول تو یہ اشاعت سے باہر اور نایاب ہے، دوسرے اس میں غیر متداول کلام تین حصوں میں (گنجینۂ معنی، یادگارِ نالہ، اور بادآورد) میں بٹا ہے اور ہر حصے میں غزلوں کی ردیف وار ترتیب الگ ہے۔ گویا ایسا کوئی متن دستیاب نہیں جس میں غیر متداول غزلیات ردیف وار ایک سلسلے میں دی ہوں۔ چنانچہ کشف کے ساتھ یہاں متعلقہ متن (یعنی غیر متداول غزلیات) دینا ناگزیر ہو گیا۔

اس طرح یہ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصے میں متن (اور اُس سے متعلق اشاریہ جات وغیرہ ہیں)۔ اور دوسرے میں اس متن کا کشف الالفاظ ہے۔

متن والے حصے میں غالب کی وہ تمام غزلیات ہیں، جو ان کے متداول دیوان میں شامل نہیں، اور جن کو غالبؔ کی غیر متداول غزلیات سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ان سب غزلیات پر شروع سے لیکر آخر تک ایک سلسلے میں نمبر شمار درج ہے۔ غزلیات کے علاوہ ہر غزل کے اشعار پر بھی الگ سے نمبر شمار لگایا گیا ہے۔ متن میں کل غزلیات کی تعداد 391 ہے۔ قاری کی سہولت کے لئے سرِ صفحہ جس غزل اور شعر نمبر سے وہ صفحہ شروع اور ختم ہوتا ہے، درج ہے۔

غزلیات کا متن بنیادی طور پر، نسخۂ عرشی پر مبنی ہے (7) ہے۔ نسخۂ عرشی کے علاوہ، نسخۂ حمیدیہ (8)، بیاضِ غالب (9)، دیوان غالبؔ کامل (10) ارمغان غالب (11) سے بھی جہاں ضروری ہوا ہے استفادہ کیا گیا ہے۔

متن میں غزل کی کل تعداد 391 ہے اور اشعار کی تعداد 1813 ہے۔

نسخۂ عرشی سے اس متن میں تین جگہ قدرے اختلاف کیا گیا ہے۔ اس کا اظہار ذیل میں کیا جاتا ہے:

(1) نسخۂ عرشی میں غزل نمبر 283 میں شعر 3

('واں سے ہے تکلیفِ عرضِ بے دماغی ہائے دل
یاں صریرِ خامہ' مجھ کو نالۂ جاں کاہ ہے)

کو اس بنا پر صحت نامے میں خارج کیا ہے۔ ''یہ شعر قافیے کی تبدیلی کے ساتھ بصورت مقطع اگلی غزل میں آیا ہے''۔ بدلا ہوا شعر (9) غزل (284) میں اس طرح ہے:

'' واں سے ہے تکلیفِ عرضِ بے دماغی' اور اسد
یاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے''

میری ناقص رائے میں شعر کو خارج کرنے کا کوئی معقول یا مدلل جواز نہیں۔ کیونکہ اول تو دونوں اشعار کی زبان میں بین فرق ہے، دوسرے، متداول دیوان میں غالب نے ایک ہی مصرعے (''بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل'') کو دو الگ الگ اشعار

('' بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل
کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا '')

اور

('' ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل
بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل'')

میں باندھا ہے۔ جب یہ دو اشعار متداول دیوان میں برقرار رکھے گئے تو شعر زیر بحث خارج کرنے کا کوئی منطقی جواز نہیں۔ لہٰذا اس شعر کو موجودہ متن میں قائم رکھا گیا ہے۔

(2) غزل نمبر 272، شعر 2

مصرع اول (''روئے شش جہت آفاق چشم رنداں ہے'') میں عجب مسئلہ ہے۔ یہاں نسخۂ عرشی کے متن میں لفظ ''رنداں'' ہے، جس کو صحت نامہ میں ''زنداں'' کیا گیا

ہے۔دل چسپ بات یہ ہے کہ اسی شعر کے حاشیہ میں نسخۂ حمیدیہ کے حوالے سے ''زنداں'' کو ''سہو کاتب'' بتایا گیا ہے اور ''رنداں'' کو قائم رکھا گیا ہے۔ مستزاد یہ کے نسخۂ عرشی کے پہلے ایڈیشن میں ''زنداں'' کو صحت نامے میں ''رنداں'' کیا گیا ہے۔

(3) کچھ ایسا ہی معاملہ غزل نمبر 374، شعر نمبر-1، مصرع اوّل میں ہے۔

''نقشِ سطرِ صد تبسم ہے برآبِ زیر گاہ'' یہاں معنی اور مفہوم کے لحاظ سے لفظ گاہ'' سہو کتابت لگتا ہے اور صحیح لفظ ''کاہ'' معلوم ہوتا ہے۔ اس قیاس کی توثیق اس سے ہوتی ہے کہ عرشی کہ بقول یہ مصرع بیاضِ غالبؔ سے نقل ہے اور وہاں صحیح لفظ ''کاہ'' ہی ہے۔

مندرجہ بالا دونوں صورتوں میں میں نے یہ ہی مناسب سمجھا کہ دہرا اندراج۔ یعنی ''رنداں'' اور ''زنداں''؛ ''کاہ'' اور ''گاہ'' __ کیا جائے۔

املا اور رسم الخط کے سلسلے میں موجودہ متن میں عرشی سے دو معاملوں میں اختلاف کیا گیا ہے۔ ایک' عرشی میں اکثر جگہ لفظ ''نہ'' اگلے لفظ کے ساتھ ملا کر لکھا گیا ہے۔ مثلاً ''نکی''، ''ندی''، ''نپوچھ''۔ موجودہ متن میں حتی الوسع ان دونوں الفاظ کو الگ الگ لکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دوسرے، عرشی میں بعض جگہ دو چشمی ھ کا استعمال فارسی لفظ میں کیا گیا ہے۔ ''دھن'' (دہن) ''دھر'' (دہر)۔ موجودہ متن میں ان الفاظ میں ہائے ہوز کا استعمال بہتر سمجھا گیا ہے۔

متن کے شروع میں ایک فہرست ''فہرستِ غزلیات'' دی گئی ہے' تا کہ قاری کو ایک نظر میں معلوم ہو جائے کہ کون کون سی غزلیات اس متن میں شامل ہیں۔

نیز دو اشاریے __ ایک غزلیات کا ردیف وار' اور دوسرا' مصرع ہائے اولی کا __ بھی دیے گئے ہیں۔ غزلیات کا ردیف وار اشاریہ ایک تجربہ کے طور پر ''کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ'' میں پہلی بار دیا گیا تھا۔ مجھے خوشی ہے کہ قارئین میں یہ پسند کیا گیا۔ بلکہ بعض کتب میں اس تتبع کا بھی کیا گیا، جو میرے لئے باعثِ اعزاز ہے، کیونکہ کسی عمل کی نقل اس کی بہترین تعریف ہوتی ہے۔

ایک تیسرا اشاریہ غزلیات کا بہ اعتبارِ سنین ہے۔ تجزیاتی مطالعوں میں زمانی پہلو کی اہمیت واضح ہے۔ مثال کے طور پر کلام غالبؔ کا ایک مستند تاریخی تعین ان کے شعری ارتقا سمجھنے کے لئے ضروری ہے۔ نیز ایک ایسا زمانی تجزیہ ہمیں یہ سمجھنے میں بھی مدد دیگا کہ ان کی شاعری کے مختلف ادوار میں عصری سماجی و تاریخی حالات اور خود ان کے ذاتی تجربات کس طرح اور اور کس حد تک ان کی شاعری پر اثر انداز ہوئے۔ موجودہ اشاریہ اس امید سے دیا گیا ہے کہ شاید اس سلسلے میں کچھ مدد کر سکے۔

علاوہ ازیں موجودہ متن کے حوالے سے یہ اشاریہ ایک اور طرح باعثِ دل چسپی ہو سکتا ہے۔

عام طور پر غالبؔ کے غیر متداول اور متداول کلام کا فرق زمانی اعتبار سے کیا جاتا ہے۔ اور خیال کیا جاتا ہے کہ غیر متداول کلام ان کی ابتدائی عمر اور متداول کلام بعد کی زندگی کا ہے۔ تاہم اگر موجودہ اشاریہ میں سن وار غزلیات اور اشعار کی تعداد کا ہم اسی طرح کے متداول کلام کے اعداد سے موازنہ کریں، تو محسوس ہوتا ہے کہ اس طرح کا زمانی فرق کلی طور پر تسلی بخش نہیں۔ کیونکہ اس میں شک نہیں غیر متداول کلام کا بڑا حصہ غالبؔ کی شاعری کے ابتدائی سالوں کا ہے لیکن خود متداول کلام کا تقریباً 45 فیصدی اسی دور کا ہے۔ چنانچہ غیر متداول اور متداول کلام میں فرق کے لئے زمانی پہلو کے علاوہ ہمیں کچھ اور عناصر کو بھی ڈھونڈنا ہوگا۔ گویا غالب کی شاعری کا یہ ایک اور گوشہ ہے جو مزید تحقیق و تفحص کا طالب ہے۔

کتاب کا دوسرا حصہ مذکورہ متن کے کشف الالفاظ پر مشتمل ہے۔ حصہ خود دو حصوں میں منقسم ہے پہلا حصہ متعلق بہ غیر افعال ہے اور دوسرا متعلق بہ افعال۔ یہ تقسیم اس لئے ضروری ہے کیونکہ کشف الالفاظ میں غیر افعال کا اندراج براہِ راست ہوتا ہے، جبکہ افعال کا اندراج بالواسطہ، یعنی مصدر کے تحت ہوتا ہے۔

(مزید تفصیل کے لئے توضیع کشف الالفاظ حصہ دوم سے رجوع کریں۔)

یوں تو شاید نظریاتی اعتبار سے کشف الالفاظ میں متن کا ہر لفظ شامل ہونا

چاہئے۔ کیوں کہ ایک استعمال کنندہ خیالی طور پر کسی بھی لفظ سے متن میں حوالہ ڈھونڈ سکتا ہے۔ تاہم ایسا کرنا اگر عملی طور پر ممکن بھی ہو، عقلی اعتبار سے دل خواہ نہیں کیوں کہ کشف الالفاظ میں غیر ضروری الفاظ کی بہتات ضروری حوالوں کی تلاش میں الٹی مزاحم ہوگی۔ چنانچہ کشف الالفاظ میں کچھ الفاظ اندراج سے چھوڑ دیے جاتے ہیں۔ عام طور پر یہ ضمائر عطف، اور صلہ کے الفاظ ہوتے ہیں جن کی حیثیت قواعدی اجزا کی ہے، یعنی ان الفاظ کی اہمیت دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر ہی ہوتی ہے۔ تاہم ایسا کوئی کلیہ نہیں جس کی رو سے ایسے الفاظ کی ایک جامع اور کامل فہرست تیار کی جا سکے جنہیں کشف الالفاظ سے باہر رکھا جائے۔ ان کا تعین زبان کے مزاج، متن کی نوعیت، قاری کی امکنہ ضرورت، اور خود کاشف کی سوجھ بوجھ پر منحصر ہے۔ اور ان الفاظ کا اظہار، اصول نہیں بلکہ ایک نمایندہ فہرست سے ہی ہو سکتا ہے۔ چنانچہ کشف الالفاظ سلسلہ اول کے شروع میں ایک ایسی فہرست دی گئی ہے۔

املائی اختلاف اور حذفِ حروف کے معاملے میں، پچھلے کشف الالفاظ یعنی کشف الالفاظ دیوانِ غالبؔ کے مقابلے میں زیادہ آزادانہ رویہ برتا گیا ہے اور اکثر مختلف الاملا الفاظ کا اندراج الگ الگ ہے۔

جمع کے سلسلے میں اردو کے قاعدے پر بنی جمع مثلاً ''غافلوں''، ''آہیں'') کا اندراج واحد (یعنی ''غافل''؛ ''آہ'') کے تحت کیا گیا ہے۔

اگر جمع عربی قاعدے پر بنی ہے (جیسے کرم کی جمع اکرام، عضو کی جمع اعضا) تو واحد اور جمع کا اندراج الگ الگ ہوا ہے اور جہاں ضروری ہوا ہے وہاں مناسب حوالہ بھی دے دیا گیا ہے۔ جہاں جمع فارسی کے قاعدے پر ''ہا''؛ ''ان'' یا ''گان'' لگا کر بنائی گئی ہے وہاں بھی اندراج واحد اور جمع کا الگ الگ ہوا ہے جیسے ''چشم'' اور ''چشم ہا''؛ ''دشمن'' اور دشمناں''؛ ''آزردہ'' اور ''آزردگان''۔

مرکب الفاظ کے اندراج میں اگر سابقہ یا لاحقہ الگ الگ استعمال نہیں ہوتے، مثلاً ''ہم

دم''؛'' ہنر مندی'')، یا سابقہ یا لاحقہ بنیادی لفظ کے ساتھ ایسے ضم ہو گئے ہیں کہ ایک لفظ کی حیثیت اختیار کر لی ہے (مثلاً باوجود) یا نئے معنی اختیار کر لئے ہیں (مثلاً آئینہ بندی''؛''گل گیر''؛نعل واژگوں'') تو ان کا اندراج ایک لفظ کے طور پر ہوا ہے۔

اندراج میں ہر لفظ کے حوالے میں غزل، شعر اور مصرع کا نمبر دیا گیا ہے۔

قارئین کی سہولت کے لئے سرِ صفحہ جس غزل اور شعر سے صفحہ شروع اور ختم ہوتا ہے۔ دیدیا گیا ہے۔

ہر لفظ کے اندراج کے آخر میں تمام حوالوں کے بعد، اس لفظ کی تحلیل اماری (شماریاتی تجزیہ) دیا گیا ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ وہ لفظ کتنی بار متن میں آیا؛ اس کا نزولی ترتیب میں کیا مقام ہے؛ جتنی بار وہ لفظ متن میں آیا ہے وہ کل اندراج کا کتنا فیصد ہے؛ وہ لفظ کتنی غزلوں میں آیا ہے؛ یعنی اس کا متن میں '' پھیلاؤ'' کتنا ہے؛ اور جتنی غزلوں میں وہ لفظ آیا ہے وہ اس لفظ کے کل اندراج کا کتنے فی صد ہے۔ نزولی ترتیب میں متن میں سب سے زیادہ آنے والے لفظ (اندراج) کا اول رتبہ ہے اور سب سے کم آنے والے لفظ (اندراج) کا آخری رتبہ ہے۔ کشف الالفاظ کے اس حصے کے آخر میں نزولی ترتیب کا ایک گوشوارہ بھی دیا گیا ہے۔ جو اوپر کی بات واضح کرتا ہے۔

کشف الالفاظ کا دوسرا حصہ افعال سے متعلق ہے۔ یہاں پہلے اندراج والے فعل کا مصدر دیا گیا ہے۔

اس کے ذیل الفبائی ترتیب میں اس فعل کے وہ سب اشتقاقات درج ہیں جن الفبائی سے کا اندراج کشف الالفاظ میں ہے۔ پھر اسی الفبائی ترتیب میں ہر اشتقاق کا اندراج متن میں اس کے حوالہ جات کے ہے۔

اشتقاق کے اندارج میں تکمیلی فعل (مثلاً آنا؛ پانا؛ چکنا؛ دینا؛ سکنا؛ لانا؛ کرنا؛ ہونا؛) جہاں یہ افعال بہ حیثیت تکمیلی افعال کے آئے ہیں چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ اور اندراج بنیادی فعل کے ماتحت ہوا ہے۔ مثلاً '' دے آیا''؛'' دے پایا''؛'' دے

چکا''؛ ''دے سکا'' کے اندراج میں آیا؛ پایا؛ چکا؛ ''سکا'' حذف کر دیئے گئے ہیں۔ اور اندراج ''دے'' میں ہے۔ ہر اشتقاق (اندراج) میں تمام حوالوں کے اختتام کے بعد، اس میں اشتقاق (اندراج) کی تحلیل اماری (شماریاتی تجزیہ) ہے۔ حصہ اول کے طرز پر تحلیل اماری میں بتایا گیا ہے کہ ایک اندراج (فعل) متن میں کل کتنی بار آیا؛ نزولی ترتیب میں اس اندراج کا (فعل) کا کیا رتبہ ہے؛ کشف کے اس حصے کے کل اندراجات (فعل) کا فیصد کیا ہے؛ اندراج (فعل) کتنی غزلیات میں آیا ہے؛ اور جتنی غزلوں وہ اندراج (فعل) آیا ہے اس کا اندراج جتنی بار متن میں آیا ہے، کیا فیصد ہے۔ (مزید وضاحت کے لئے توضیح، کشف الالفاظ حصہ دوم 'متعلق افعال' سے رجوع کریں)

کتاب کے تینوں حصوں ــــ حصہ متعلق متن، حصہ متعلق کشف الالفاظ غیر افعال، اور حصہ متعلق کشف الالفاظ افعال کے آغاز میں اُس حصے کی بابت توضیح دی گئی ہے۔ اس میں ایک ایک چیز کو ــــ تکرار کے الزام کی پروا کیے بنا۔ بڑی تفصیل اور وضاحت اور جہاں ضروری ہوا ہے مثالوں کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ تاکہ قاری کو اس حصے کے استعمال میں کتاب کے کسی دوسرے حصے یا مقدمے سے رجوع نہ کرنا پڑے۔

اردو املا کی غیر یکسانیت ملحوظ رکھتے ہوئے پوری کتاب میں الفبائی ترتیب میں ''لفظ بلفظ اصول کے بجائے ''حرف با حرف'' ترتیب کا اصول اپنایا گیا ہے۔ مناسب مقام پر اس کی وضاحت معہ مثال کر دی گئی ہے۔

کتاب میں حوالوں کے معاملے میں بڑی فراخ دلی سے کام لیا گیا ہے۔ میرا عقیدہ ہے ایک استعمال کنندہ کی معمولی سہولت کو میری محنت اور کاغذ کی بچت پر فوقیت ہے۔ ایک غیر ضروری حوالے کا ہونا ایک ضروری حوالے کے چھوٹ جانے سے کہیں بہتر ہے اور اس معاملے میں افراط سے تفریط مرجح ہے۔

☆☆

حواشی (مقدمہ)

1-"An alphabetical arrangement of principal words contained in a book, with citations of passages in which they occur,"

(Oxford English Dictionary,2nd ed. Prepared by J.A. Simpson and E.S.C. Weiner. Oxford, Clarendon Press, 1989.)

2-" A book which shows in how many texts of scripture any word occurs."

(Johnson, Samuel: A Dictionary of English language in which words are deduced from their originals, and illustrated in their different significations by examples from the best writers.To which is prefixed a history of language, and an English grammar. 2v London. 1755.)

3 - کشف الالفاظ کی سب سے مستند اور مبسوط تاریخ فرانسیسی ڈکشنری Dictionary dela Bible. Paris, Vigouroux, 1899 میں دی گئی ہے۔

4- A.B usani: "Ghalibs' Persian Poetry." In The Book The Famous Ghalib.London, Roli Book's,19003

5- میں ان ثقیل اصطلاحوں کے لئے معذرت خواہاں ہوں۔ لیکن اردو میں فن کتابداری کی اصطلاحات گذشتہ پینتیس برس سے تیار ہو رہی ہیں ابھی مکمل نہیں ہو پائی ہیں میں ان کا انتظار بھی نہیں کر سکتا تھا۔ لہذا مجبوراً ان فارسی اصطلاحات کا استعمال کیا جو "واژہ نامہ کتابداری ودکو مانتا سیون، تہران، مرکز اسناد و مدارک علمی 1983، " میں دی گئی ہیں۔

6- دیکھئے مقدمہ:

Harvard Concordance to Shakespeare. Compiled by Marvin Spevack. Com(Mass). Harvard University Press, 1973

7- دیوانِ غالب اردو، نسخۂ عرشی نقشِ ثانی، ترتیب، تصحیح' امتیاز علی خاں عرشی' دہلی' انجمن ترقی اردو (ہند) 1971 - آیندہ حوالوں میں اس کا حوالہ نسخۂ ''عرشی، یا'' عرشی'' سے دیا گیا ہے۔

8- دیوانِ غالب جدید، المعروف بہ نسخۂ حمیدیہ، معہ مقدمۂ دیوان (از) ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری، مرتبہ محمد انوارالحق، آگرہ، مفید عالم اسٹیم پریس، 1921

9- بیاض غالبؔ بخطِ غالبؔ (نقوش، غالب نمبر، حصہ دوم) لاہور، ادارۂ فروغ اردو، 1969

10- دیوانِ غالبؔ کامل (تاریخی ترتیب سے) مرتبہ کالی داس گپتا، رضاؔ، بمبئی، ساکار پبلشرز' 1988

11- شیخ محمد اکرام: ارمغان غالبؔ (غالبؔ کے اردو فارسی' مطبوعہ غیر مطبوعہ کلام کا انتخاب تاریخی ترتیب سے) بمبئی، تاج آفس' 1957

حصہ متن غیر متداول غزلیاتِ غالبؔ

و

اشاریہ جات

- ☆ توضیح
- ☆ فہرست غزلیات
- ☆ متن غزلیات
- ☆ اشاریہ غزلیات ردیف وار معہ سن بہ الفبائی ترتیب
- ☆ اشاریہ مصرع ہائے اولیٰ بہ الفبائی ترتیب، ردیف وار
- ☆ اشاریہ غزلیات، معہ تعداد اشعار بہ اعتبار سنین، ردیف وار، بہ الفبائی ترتیب

☆☆

توضیح

متن

1-اس متن میں غالبؔ کی وہ تمام غزلیات شامل ہیں جو ان کے متداول دیوان میں داخل نہیں ہیں۔ چنانچہ یہ غالبؔ کی غیر متداول غزلیات سے موسوم ہیں۔

2-ان غزلیات کا متن بنیادی طور پر نسخۂ عرشی پر مبنی ہے۔

3- نسخۂ عرشی میں یہ مندرجہ ذیل تین حصوں کے تحت درج ہیں:

(I) گنجینۂ معنی

اس میں وہ تمام غزلیات ہیں جو نسخۂ بھوپال (قلمی 1821) اور نسخۂ شیروانی (1826) میں موجود ہیں لیکن دیوانِ غالب (مرتبہ 1833) سے خارج کردی گئیں

(II) یادگارِ نالہ

اس حصے میں وہ غزلیات ہیں جو دیوانِ غالبؔ کے کسی نسخہ کے متن میں نہیں، لیکن بعض نسخوں کے حواشی یا خاتمے میں، یا مرزا کے خطوط کے اندر ہیں یا ان کے نام سے دوسروں کی مرتبہ بیاضوں میں درج ہیں۔ یا پھر مختلف اوقات میں رسائل میں چھپ کر منظرِ عام پر آئیں۔

(III) بادآورد

اس حصے میں وہ غزلیات ہیں جو بیاض غالبؔ بہ خطِ غالبؔ میں دریافت ہوئیں۔

4۔ان غزلیات کی کل تعداد 391 ہے اور کل اشعار کی تعداد 1813 ہے۔

5۔متن میں شامل غزلیات کی ایک فہرست، ردیف وار، متن کے آغاز میں دے دی گئی ہے۔

6۔ متن میں تمام غزلیات پر ایک سلسلے میں نمبر (1) سے لے کر نمبر 391 تک نمبر شمار درج ہے۔

7۔ ہر غزل کے اشعار پر بھی سلسلہ وار نمبر شمار درج ہے۔

8۔ جس غزل اور شعر سے صفحہ شروع اور ختم ہوتا ہے، وہ غزل شعر نمبر، سر صفحہ بائیں کونے میں درج ہے۔

اشاریہ جات

1-اس حصے میں، متن کے آخر میں مندرجہ ذیل اشاریے درج ہیں۔:

(الف) اشاریہ غزلیات، معہ سن، ردیف وار، بہ الفبائی ترتیب

(ب) اشاریہ مصرع ہائے اولی، بہ الفبائی ترتیب، ردیف وار

(ج) اشاریہ غزلیات، بہ اعتبارِ سنین، ردیف وار، بہ الفبائی ترتیب

2-اشاریہ غزلیات، معہ سن، ردیف وار، بہ الفبائی ترتیب

2.1 اشاریہ کی ترتیب ردیف وار ہے۔

2.2 ردیف کی تمام غزلیات کو ردیف کے لفظ کے اعتبار سے الفبائی اصول کے مطابق ترتیب دی گئی ہے۔ مثلاً:

بے کسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا

کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا، غبار اپنا

معلوم ہو، خبر کہ ٹھینگا باجا

2.3 اشتراک صورت میں ردیف کے لفظ سے پیشتر کے لفظ سے فرق کیا گیا ہے،

مثلاً:

آیا

پسند آیا

تاثیر آیا

سپند آیا

2.4 مزید اشتراک کی صورت ردیف کے لفظ سے پیشتر کے دوسرے لفظ سے فرق کیا گیا ہے:

مثلاً

میں

جلتا ہوں میں

نہیں ہوں میں

2.5 اشاریہ میں ترکیب اندراج حسب ذیل ہے:

جس لفظ سے ترتیب دی گئی ہے وہ پہلی سطر میں جلی قلم سے دیا گیا ہے۔

دوسری سطر میں، فاصلہ بندی کے بعد (یعنی جگہ چھوڑ کر) غزل کے پہلے شعر کا مصرع ثانی (جو ترتیب کی بنیاد ہے)، دیا ہے۔ مثلاً:

آشنا

بے کسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا

2.6 اشتراک کی صورت میں پہلی سطر میں، جلی قلم سے ردیف کا لفظ درج ہے۔ دوسری سطر میں، فاصلہ بندی کے بعد، جس لفظ سے فرق کیا گیا ہے وہ درج ہے، اور تیسری سطر میں، فاصلہ بندی کے بعد، غزل کے پہلے شعر کا مصرع ثانی درج ہے۔ مثلاً:

آیا

__، پسند،

خرامِ نازِ بے پروائیِ قاتل پسند آیا

__، تاثیر،

نالہ بر خود غلط شوخی تاثیر آیا

2.7 حوالے کے اندراج کے شروع میں ایک ستارہ (×) بنا ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ غزل نسخۂ عرشی میں ''یادگار نالہ'' میں، اور جس اندراج کے شروع میں دو ستارے

(××) بنے ہیں، وہ نسخہ عرشی میں ''یادآورد'' میں درج ہے۔

باقی سب غزلیات نسخۂ عرشی میں ''گنجینۂ معنی'' کا حصہ ہیں۔

3۔ اشاریہ مصرع ہائے اولیٰ بہ الفبائی ترتیب ردیف وار

3.1 یہاں بھی غزلیات کی ترتیب ردیف وار ہے۔

3.2 ترتیب کی بنیاد غزل کے پہلے شعر کا مصرع اوّل ہے۔

3.3 ہر ردیف میں تمام غزلیات کو غزل کے پہلے شعر کے پہلے مصرعے کے پہلے لفظ کے اعتبار سے الفبائی ترتیب میں رکھ دیا گیا ہے۔ مثلاً:

''ردیف الف''

اسدؔ افسردگی آوارۂ کفر و دیں ہے

بت پرستی ہے بہارِ نقش بندی ہائے دہر

پیری میں بھی کمی نہ ہوئی تاک جھانک کی

3.4 اشتراک کی صورت میں مصرعے کے دوسرے لفظ سے فرق کیا گیا ہے۔ مثلاً:

بسانِ جوہرِ آئینہ از ویرانیِ دل ہا

بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے، زبانِ ایجاد

3.5 ترتیب اندراج حسب ذیل ہے:

مصرع کے جس لفظ سے ترتیب دی گئی ہے وہ جلی قلم سے درج ہے، اس کے بعد کچھ فاصلہ دے کر باقی مصرع درج ہے۔ مثلاً:

اسدؔ افسردگی آوارۂ کفر و دیں ہے۔

اس طرح ترتیب کا لفظ فوراً نظر آجاتا ہے۔

3.6 اشتراک کی صورت میں ترتیب کا لفظ پہلی سطر میں جلی قلم سے دیا گیا ہے۔ پھر وہ سطر چھوڑ کر دوسری سطر میں فاصلہ بندی (خط کشید) کے بعد باقی مصرع دیا گیا ہے۔ مثلاً:

بسان،

___، جوہرِ آئینہ از ویرانیِ دل ہا

ــــ ،سبزہ رگِ خواب ہے زبانِ ایجاد

3.7 اندراج کے حوالے میں غزل کا نمبر (جو سرِ صفحہ درج ہے) اور اس غزل کی تعدادِ اشعار دی گئی ہے۔ مثلاً:

اسد افسردگی آوارۂ کفر دیں ہے 1 68

(یہاں غزل کا نمبر 68 اور غزل کے اشعار کی تعداد (1) ہے)

4۔ اشاریہ غزلیات' بہ اعتبارِ سنین' ردیف وار' بہ الفبائی ترتیب

اشاریہ میں ترتیب کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

4.1 غزل کا سن تصنیف سرِ فہرست دیا گیا ہے۔

4.2 سن تصنیف کے ذیل غزلیات ردیف وار مرتب ہیں

4.3 ہر ردیف کے اندر اس ردیف کی تمام غزلیات، غزل کے لفظ ردیف کے اعتبار سے الفبائی ترتیب میں درج ہیں مثلاً:

1816

ردیف الف

آیا

اپنا

باندھا

4.4 اشتراک کی صورت میں غزل کے پہلے شعر کے مصرع ثانی کے دوسرے لفظ سے فرق کیا گیا ہے۔ مثلاً:

کرے ہے خامشی احوال بے خوداں پیدا

دہانِ زخم میں آخر ہوئی زباں پیدا

اڑے رنگ گل، اور آئینہ دیوار ہو پیدا

4.5 اشاریہ کی ترکیب اندراج پہلے اشاریہ (''اشاریہ غزلیات' معہ سن' ردیف وار' بہ الفبائی) کے طرز پر ہے۔

☆☆

فہرستِ غزلیات

ردیف الف | صفحہ

ردیف "ب"

ردیف "ت"

ردیف "ث"

ردیف "ج"

ردیف "چ"

ردیف "ح"

ردیف "د"

ردیف "ر"

ردیف ''ز''

ردیف ''س''

ردیف ''ن''

ردیف "ہ"

ردیف "ے"

☆☆

غزلیات

ردیف ''الف''

(1)

شوخیِ نیرنگ، صیدِ وحشتِ طاؤس ہے   1   دام، سبزے میں ہے، پروازِ چمن تسخیر کا

لذتِ ایجادِ ناز، افسونِ عرضِ ذوقِ قتل   2   نعل، آتش میں ہے تیغِ یار سے، نخچیر کا

خشت پشتِ دستِ عجز و قالب آغوشِ وداع   3   پُر ہوا ہے سیل سے، پیمانہ کس تعمیر کا؟!

وحشتِ خوابِ عدم، شورِ تماشا ہے، اسد   4   جو مژہ جوہر نہیں آئینۂ تعبیر کا

(2)

جنوں گرم انتظار و نالہ بیتابیِ کمند آیا   1   سُویدا، تا بلب، زنجیریِ دودِ سپند آیا

مہِ اختر فشاں، کی بہرِ استقبال، آنکھوں سے   2   تماشا، کشورِ آئینہ میں آئینہ بند آیا

تغافل، بدگمانی، بلکہ میری سخت جانی سے   3   نگاہِ بے حجابِ ناز کو بیمِ گزند آیا

فضائے خندۂ گل تنگ و ذوقِ عیش بے پروا   4   فراغت گاہِ آغوشِ وداعِ دل، پسند آیا

عدم، ہے خیر خواہِ جلوہ کو زندانِ بیتابی   5   خرامِ ناز، برقِ خرمنِ سعیِ سپند آیا

(3)

سوادِ چشمِ بسمل، انتخابِ نقطہ آرائی   1   خرامِ نازِ بے پروائیِ قاتل پسند آیا

روانیہائے موجِ خونِ بسمل سے ٹپکتا ہے   2   کہ لطفِ بے تحاشا رفتنِ قاتل پسند آیا

ہوئی جس کو بہارِ فرصتِ ہستی سے آگاہی   3   برنگِ لالہ، جامِ بادہ بر محمل پسند آیا

اسد، ہر جا سخن نے طرحِ باغِ تازہ ڈالی ہے   4   مجھے رنگِ بہار ایجادیِ بیدل پسند آیا

(4)

عالم، جہاں بعرضِ بساطِ وجود تھا   1   جوں صبح، چاکِ جیب، مجھے تار و پود تھا

بازیِ خودِ فریب ہے، اہلِ نظر کا ذوق   2   ہنگامہ، گرمِ حیرتِ بود و نبود تھا

عالم، طلسمِ شہرِ خموشاں ہے سربسر   3   یا میں غریبِ کشورِ گفت و شنود تھا

(5)

1 تنگی رفیقِ رہ تھی، عدم یا وجود تھا — میرا سفر، بطالعِ چشمِ حسود تھا

2 تو یک جہاں قماشِ ہوس جمع کر، کہ میں — حیرت متاعِ عالمِ نقصان و سود تھا

3 گردشِ محیطِ ظلم رہا جس قدر، فلک — میں پایمالِ غمزۂ چشمِ کبود تھا

4 پوچھا تھا گرچہ یار نے احوالِ دل، مگر — کس کو دماغِ منتِ گفت و شنود تھا

5 خور، شبنم آشنا نہ ہوا، ورنہ میں، اسد — سر تا قدم گزارشِ ذوقِ سجود تھا

(6)

1 ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم، یارب؟ — ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا

2 بے دماغِ خجلت ہوں، رشکِ امتحاں تا کے؟ — ایک، بیکسی، تجھ کو عالم آشنا پایا

3 خاکبازیِ امید، کارخانۂ طفلی — یاس کو دو عالم سے لب بخندہ وا پایا

4 کیوں نہ وحشتِ غالب باج خواہِ تسکیں ہو؟ — کشتۂ تغافل کو خصمِ خوں بہا پایا

(7)

1 فکرِ نالہ میں، گویا، حلقہ ہوں ز سر تا پا — عضو عضو، جوں زنجیر، یک دلِ صدا پایا

2 شبِ نظارہ پرور تھا خواب میں خرام اُس کا — صبح، موجۂ گل کو نقشِ بوریا پایا

3 جس قدر جگر خوں ہو، کوچہ دادنِ گل ہے — زخمِ تیغِ قاتل کو طرفہ دلکشا پایا

4 ہے نگیں کی پاداری، نامِ صاحبِ خانہ — ہم سے، تیرے کوچے نے نقشِ مدعا پایا

5 نَے اسد جفا سائل، نے ستم جنوں مائل — تجھ کو جس قدر ڈھونڈھا، الفت آزما پایا

(8)

1 کارخانے سے جنوں کے بھی میں عریاں نکلا — میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا

2 ساغرِ جلوۂ سرشار ہے، ہر ذرۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا

3 کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں، لیکن آخر — جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا

4 کس قدر خاک ہوا ہے دلِ مجنوں، یارب! — نقشِ ہر ذرہ، سُویدائے بیاباں نکلا

(9)

1 شورِ رسوائیِ دل دیکھ کہ یک نالۂ شوق — لاکھ پردے میں چھپا، پر وہی عریاں نکلا

2 شوخیِ رنگِ حنا، خونِ وفا سے، کب تک؟ — آخر، اے عہد شکن، تو بھی پشیماں نکلا

3 جوہرِ ایجاد خطِ سبز ہے، خود بینیِ حسن — جو نہ دیکھا تھا، سو آئینے میں پنہاں نکلا

4 میں بھی معذورِ جنوں ہوں، اسد، اے خانہ خراب — پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا

(10)

نہوئی ہم سے رقم حیرتِ خطِ رخِ یار 1 صفحۂ آئینہ، جولانگہِ طوطی نہوا

وسعتِ رحمتِ حق دیکھ کہ بخشا جاوے 2 مجھ سا کافر کہ جو ممنونِ معاصی نہوا

(11)

شب اختر، قدحِ عیش نے محمل باندھا 1 بارِ یک قافلۂ آبلہ منزل باندھا

نُجمہ و ماندگیِ شوق، و تماشا منظور 2 جادہ پر، زیورِ صد آئینہ منزل باندھا

ضبطِ گریہ، گہرِ آبلہ لایا آخر 3 پائے صد موج، بطوفاں کدۂ دل باندھا

حیف اے تنگیِ تمنا، کہ پئے عرضِ حیا 4 یک عرقِ آئینہ، بر جبہۂ سائل باندھا

حسنِ آشفتگیِ جلوہ، ہے عرضِ اعجاز 5 دستِ موسیٰ بسرِ دعویِ باطل باندھا

تپش، آئینۂ پروازِ تمنا لائی 6 نامۂ شوق، ببالِ پرِ بسمل باندھا

دیدہ تا دل ہے یک آئینہ چراغاں، کس نے 7 خلوتِ ناز پہ پیرایۂ محفل باندھا

نا امیدی نے، بتقریبِ مضامینِ خمار 8 کوچۂ موج کو خمیازۂ ساحل باندھا

مطربِ دل نے مرے تارِ نفس سے، غالب 9 ساز پر رشتہ، پئے نغمۂ بیدلؔ، باندھا

(12)

ناتوانی ہے تماشائیِ عمرِ رفتہ 1 رنگ نے آئنہ آنکھوں کے مقابل باندھا

اصطلاحاتِ اسیرانِ تغافل مت پوچھ 2 جو گرہ آپ نکھولی، اُسے مشکل باندھا

نوکِ ہر خار سے تھا بسکہ سرِ دزدیِ زخم 3 جوں نمد، ہم نے کفِ پا پہ، اسد، دل باندھا

(13)

شب کہ ذوقِ گفتگو سے تیری دل بیتاب تھا 1 شوخیِ وحشت سے افسانہ فسونِ خواب تھا

لے زمیں سے آسماں تک فرش تھیں، بیتابیاں 2 شوخیِ بارش سے، مہ فوارۂ سیماب تھا

واں ہجومِ نغمہ ہائے سازِ عشرت تھا، اسد 3 ناخنِ غم، یاں سرِ تارِ نفس، مضراب تھا

(14)

دیکھتے تھے ہم بچشمِ خود وہ طوفانِ بلا 1 آسمانِ سفلہ جس میں یک کفِ سیلاب تھا

موج سے پیدا ہوئے، پیراہنِ دریا میں، خار 2 گریہ، وحشت بیقرارِ جلوۂ مہتاب تھا

جوشِ تکلیفِ تماشا، محشرستانِ نگاہ 3 فتنۂ خوابیدہ کو آئینہ مشتِ آب تھا

بیخبر مت کہہ ہمیں، بیدرد، خود بینی سے پوچھ 4 قلزمِ ذوقِ نظر میں آئنہ پایاب تھا

بیدلیہائے اسد، افسردگی آہنگ تر 5 یادِ ایامے کہ ذوقِ صحبتِ احباب تھا

(15)

رہ خوابیدہ، تھی گردن کشِ یک درسِ آگاہی 1 زمیں کو سیلیِ اُستاد ہے، نقشِ قدم میرا

سراغ آوارہ عرضِ دو عالم شورِ محشر ہوں 2 پرافشاں ہے غبار، آنسوے صحراے عدم میرا

نہو وحشت کشِ درسِ سرابِ سطرِ آگاہی 3 غبارِ راہ ہوں، بے مدعا ہے پیچ و خم میرا

ہواے صبح، یک عالم گریباں چاکیِ گل ہے 4 دہانِ زخم پیدا کر، اگر کھانا ہے غم میرا

اسد، وحشت پرستِ گوشۂ تنہائیِ دل ہوں 5 برنگِ موجِ مَے، خمیازۂ ساغر ہے، رم میرا

(16)

جہاں مٹ جاے سعیِ دید، خضر آبادِ آسایش 1 بجیبِ ہرنگہ پنہاں ہے، حاصل رہنمائی کا

بجزِ آبادِ وہمِ مدعا تسلیمِ شوخی ہے 2 تغافل کو نکر مغرور تمکیں آزمائی کا

اسد کا قصہ طولانی ہے، لیکن مختصر یہ ہے 3 کہ حسرت کش رہا عرضِ ستمہاے جدائی کا

(17)

ہوس گستاخیِ آئینہ، تکلیفِ نظر بازی 1 بجیبِ آرزو پنہاں ہے، حاصل دلربائی کا

نظر بازی، طلسمِ وحشت آبادِ پرستاں ہے 2 رہا بیگانۂ تاثیر، افسوں آشنائی کا

نیاپایا دردمندِ دوریِ یارانِ یک دل نے 3 سوادِ خطِ پیشانی سے، نسخہ مومیائی کا

اسد، یہ عجز و بیسامانیِ فرعون توأم ہے 4 جسے تو بندگی کہتا ہے، دعوا ہے خدائی کا

(18)

ہوں چراغانِ ہوس، جوں کاغذِ آتش زدہ 1 داغ، گرمِ کوششِ ایجادِ داغِ تازہ تھا

بینوائی تر صداے نغمۂ شہرت، اسد 2 بوریا، یک نیستاں عالم بلند آوازہ تھا

(19)

ہم نے وحشت کدۂ بزمِ جہاں میں، جوں شمع 1 شعلۂ عشق کو اپنا سر و ساماں سمجھا

(20)

ملی نہ وسعتِ جولانِ یک جنوں ہم کو 1 عدم کو لے گئے دل میں غبارِ صحرا کا

مراشمول ہر اک دل کے پیچ تاب میں ہے 2 میں مُدّعا ہوں تپش نامۂ تمنا کا

(21)

کس کا خیال، آئینۂ انتظار تھا؟ 1 ہر برگِ گل کے پردے میں دل بیقرار تھا

کس کا جنونِ دید، تمنا شکار تھا؟ 2 آئینہ خانہ، وادیِ جوہر غبار تھا

جوں غنچہ و گل، آفتِ فالِ نظر نہ پوچھ 3 پیکاں سے تیرے، جلوۂ زخم، آشکارا تھا

دیکھی وفائے فرصتِ رنج و نشاطِ دہر 4 خمیازہ، یک درازیٔ عمرِ خمار تھا

صبحِ قیامت ایک دُمِ گرگ تھی، اسد 5 جس دشت میں وہ شوخِ دو عالم شکار تھا

(22)

زبس خوں گشتۂ رشکِ وفا تھا، وہم بسمل کا 1 چرایا زخمہائے دل نے پانی تیغِ قاتل کا

نگاہِ چشمِ حاسد وام لے اے ذوقِ خود بینی 2 تماشائی ہوں، وحدت خانۂ آئینۂ دل کا

شررِ فرصت نگہ، سامانِ یک عالم چراغاں ہے 3 بقدرِ رنگ، یاں گردش میں ہے پیمانہ محفل کا

سراسر تاختن کو شش جہت یک عرصہ جولاں تھا 4 ہوا، واماندگی سے رہرواں کی، فرقِ منزل کا

مجھے راہِ سخن میں خوفِ گمراہی نہیں، غالب 5 عصائے خضرِ صحرائے سخن ہے، خامہ بیدل کا

(23)

شگفتن، کمیں گاہِ تقریب جوئی 1 تصور ہوں، بے موجب آزردگاں کا

غریبِ ستم دیدۂ باز گشتن 2 سخن ہوں، سخن بر لب آوردگاں کا

سراپا یک آئینہ دارِ شکستن 3 ارادہ ہوں، یک عالم افسردگاں کا

بصورت تکلف، بمعنی تاسف 4 اسد، میں تبسم ہوں پژمردگاں کا

(24)

ضعفِ جنوں کو، وقتِ تپش، در بھی دور تھا 1 اک گھر میں، مختصر سا بیاباں ضرور تھا

اے وائے غفلتِ نگہِ شوق! ورنہ یاں 2 ہر پارہ سنگ، لختِ دلِ کوہِ طور تھا

درسِ تپش ہے برق کو اب جس کے نام سے 3 وہ دل ہے یہ کہ جس کا تخلص صبور تھا

شاید کہ مر گیا ترے رخسار دیکھ کر 4 پیمانہ، رات، ماہ کا لبریزِ نور تھا

جنت ہے تیری تیغ کے کشتوں کی منتظر 5 جوہر سواد، جلوۂ مژگانِ حور تھا

ہر رنگ میں جلا اسدِ فتنہ انتظار 6 پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور تھا

(25)

بہارِ رنگِ خونِ گل ہے، ساماں اشکباری کا 1 جنونِ برق، نشتر ہے رگِ ابرِ بہاری کا

برائے حلِ مشکل، ہوں زپا افتادۂ حسرت 2 بندھا ہے عقدۂ خاطر سے پیماں خاکساری کا

بوقتِ سرنگونی ہے، تصور، انتظارستاں 3 نگہ کو آبلوں سے شغل ہے اختر شماری کا

اسد، ساغر کشِ تسلیم ہو، گردش سے گردوں کی 4 کہ ننگِ فہمِ مستاں ہے، گلہ بدروزگاری کا

(26)

1. طاؤس در رکاب ہے، ہر ذرہ آہ کا — یارب، نفَس، غبار ہے کس جلوہ گاہ کا؟
2. عزلت گزینِ بزم ہیں، واماندگانِ دید — مینائے مے ہے، آبلہ پائے نگاہ کا
3. ہر گام، آبلے سے ہے، دل درتہِ قدم — کیا بیم اہلِ درد کو سختیِ راہ کا!
4. جَیبِ نیازِ عشق، نشاں دارِ ناز ہے — آئینہ ہوں، شکستنِ طرفِ کلاہ کا

(27)

1. خود پرستی سے، رہے، یا ہمدگر نا آشنا — بیکسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا
2. آتشِ موئے دماغِ شوق ہے، تیرا تپاک — ورنہ ہم کس کے ہیں، اے داغِ تمنا، آشنا؟
3. جوہرِ آئینہ، جز رمزِ سرِ مژگاں نہیں — آشنا کی، ہمدگر سمجھے ہے، ایما آشنا
4. ربطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں، اجزائے بہار — سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گُل نا آشنا

(28)

1. جوشِ بہار، کلفتِ نظارہ ہے، اسدؔ — ہے ابر، پنبہ روزنِ دیوارِ باغ کا

(29)

1. گروہ مستِ ناز دیوے گا صلائے عرضِ حال — خارِ گل، بہرِ دہانِ گل، زباں ہو جائے گا
2. گر شہادت آرزو ہے، نشے میں گستاخ ہو — بالِ شیشے کا، رگِ سنگِ فساں ہو جائے گا

(30)

1. گرمیِ دولت ہوئی آتشزنِ نامِ نکو — خانۂ خاتم میں، یاقوتِ نگیں، اخگر ہوا
2. نشے میں گم کردہ رہ آیا، وہ مستِ فتنہ خُو — آج رنگِ رفتہ، دَورِ گردشِ ساغر ہوا
3. دردسے در پردہ دی، مژگاں سیاہاں نے، شکست — ریزہ ریزہ استخواں کا، پوست میں نشتر ہوا
4. زہد، گردیدن ہے گردِ خانہ ہائے مُنعماں — دانۂ تسبیح سے، میں مُہرہ در ششدر ہوا
5. اے بضبطِ حال خُو نا کردگاں، جوشِ جنوں — نشۂ مے ہے، اگر یک پردہ نازک تر ہوا
6. اس چمن میں ریشہ واری جس نے سر کھینچا، اسدؔ — تر زبانِ شکرِ لطفِ ساقیِ کوثر ہوا

(31)

1. دود میرا، سنبلستاں سے کرے ہے ہمسری — بسکہ ذوقِ آتشِ گل سے سراپا جل گیا
2. شمع رویوں کی سرانگشتِ حنائی دیکھ کر — غنچۂ گل، پرفشاں پروانہ آسا، جل گیا
3. خانمانِ عاشقاں، دوکانِ آتشباز ہے — شعلہ رُو جب ہوگئے گرمِ تماشا، جل گیا
4. تا کجا افسوسِ گرمیہائے صحبت؟ اے خیال — دل، بسوزِ آتشِ داغِ تمنا جل گیا

(32)

جاں دادگاں کا حوصلہ، فرصت گداز ہے 1 یاں عرصۂ تپیدنِ بسمل نہیں رہا

ہوں قطرہ زن بمرحلۂ یاس روز و شب 2 جز تارِ اشک، جادۂ منزل نہیں رہا

اے آہ، میری خاطرِ وابستہ کے سوا 3 دنیا میں کوئی عقدۂ مشکل نہیں رہا

ہر چند میں ہوں طوطیِ شیریں سخن، ولے 4 آئینہ آہ! میرے مقابل نہیں رہا

(33)

خلوتِ آبلۂ پا میں ہے، جولاں میرا 1 خوں ہے، دل تنگیِ وحشت سے بیاباں میرا

ذوقِ سرشار سے بے پردہ ہے، طوفاں میرا 2 موجِ خمیازہ ہے، ہر زخمِ نمایاں میرا

عیش بازیکدۂ حسرتِ جاوید رسا 3 خونِ آدینہ سے رنگیں ہے، دبستاں میرا

حسرتِ نشۂ وحشت نہ بسعیِ دل ہے 4 عرضِ خمیازۂ مجنوں ہے گریباں میرا

عالمِ بیسروسامانیِ فرصت مت پوچھ 5 لنگرِ وحشتِ مجنوں ہے، بیاباں میرا

بے دماغِ تپشِ رشک ہوں اے جلوۂ حسن 6 تشنۂ خونِ دل و دیدہ ہے پیکاں میرا

فہم، زنجیریِ بیربطیِ دل ہے، یا رب! 7 کس زباں میں ہے لقب خوابِ پریشاں میرا

بہوس، دردِ سرِ اہلِ سلامت تا چند؟ 8 مشکلِ عشق ہوں، مطلب نہیں آساں میرا

بوئے یوسف مجھے گلزار سے آتی تھی، اسد 9 دے نے برباد کیا پیرہنستاں میرا

(34)

بت پرستی ہے، بہارِ نقش بند بہائے دہر 1 ہر صریرِ خامہ میں، یک نالۂ ناقوس تھا

طبع کی واشد نے رنگِ یک گلستاں گل کیا 2 یہ دلِ وابستہ، گویا، بیضۂ طاؤس تھا

کل اسد کو ہم نے دیکھا گوشۂ غم خانہ میں 3 دست برسر، سر بزانوئے دلِ مایوس تھا

(35)

خود آرا وحشتِ چشمِ پری سے شب وہ بدخو تھا 1 کہ موم، آئینۂ تمثال کو تعویذِ بازو تھا

بشیریِّ خواب آلودہ مژگاں، نشترِ زنبور 2 خود آرائی سے، آئینہ، طلسمِ مومِ جادو تھا

نہیں ہے بازگشتِ سیل، غیر از جانبِ دریا 3 ہمیشہ دیدۂ گریاں کو، آبِ رفتہ در جو تھا

رہا نظارہ وقتِ بے نقابی آپ پر لرزاں 4 بہ رشک آگیں مژہ سے دست از جاں شستہ بر رو تھا

غمِ مجنوں، عزاداران لیلیٰ کا پرستشگر 5 خُمِ رنگِ سیہ، پیمانہ ہر چشمِ آہو تھا

رکھا غفلت نے دور افتادۂ ذوقِ فنا، ورنہ 6 اشارت فہم کو، ہر ناخنِ بُریدہ، ابرو تھا

اسد، خاکِ درِ میخانہ اب سر پر اُڑاتا ہوں 7 گئے وہ دن کہ پانی جامِ مے سے زانو زانو تھا

(36)

دو دن کے کمیں، جون ریشۂ زیرِ زمیں پایا 1 بگردِ سرمہ، اندازِ نگاہِ شرگمیں پایا

اُگی اک پنبۂ روزن سے تھی، چشمِ سفید آخر 2 حیا کو، انتظارِ جلوہ ریزی کے کمیں پایا

بہ حسرت گاہِ نازِ کشتۂ جاں بخشیِ خوباں 3 خضر کو چشمۂ آبِ بقا سے تر جبیں پایا

پریشانی سے، مغزِ سر، ہوا ہے پنبۂ بالش 4 خیالِ شوخیِ خوباں کو راحت آفریں پایا

نفس، حیرت پرستِ طرزِ ناگیرائیِ مژگاں 5 مگر یک دست و دامانِ نگاہِ واپسیں پایا

اسد کو، پیچ تابِ طبعِ برق آہنگ مسکن سے 6 حصارِ شعلۂ جوالہ میں عزلت گزیں پایا

(37)

نزاکت، ہے فسونِ دعویِ طاقت شکستنہا 1 شرارِ سنگ، اندازِ چراغ از جسم خستنہا

یہ مستیِ چشمِ شوخ سے ہیں، جوہرِ مژگاں 2 شرار آسا، زسنگِ سرمہ یکسر بار جستنہا

دلِ از اضطراب آسودہ، طاعتگاہِ داغ آیا 3 برنگِ شعلہ ہے، مہرِ نماز، از پا نشستنہا

اسد، ہر اشک ہے یک حلقہ برزنجیر افزودن 4 بہ بندِ گریہ ہے نقشِ بر آب، امیدِ رستنہا

(38)

بسانِ جوہرِ آئینہ از ویرانیِ دلہا 1 غبارِ کوچہ ہائے موج ہے، خاشاکِ ساحلہا

نگہ کی ہم نے پیدا، رشتۂ ربطِ علائق سے 2 ہوئے ہیں پردہ ہائے چشمِ عبرت، جلوہ حائلہا

نہیں ہے، باوجودِ ضعف، سیرِ بیخودی آساں 3 رہِ خوابیدہ میں افگندنی ہے، طرحِ منزلہا

غریبی بہرِ تسکینِ ہوس درکار ہے، ورنہ 4 بوہمِ زر، گرہ میں باندھتے ہیں برق حاصلہا

تماشا کردنی ہے، انتظار آبادِ حیرانی 5 نہیں غیر از نگہ، جوں نرگستاں، فرشِ محفلہا

اسد تارِ نفس ہے ناگزیرِ عقدہ پیرائی 6 بنوکِ ناخنِ شمشیر کیجئے حلِ مشکلہا

(39)

بشغلِ انتظارِ مہوشاں در خلوتِ شبہا 1 سرِ تارِ نظر، ہے رشتۂ تسبیح کوکبہا

کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابیہائے دل، گردوں 2 نہ نکلے خشت، مثلِ استخواں، بیرونِ قالبہا

عیادت ہائے طعن آلودِ یاراں زہرِ قاتل ہے 3 رفوئے زخم کرتی ہے، بنوکِ نیشِ عقربہا

کرے ہے حسنِ خوباں پردے میں مشاطگی اپنی 4 کہ ہے تہبندیِ خط سبزۂ خط در تۂ لبہا

فنا کو عشق ہے، بےمقصداں، حیرت پرستاراں 5 نہیں رفتارِ عمرِ تیزرو پابندِ مطلبہا

اسد کو بت پرستی سے غرض دردِ آشنائی ہے 6 نہاں ہیں نالۂ ناقوس میں در پردہ یاربہا

(40)

بزمِ شرم ہے، با وصفِ شوخی، اہتمام اُس کا	1	نگیں میں، جو شرارِ سنگ، ناپیدا ہے نام اُس کا
سرو کارِ تواضع، تا خمِ گیسو رسانیدن	2	بسانِ شانہ، زینت ریز ہے دستِ سلام اُس کا
مسی آلودہ ہے مُہرِ نوازش نامہ، ظاہر ہے	3	کہ داغِ آرزوئے بوسہ دیتا ہے پیام اُس کا
لڑاوے گر وہ بزمِ میکشی میں قہر و شفقت کو	4	بھرے پیمانۂ صد زندگانی ایک جام اُس کا
بامیدِ نگاہِ خاص ہوں محمل کشِ حسرت	5	مبادا! ہو عناں گیرِ تغافل، لطفِ عام اُس کا
اسد، سودائے سرسبزی سے ہے تسلیم رنگیں تر	6	کہ کشتِ خشک اُسکا، ابرِ بے پروا خرام اُس کا

(41)

یادِ روزے کہ نَفَس سلسلۂ یارب تھا	1	نالۂ دل، بکمر دامنِ قطعِ شب تھا
بہ تحیرکدۂ فرصتِ آرایشِ وصل	2	دلِ شب، آئنہ دارِ تپشِ کوکب تھا
بہ تمنا کدۂ حسرتِ ذوقِ دیدار	3	دیدہ گو خوں ہو، تماشائے چمن مطلب تھا
جوہرِ فکر، پرِ افشانیِ نیرنگِ خیال	4	حسن آئینہ و آئینہ چمن مشرب تھا
پردۂ دردِ دل، آئینۂ صد رنگ نشاط	5	بخیۂ زخمِ جگر، خندۂ زیرِ لب تھا
نالہ ہا حاصلِ اندیشہ کہ جوں کشتِ سپند	6	دلِ ناسوختہ، آتشکدۂ صد تب تھا
عشق میں ہم نے ہی ابرام سے پرہیز کیا	7	ورنہ جو چاہیے، اسبابِ تمنا سب تھا
آخرِ کار گرفتارِ سرِ زلف ہوا	8	دلِ دیوانہ کہ وارستۂ ہر مذہب تھا
شوقِ سامان فضولی ہے، وگرنہ غالب	9	ہم میں سرمایۂ ایجادِ تمنا کب تھا

(42)

رات دل گرمِ خیالِ جلوۂ جانانہ تھا	1	رنگِ روئے شمع، برقِ خرمنِ پروانہ تھا
شب کہ تھی کیفیتِ محفل بیادِ روئے یار	2	ہر نظر میں داغِ مے خالِ لبِ پیمانہ تھا
شب کہ باندھا خواب میں آنے کا، قاتل نے جناح	3	وہ فسونِ وعدہ میرے واسطے افسانہ تھا
دود کو آج اُس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی	4	وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتم خانہ تھا
ساتھ جنبش کے بیک برخاستن طے ہو گیا	5	تو کہے، صحرا غبارِ دامنِ دیوانہ تھا
دیکھ اُس کے ساعدِ سیمیں و دستِ پُرنگار	6	شاخِ گل جلتی تھی مثلِ شمع، گل پروانہ تھا
شکوۂ یاراں غبارِ دل میں پنہاں کر دیا	7	غالب ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا

(43)

1 بسکہ جوشِ گریہ سے زیر و زبر ویرانہ تھا — چاکِ موجِ سیل، تا پیراہنِ دیوانہ تھا

2 داغِ مُہرِ ضبطِ بیجا، مستیِ سعیِ سپند — دودِ مجمر، لالہ ساں، دردِ تہِ پیمانہ تھا

3 وصل میں بختِ سیہ نے سنبلستاں گل کیا — رنگِ شب، تہبندیِ دودِ چراغِ خانہ تھا

4 شب، تری تاثیرِ سحرِ شعلۂ آواز سے — تارِ شمعِ آہنگِ مضراب پر پروانہ تھا

5 موسمِ گل میں مے گلگوں حلالِ میکشاں — عقدِ وصلِ دخترِ رز، انگور کا ہر دانہ تھا

6 انتظارِ جلوۂ کاکل میں ہر شمشادِ باغ — صورتِ مژگانِ عاشق، صرفِ عرضِ شانہ تھا

7 حیرت، اپنے نالۂ بیدرد سے، غفلت بنی — راہِ خوابیدہ کو غوغائے جرس افسانہ تھا

8 کو بوقتِ قتل حقِ آشنائی، اے نگاہ؟ — خنجرِ زہراب دادہ، سبزۂ بیگانہ تھا

9 جوشِ بے کیفیتی ہے اضطراب آرا، اسد — ورنہ بسمل کا تڑپنا، لغزشِ مستانہ تھا

(44)

1 کرے، گر حیرتِ نظارہ، طوفاں نکتہ گوئی کا — حبابِ چشمۂ آئینہ ہووے، بیضہ طوطی کا

2 بروے قیس، دستِ شرم، ہے مژگانِ آہو سے — مگر روزِ عروسی گم ہوا تھا شانہ لیلیٰ کا

3 فسانِ تیغِ نازک قاتلاں، سنگِ جراحت ہے — دلِ گرمِ تپش، قاصد ہے پیغامِ تسلی کا

4 نہیں گرداب جز سرگشتگی ہائے طلب ہرگز — حبابِ بحر کے، ہے آبلوں میں خار ماہی کا

5 نیازِ جلوہ ریزی، طاقتِ بالیں شکستنہا — تکلف کو خیال آیا ہو گر بیمار پرسی کا

6 نہ بخشی فرصتِ یک شبنمستاں جلوۂ خور نے — تصور نے کیا ساماں ہزار آئینہ بندی کا

7 اسد تاثیرِ صافیہائے حیرت جلوہ پرور ہو — گر آبِ چشمۂ آئینہ دھووے عکس زنگی کا

(45)

1 یک گام بیخودی سے لوٹیں بہارِ صحرا — آغوشِ نقشِ پا میں کیجے فشارِ صحرا

2 وحشت اگر رسا ہے، بیحاصلی ادا ہے — پیمانۂ ہوا ہے، مشتِ غبارِ صحرا

3 اے آبلے، کرم کر، یاں رنجہ یک قدم کر — اے نورِ چشمِ وحشت، اے یادگارِ صحرا

4 دل در رکابِ صحرا، خانہ خرابِ صحرا — موجِ سرابِ صحرا، عرضِ خمارِ صحرا

5 ہر ذرہ یکِ دلِ پاک، آئینہ خانہ بے خاک — تمثالِ شوقِ بیباک، صد جا دوچارِ صحرا

6 دیوانگی اسد کی حسرت کشِ طرب ہے — سر میں ہوائے گلشن، دل میں غبارِ صحرا

(46)

وحشی بن صیاد نے ہم رمخوردوں کو کیا رام کیا 1 رشتۂ چاک جیب دریدہ، صرفِ قماشِ دام کیا

عکسِ رخِ افروختہ تھا تصویر بہ پشتِ آئینہ 2 شوخ نے وقتِ حسن طرازی تمکیں سے آرام کیا

ساقی نے از بہرِ گریباں چاک موجِ بادۂ ناب 3 تارِ نگاہِ سوزنِ مینا، رشتۂ خطِ جام کیا

مُہر بجائے نامہ لگائی برلبِ پیکِ نامہ رساں 4 قاتلِ تمکیں سنج نے یوں خاموشی کا پیغام کیا

شامِ فراقِ یار میں جوشِ خیرہ سری سے ہم نے اسد 5 ماہ کو، در تسبیحِ کواکب، جائے نشینِ امام کیا

(47)

کیا کس شوخ نے نازاز سرِ تمکیں نشستن کا؟ 1 کہ شاخِ گل کا خم، انداز ہے بالیں شکستن کا

نہاں ہے مردمک میں، شوقِ رخسارِ فروزاں سے 2 سپندِ شعلہ نادیدہ صفت، اندازِ جستن کا

گدازِ دل کو کرتی ہے، کشودِ چشم، شب پیدا 3 نمک ہے شمع میں جوں موم جادو، خوابِ بستن کا

نفس در سینہ ہائے ہمد گر رہتا ہے پیوستہ 4 نہیں ہے رشتۂ الفت کو اندیشہ گسستن کا

ہوا نے ابر سے کی، موسمِ گل میں نمد بافی 5 کہ تھا آئینۂ خور پر تصورِ زنگ بستن کا

تکلف عافیت میں ہے، دلا، بندِ قبا وا کر 6 نفس، بعد از وصالِ دوست، تاواں ہے گسستن کا

ہر اشکِ چشم سے یک حلقۂ زنجیر بڑھتا ہے 7 بہ بندِ گریہ ہے نقشِ بر آب، اندیشہ رستن کا

عیادت سے، اسد، میں بیشتر بیمار ہوتا ہوں 8 سبب ہے ناخنِ دخلِ عزیزاں، سینہ خستن کا

(48)

شب کہ دل زخمیِ عرضِ دو جہاں تیر آیا 1 نالہ، برخود غلطِ شوخیِ تاثیر آیا

وسعتِ جَیبِ جنونِ تپشِ دل مت پوچھ 2 محملِ دشت بدوشِ رمِ نخچیر آیا

ہے گرفتاریِ نیرنگِ تماشا، ہستی 3 پرِ طاؤس سے دل، پائے بزنجیر آیا

دید حیرت کش، و خرشید چراغانِ خیال 4 عرضِ شبنم سے، چمن، آئنہ تعمیر آیا

عشقِ ترسا بچہ و نازِ شہادت مت پوچھ 5 کہ کلہ گوشہ، بہ پروازِ پرِ تیر آیا

اے خوشا! ذوقِ تمنائے شہادت کہ اسد 6 بے تکلف بسجودِ خمِ شمشیر آیا

(49)

سیرِ آں سوئے تماشا ہے طلبگاروں کا 1 خضر، مشتاق ہے اس دشت کے آواروں کا

سر خطِ بند ہوا، نامہ گنہگاروں کا 2 خونِ بد بد سے لکھا نقش گرفتاروں کا

فردِ آئینہ میں بخشیں شکن خندۂ گل 3 دلِ آزردہ پسند، آئنہ رخساروں کا

4 داد خواہ تپش، و مُہرِ خموشی برلب — کاغذِ سرمہ، ہے جامہ ترے بیماروں کا
5 وحشتِ نالہ، بہ واماندگیِ وحشت ہے — جرسِ قافلہ، یاں دل ہے گراںباروں کا
6 پھر وہ سوے چمن آتا ہے، خدا خیر کرے! — رنگ اُڑتا ہے گلستاں کے ہواداروں کا
7 جلوہ مایوس نہیں دل نگرانی، غافل — چشمِ امید ہے، روزن تری دیواروں کا
8 اسد اے ہرزہ درا، نالہ بغوغا تاچند — حوصلہ تنگ نکر، بے سبب آزاروں کا

(50)

1 عیادت سے زبس ٹوٹا ہے دل یارانِ غمگیں کا — نظر آتا ہے موے شیشہ، رشتہ شمعِ بالیں کا
2 صدا ہے کوہ میں حشر آفریں، اے غفلت اندیشاں — پے سنجیدنِ یاراں، ہو حاصل خوابِ سنگیں کا
3 بجاے غنچہ وگل ہے ہجومِ خار وخس، یاں تک — کہ صرفِ بخیۂ دامن ہوا ہے خندہ گلچیں کا
4 نصیبِ آستیں ہے حاصلِ روے عرق آگیں — چنے ہے کہکشاں، خرمن سے مہ کے خوشہ پرویں کا
5 بوقتِ کعبہ جوئی ہا، جرس کرتا ہے ناقوسی — کہ صحرا فصلِ گل میں رشک ہے بتخانہ چیں کا
6 تپیدن، دل کو سوزِ عشق میں خواب فرامُش ہے — رکھا اسپند نے مجمر میں پہلو گرم تمکیں کا
7 اسد، اربابِ فطرت قدر دانِ لفظ ومعنی ہیں — سخن کا بندہ ہوں، لیکن نہیں مشتاق تحسیں کا

(51)

1 وردِ اسمِ حق سے، دیدارِ صنم حاصل ہوا — رشتۂ تسبیح، تارِ جادۂ منزل ہوا
2 محتسب سے تنگ ہے، از بسکہ کارِ میکشاں — رز میں جو انگور نکلا، عقدۂ مشکل ہوا
3 قیس نے از بسکہ کی سیرِ گریبانِ نفس — یک دو چیں دامانِ صحرا، پردۂ محمل ہوا
4 وقتِ شب اُس شمع رو کے شعلۂ آواز پر — گوشِ نسریں عارضاں، پروانۂ محفل ہوا
5 عیب کا دریافت کرنا ہے ہنرمندی، اسد — نقص پر اپنے ہوا جو مطلع، کامل ہوا

(52)

1 ہے تنگ زِ واماندہ شدن، حوصلۂ پا — جو اشک گرا خاک میں، ہے آبلۂ پا
2 سرِ منزلِ ہستی سے ہے، صحراے طلب دور — جو خط ہے کفِ پاپہ، سو ہے سلسلۂ پا
3 دیدار طلب ہے دلِ واماند، کہ آخر — نوکِ سرِ مژگاں سے رقم ہو گلۂ پا
4 آیا نہ بیابانِ طلب گام زباں تک — تبخالۂ لب ہو نہ سکا آبلۂ پا
5 فریاد سے پیدا ہے، اسد گرمیِ وحشت — تبخالۂ لب ہے جرسِ آبلۂ پا

(53)

بسکہ عاجز نارسائی سے کبوتر ہوگیا 1 صفحۂ نامہ، غلافِ بالشِ پر ہوگیا
صورتِ دیباتپش سے میری، غرقِ خوں ہے آج 2 خارِ پیراہن رگِ بستر کو نشتر ہوگیا
بسکہ آئینے نے پایا گرمیِ رخ سے گداز 3 دامنِ تمثال مثلِ برگِ گل، تر ہوگیا
شعلہ رخسارا، تحیر سے تری رفتار کے 4 خارِ شمعِ آئنہ، آتش میں جوہر ہوگیا
بسکہ وقتِ گریہ نکلا تیرہ کاری کا غبار 5 دامنِ آلودۂ عصیاں گراں تر ہوگیا
حیرتِ اندازِ رہبر ہے عناں گیر، اے اسد 6 نقشِ پائے خضر، یاں، سدِ سکندر ہوگیا

(54)

گرفتاری میں فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا 1 کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا
زمیں کو صفحۂ گلشن بنایا خونچکانی نے 2 چمن بالیدنیہا، از رمِ نخچیر ہے پیدا
مگر وہ شوخ ہے طوفاں طرازِ شوقِ خونریزی 3 کہ در بحرِ کماں بالیدہ موجِ تیر ہے پیدا
نہیں ہے کف لبِ نازک پہ فرطِ نشۂ مے سے 4 لطافتہائے جوشِ حسن کا سرشیر ہے پیدا
عروجِ نا امیدی، چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے؟ 5 بہارِ بے خزاں، از آہِ بے تاثیر ہے پیدا
اسد جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں 6 جراحتہائے دل سے، جوہرِ شمشیر ہے پیدا

(55)

بہ مُہر نامہ جو بوسہ گلِ پیام رہا 1 ہمارا کام ہوا، اور تمہارا نام رہا
ہوا نہ مجھ سے بجز درد، حاصلِ صیاد 2 بسانِ اشک، گرفتارِ چشمِ دام رہا
دل و جگر تفِ فرقت سے جل کے خاک ہوئے 3 ولے ہنوز خیالِ وصال خام رہا
شکستِ رنگ کی لائی سحر، شبِ سنبل 4 پہ زلفِ یار کا افسانہ ناتمام رہا
دھانِ تنگ مجھے کس کا یاد آیا تھا؟ 5 کہ شب خیال میں بوسوں کا ازدحام رہا
نہ پوچھ حال شب و روزِ ہجر کا، غالب 6 خیالِ زلف و رخِ دوست صبح و شام رہا

(56)

سحرگہ باغ میں وہ حیرتِ گلزار ہو پیدا 1 اڑے رنگِ گل، اور آئینۂ دیوار ہو پیدا
بتاں، زہراب اس شدت سے دو پیکانِ ناوک کو 2 کہ خطِ سبز تا پشتِ لبِ سوفار ہو پیدا
لگے گر سنگ سر پر، یار کے دستِ نگاریں سے 3 بجائے زخم، گل پر گوشۂ دستار ہو پیدا
کروں گر عرضِ سنگینیِ کہسار اپنی بیتابی 4 رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا

بہ سنگِ شیشہ توڑوں، ساقیا، پیمانۂ پیماں 5 اگر ابرِ سیہ مست از سوئے کہسار ہو پیدا
اسد مایوس مت ہو، گرچہ رونے میں اثر کم ہے 6 کہ غالب ہے کہ بعد از زاری بسیار ہو پیدا

(57)

نہ بھولا اضطرابِ دم شماری، انتظار اپنا 1 کہ آخر شیشۂ ساعت کے کام آیا غبار اپنا
ز بس آتش نے فصلِ رنگ میں رنگِ دگر پایا 2 چراغِ گل سے ڈھونڈھے ہے چمن میں شمع خار اپنا
اسیرِ بے زباں ہوں، کاشکے! صیادِ بے پروا 3 بدامِ جوہرِ آئینہ، ہو جاوے شکار اپنا
مگر ہو مانعِ دامن کشی، ذوقِ خود آرائی 4 ہوائے نقشبندِ آئنہ سنگِ مزار اپنا
دریغ اے ناتوانی، ورنہ ہم ضبط آشنایاں نے 5 طلسمِ رنگ میں باندھا تھا عہدِ استوار اپنا
اگر آسودگی ہے مدعائے رنجِ بیتابی 6 نیازِ گردشِ پیمانۂ مے روزگار اپنا

(58)

جگر سے ٹوٹے ہوئے مو کی، بہ سناں پیدا 1 دہانِ زخم میں، آخر، ہوئی زباں پیدا

(59)

سات جلدوں کا پارسل پہنچا 1 واہ! کیا خوب بر محل پہنچا

(61)

ہاتفِ غیب سن کے یہ چیخا 1 اُن کی تاریخ، میرا تاریخا

(62)

ان دلفریبیوں سے نہ کیوں اُس پہ پیار آئے؟ 1 روٹھا جو بے گناہ، تو بے عذر من گیا

(63)

تھا تو خط، پر، نہ تھا جواب طلب 1 کوئی اُس کا جواب کیا لکھتا

(63)

خوشی جینے کی کیا مرنے کا غم کیا 1 ہماری زندگی کیا، اور ہم کیا

(64)

دو رنگیاں یہ زمانے کی، جیتے جی ہیں سب 1 کہ مُردوں کو نہ، بدلتے ہوئے کفن، دیکھا

(65)

پیری میں بھی کمی نہ ہوئی تاک جھانک کی 1 روزن کی طرح، دید کا آزار رہ گیا
وہ مرغ ہے خزاں کی صعوبت سے بے خبر 2 آیندہ سال تک جو گرفتار رہ گیا

(66)

معلوم ہوا خیر کہ ٹھینگا باجا

(67)

وصل میں ہجر کا ڈر یاد آیا 1 عینِ جنت میں سقر یاد آیا

(68)

اسدؔ افسردگی آوارۂ کفر و دیں ہے 1 یادِ روزے کہ نفَس در گروِ "یارب" تھا

(69)

فرو پیچیدنی ہے فرشِ بزمِ عیش گستر کا 1 دریغا! گردش آموزِ فلک ہے دَور ساغر کا
خطِ نوخیز کی، آئینے میں دی کس نے آرائش؟ 2 کہ ہے تہ بندیِ پرہاے طوطی رنگ جوہر کا
گیا جو نامہ بر، واں سے برنگِ باختہ آیا 3 خطوطِ روے قالیں، نقش ہے پشتِ کبوتر کا
شکستِ گوشہ گیراں، ہے فلک کو حاصلِ گردش 4 صدف سے آسیاے آب میں ہے دانہ گوہر کا
فزوں ہوتا ہے ہردم جوشِ خونباری، تماشا ہے 5 نفَس کرتا ہے رگہاے مژہ پر کام نشتر کا
خیالِ شربتِ عیسی گدازِ تر جبینی ہے 6 اسد، ہوں مست دریا بخشیِ ساقیِ کوثر کا

(70)

خاکِ عاشق، بسکہ ہے فرسودۂ پروازِ شوق 1 جادۂ ہر دشت، تارِ دامنِ قاتل ہوا

(71)

تنک ظرفوں کا رُتبہ جہد سے برتر نہیں ہوتا 1 حبابِ مَے بہ صد بالیدنی ساغر نہیں ہوتا
عجب، اے آبلہ پایاں، صحراے نظر بازی 2 کہ تارِ جادۂ رہ رشتۂ گوہر نہیں ہوتا
خوشا! عجزے کہ عاشق جل بجھے جوں شعلۂ خامش 3 کہ کم از سرمہ اُس کا مشتِ خاکستر نہیں ہوتا
تماشاے گل و گلشن ہے مفتِ سر بجیبی ہا 4 بہ از چاکِ گریباں، گلستاں کا در، نہیں ہوتا
نرکھ چشمِ حصولِ نفع صحبت ہاے ممسک سے 5 لبِ خشکِ صدف آبِ گہر سے تر نہیں ہوتا
نہ دیکھا کوئی ہم نے آشیاں بلبل کا گلشن میں 6 کہ جس کے در پہ غنچہ شکلِ قفلِ زر نہیں ہوتا
صفا کب جمع ہو سکتی ہے غیر از گوشہ گیری ہا 7 صدف بِن قطرۂ نیساں، اسد، گوہر نہیں ہوتا

(72)

وہ فلک رتبہ کہ بر توسنِ چالاک چڑھا 1 ماہ پر، ہالہ صفت، حلقۂ فتراک چڑھا
نشۂ مے کے اُتر جانے کے غم سے انگور 2 صورتِ اشک بہ مژگانِ رگِ تاک چڑھا

بوسۂ لب سے ملی طبع کو کیفیتِ حال — 3 — مے کشیدن سے مجھے نشۂ تریاک چڑھا

میں جو گردوں کو بمیزانِ طبیعت تولا — 4 — تھا یہ کم وزن کہ ہمسنگِ کفِ خاک چڑھا

اے اسد، واشدنِ عقدۂ غم گر چاہے

حضرتِ زلف میں، جوں شانہ، دلِ چاک چڑھا

(73)

خط جو رخ پر جانشینِ ہالۂ مہ ہو گیا — 1 — ہالہ دودِ شعلۂ جوالۂ مہ ہو گیا

حلقۂ گیسو کھلا دورِ خطِ رُخسار پر — 2 — ہالۂ دیگر بہ گردِ ہالۂ مہ ہو گیا

شب کہ مستِ دیدنِ مہتاب تھا وہ جامہ زیب — 3 — پارۂ چاکِ کتاں پرکالۂ مہ ہو گیا

شب کہ وہ گُل باغ میں تھا جلوہ فرما، اے اسد

داغِ مہ، جوشِ چمن سے، لالۂ مہ ہو گیا

(74)

دلِ بیتاب کہ سینے میں دمِ چند رہا — 1 — بدمِ چند گرفتارِ غمِ چند رہا

زندگی کے ہوئے ناگہ نفسِ چند تمام — 2 — کوچۂ یار، جو مجھ سے قدمِ چند رہا

لکھ سکا میں نہ اُسے شکوۂ پیماں شکنی — 3 — لا جرم، توڑ کے، عاجز، قلمِ چند رہا

الفتِ زر ہمہ نقصاں ہے، کہ آخر قاروں — 4 — زیرِ بارِ غمِ دام و درمِ چند رہا

عمر بھر ہوش نہ یک جا ہوے میرے کہ، اسد — 5 — میں پرستندۂ روے صنمِ چند رہا

(75)

بسانِ سبزہ رگِ خواب ہے زباں ایجاد — 1 — کرے ہے خامشی احوالِ بیخوداں پیدا

صفا و شوخی و اندازِ حسن پابہ رکاب — 2 — خطِ سیاہ سے ہے گردِ کارواں پیدا

نہیں ہے آہ کو ایماے تیر باریدن — 3 — وگرنہ ہے خمِ تسلیم سے کماں پیدا

نصیبِ تیرہ، بلا گردشِ آفریں ہے، اسد — 4 — زمیں سے ہوتے ہیں صد دامن آسماں پیدا

(76)

نہاں کیفیتِ مے ہے سامانِ حجابِ اُس کا — 1 — بُنا ہے پنبۂ مینا سے ساقی نے نقاب اُس کا

اگر اُس شعلہ رُو کو دوں پیامِ مجلس افروزی — 2 — زبانِ شمعِ خلوتخانہ دیتی ہے جواب اُس کا

عیاں کیفیتِ میخانہ ہے جوے گلستاں میں — 3 — کہ مے عکسِ شفق ہے، اور ساغر ہے حباب اُس کا

اُٹھائے ہیں جو میں افتادگی میں متصل صدمے 4 گردوں گا اشک ہائے واچکیدہ سے حساب اُس کا
اسؔد کے واسطے رنگے بروئے کار ہو پیدا 5 غبار، آوارۂ سرگشتہ ہے، یا بوتراب اُس کا

(77)

ز بس ہے ناز بردارِ غرورِ نشۂ صہبا 1 رگِ بالیدۂ گردن ہے موجِ بادہ در مینا
در آبِ آئنہ از جوشِ عکسِ گیسوئے مشکیں 2 بہارِ سُنبلستاں جلوہ گر ہے آں سوئے دریا
کہاں ہے دیدۂ روشن کہ دیکھے بے حجابانہ 3 نقابِ یار ہے از پردہ ہائے چشمِ نابینا
نہ دیجے پاسِ ضبطِ آبرو، وقتِ شکستن بھی 4 تحمل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا
اسؔد، طبعِ متیں سے گر نکالوں شعرِ برجستہ 5 شرر، ہو قطرۂ خونِ فسردہ در رگِ خارا

(78)

ردیف "ب"

بسکہ ہے میخانہ ویراں، جوں بیابانِ خراب 1 عکسِ چشمِ آہوئے رمخوردہ ہے، داغِ شراب
تیرگیِ ظاہری، ہے طبعِ آگہ کا نشاں 2 غافلاں، عکسِ سوادِ صفحہ ہے، گردِ کتاب
یک نگاہِ صاف، صد آئینۂ تاثیر ہے 3 ہے رگِ یاقوت، عکسِ خطِ جامِ آفتاب
ہے عرق افشاں مَشی سے، ادہمِ مشکینِ یار 4 وقتِ شب اختر گنے ہے، چشمِ بیدارِ رکاب
ہے، شفق، سوزِ جگر کی آگ کی بالیدگی 5 ہر یک اختر ہے فلک پر قطرۂ اشکِ کباب
بسکہ شرمِ عارضِ رنگیں سے حیرت جلوہ ہے 6 ہے شکستِ رنگِ گل، آئینہ پردازِ نقاب
شب کہ تھا نظارگی روئے بتاں کا، اے اسد 7 گر گیا بامِ فلک سے صبح، طشتِ ماہتاب

(79)

ہے بہاراں میں خزاں حاصل، خیالِ عندلیب 1 رنگِ گل آتشکدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب
عشق کو ہر رنگ شانِ حسن ہے مدِّ نظر 2 مصرعِ سروِ چمن ہے حسبِ حالِ عندلیب
حیرتِ حسنِ چمن پیرا سے تیرے، رنگِ گل 3 بسملِ ذوقِ پریدن ہے ببالِ عندلیب
عمر میری ہو گئی صرفِ بہارِ حسنِ یار 4 گردشِ رنگِ چمن ہے ماہ و سالِ عندلیب
منع مت کر حسن کی، ہم کو، پرستش سے کہ ہے 5 بادۂ نظارۂ گلشن، حلالِ عندلیب
ہے مگر موقوف بر وقتِ دگر، کارِ اسد 6 اے شبِ پروانہ و روزِ وصالِ عندلیب

(80)

ملے، دو مرشدوں کو قدرتِ حق سے، ہیں دو طالب 1 نظام الدیں کو خسرو، سراج الدیں کو غالبؔ

(81)

کوئی اس کا جواب دو صاحب 1 سائلوں کا ثواب لو صاحب

(82)

خوشنودیِ احباب کا طالب، غالبؔ

ردیف "ت"

(83)

جاتا ہوں جدھر سب کی اٹھے ہے اُدھر انگشت 1 یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے مگر انگشت

میں الفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں 2 لگتی ہے مجھے تیر کے مانند، ہر انگشت

ہر غنچۂ گل، صورتِ یک قطرۂ خوں ہے 3 دیکھا ہے کسو کا جو حنابستہ سر انگشت

گرمی ہے زباں کی، سببِ سوختنِ جاں 4 ہر شمع، شہادت کو ہے یاں سربسر ہر انگشت

خوں دل میں جو میرے نہیں باقی، تو پھر اُس کی 5 جوں ماہیِ بے آب، تڑپتی ہے ہر انگشت

شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا 6 رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت

کس رتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل 7 آتی نہیں پنجے میں بس اُس کے نظر انگشت

(84)

چشم بندِ خلق، غیر از نقشِ خود بینی نہیں 1 آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست

برقِ خرمن زارِ گوہر ہے، نگاہِ تیز، یاں 2 اشک ہو جاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست

ہے سوا نیزے پہ، اُس کے قامتِ نوخیز سے 3 آفتابِ روزِ محشر ہے، گلِ دستارِ دوست

لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے، اسد 4 آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست

ردیف "چ"

(85)

دو عالم کی ہستی پہ خطِ فنا کھینچ 1 دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت!

نہیں گر بکامِ دلِ خستہ، گردوں 2 جگر خائیِ جوشِ حسرت سلامت!

نہ اوروں کی سنتا، نہ کہتا ہوں اپنی 3 سرِ خستہ و شورِ وحشت سلامت!

وفورِ وفا ہے، ہجومِ بلا ہے 4 سلامت ملامت، ملامت سلامت!

نہ فکرِ سلامت، نہ بیمِ ملامت 5 زِ خود رفتگی ہائے حیرت سلامت!
رہے، غالبِ خستہ، مغلوبِ گردوں 6 یہ کیا بے نیازی ہے، حضرت سلامت؟

ردیف "ث"

(86)

دودِ شمعِ کشتۂ گل، بزمِ سامانی عبث 1 یک شبہ آشفتہ نازِ سنبلستانی عبث
ہے، ہوس، محمل بدوشِ شوخیِ ساقیِ مست 2 نشۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث
بازماندنہائے مژگاں، ہے یک آغوشِ وداع 3 عید، در حیرت سوادِ چشمِ قربانی عبث
جز غبارِ کردہ سیر، آہنگِ پرواز کو؟ 4 بلبلِ تصویر و دعوائے پَر افشانی عبث
سر نوشتِ خلق، ہے طغرائے عجزِ اختیار 5 آرزوہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث
جب کہ نقشِ مدعا ہووے نہ جز موجِ سراب 6 وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث
دستِ برہم سودہ ہے، مژگانِ خوابیدہ، اسد 7 اے دل از کف دادۂ غفلت، پشمانی عبث

(87)

نازِ لطفِ عشق، با وصفِ توانائی، عبث 1 رنگ ہے سنگِ محک، دعوائے بینائی عبث
ناخنِ دخلِ عزیزاں، یک قلم ہے نقب زن 2 پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی عبث
محملِ پیمانۂ فرصت ہے بر دوشِ حباب 3 دعویِ دریاکشی و نشہ پیمائی عبث
جانِ عاشق حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے 4 دل کو، اے بیداد خو، تعلیمِ خارائی عبث
یک نگاہِ گرم ہے، جوں شمع، سرتا پا گداز 5 بہر از خود رفتگاں، رنجِ خود آرائی عبث
قیس بھاگا شہر سے، شرمندہ ہو کر، سوئے دشت 6 بن گیا تقلید سے میری، یہ سودائی عبث
اے اسد، بیجا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز 7 عالمِ تسلیم میں یہ دعویٰ آرائی عبث

(88)

معزولیِ تپش ہوئی افراطِ انتظار 1 چشمِ کشودہ، حلقۂ بیرونِ در ہے آج
حیرت فروشِ صد نگرانی ہے، اضطرار 2 ہر رشتہ چاکِ جیب کا، تارِ نظر ہے آج
ہوں داغِ نیم رنگیِ شامِ وصالِ یار 3 نورِ چراغِ بزم سے جوشِ سحر ہے آج
کرتی ہے عاجزی سفرِ سوختن تمام 4 پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج
تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی 5 دودِ چراغِ خانہ، غبارِ سفر ہے آج
دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسد 6 مرغِ خیال، بلبلِ بے بال و پر ہے آج

(89)

جنبشِ ہر برگ سے، ہے گُل کے لب کو اختلاج   1   حُبِّ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج
شاخِ گُل جنبش میں ہے، گہوارہ آسا، ہر نفَس   2   طفلِ شوخِ غنچۂ گُل، بسکہ، ہے وحشی مزاج
سیرِ ملکِ حسن کر، میخانہ ہا نذرِ خمار   3   چشمِ مستِ یار سے، ہے گردنِ مینا پہ باج
گریہ ہائے بیدلاں، گنجِ شرر در آستیں   4   قہرمانِ عشق میں، حسرت سے لیتے ہیں خراج
ہے سوادِ چشمِ قربانی میں یک عالم مقیم   5   حسرتِ فرصت جہاں دیتی ہے حیرت کو رواج
اے اسد، ہے مستعدِ شانۂ گیسو شدن   6   پنجۂ مژگاں بخود بالیدنی رکھتا ہے آج

(90)

رنگریزِ جسم و جاں نے از خمستانِ عدم   1   خرقۂ ہستی نکالا ہے برنگِ احتیاج

ردیف "چ"

(91)

نہ کہہ کہ طاقتِ رسوائیِ وصال نہیں   1   اگر یہی عرقِ فتنہ ہے، مکرر کھینچ
جنونِ آئنہ، مشتاقِ یک تماشا ہے   2   ہمارے صفحے پہ بالِ پری سے مسطر کھینچ
خمارِ منّتِ ساقی اگر یہی ہے، اسد   3   دلِ گداختہ کے میکدے میں ساغر کھینچ

(92)

بیدل، نہ نازِ وحشتِ جیبِ دریدہ کھینچ   1   جوں بوئے غنچہ، یک نفَسِ آرمیدہ کھینچ
یک مشتِ خوں ہے، پرتوِ خور سے، تمام دشت   2   دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ
پیچیدگی، ہے حاملِ طومارِ انتظار   3   پائے نظر بدامنِ شوقِ دویدہ کھینچ
برقِ بہار سے ہوں میں پا در حنا ہنوز   4   اے خارِ دشت، دامنِ شوقِ رمیدہ کھینچ
بیخود بلطفِ چشمکِ عبرت ہے، چشمِ صید   5   یک داغِ حسرتِ نفَسِ نا کشیدہ کھینچ
بزمِ نظر میں بیضۂ طاؤسِ خلوتاں   6   فرشِ طرب بہ گلشنِ نا آفریدہ کھینچ
دریا بساطِ دعوتِ سیلاب ہے، اسد   7   ساغر ببارگاہِ دماغِ رسیدہ کھینچ

(93)

قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ   1   رفتار نہیں بیشتر از لغزشِ پا ہیچ
حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی   2   ہستی نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا ہیچ
تمثال گدازِ آئنہ، ہے عبرت بنیش   3   نظارہ تحیر، چمنستانِ بقا ہیچ

گلزارِ دمیدن، شررستانِ رمیدن 4 فرصت تپش، و حوصلۂ نشو ونما ہیچ
آہنگ عدم نالہ بکہسار گرو ہے 5 ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ
کس بات پہ مغرور ہے، اے عجزِ تمنا؟ 6 سامانِ دعا وحشت، و تاثیرِ دعا ہیچ
آہنگِ اسد میں نہیں جز نغمۂ بیدلؔ 7 "عالم ہمہ افسانۂ مادارد و ما ہیچ"

ردیف "ح"

(94)

دعویِٔ عشقِ بتاں سے بگلستاں گل و صبح 1 ہیں رقیبانہ بہم دست و گریباں گل و صبح
ساقِ گلرنگ سے، اور آئینۂ زانو سے 2 جامہ زیبوں کے سدا ہیں، تہِ داماں گل و صبح
وصلِ آئینہ رخاں، ہم نفَسِ یک دیگر 3 ہیں دعاہائے سحرگاہ سے خواہاں گل و صبح
آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر 4 بسکہ ہیں بیخود و وارفتہ و حیراں گل و صبح
زندگانی نہیں بیش از نفَسِ چند، اسد 5 غفلت آرائیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح

ردیف "د"

(95)

بکامِ دل کریں کس طرح گمرہاں، فریاد؟ 1 ہوئی ہے، لغزشِ پا لکنتِ زباں، فریاد!
کمالِ بندگیِ گل ہے رہنِ آزادی 2 ز دستِ مشتِ پر و خار آشیاں فریاد!
نوازشِ نفَسِ آشنا کہاں؟ ورنہ 3 برنگِ نے ہے نہاں در ہر استخواں فریاد!
تغافل، آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے 4 ہوئی ہے محو بتقریبِ امتحاں فریاد!
ہلاکِ بیخبری، نغمۂ وجود و عدم 5 جہان و اہلِ جہاں سے، جہاں جہاں فریاد!
جوابِ سنگدلیہائے دشمناں، ہمت 6 زدستِ شیشہ دلیہائے دوستاں فریاد!
ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے اسد 7 خدا کے واسطے، اے شاہِ بیکساں فریاد!

(96)

تھی، نگہ میری نہانخانۂ دل کی نقاب 1 بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد
تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ 2 متفرق ہوئے میرے رُفقا میرے بعد

(97)

بسکہ وہ پاکوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد 1 ہے غلافِ دفچۂ خرشید، ہر یک گرد باد
طرفہ موزونی ہے صرفِ جنگ جوئیہائے یار 2 ہے سرِ مصراعِ صافِ تیغ، خنجر، مستزاد

ہاتھ آیا زخمِ تیغِ یاد سا پہلو نشیں 3 کیوں نہ ہووے آج کے دن بیکسی کی روح، شاد

کیجے آہوے ختن کو خضرِ صحراے طلب 4 مشک، ہے سنبلستانِ زلف، میں گردِ سواد

ہم نے سو زخمِ جگر پر بھی زباں پیدا نکی 5 گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد

بسکہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام 6 آستر ہے خرقۂ زہاد کا، صوفِ مداد

تیغ درکف، کف بلب آتا ہے قاتل اس طرف 7 مژدہ باد، اے آرزوے مرگِ غالب مژدہ باد

(98)

تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند 1 اے طفلِ خود معاملہ، قد سے عصا بلند!

ویرانیے، جز آمد و رفتِ نفس نہیں 2 ہے کوچہ ہاے نے میں غبارِ صدا، بلند

رکھتا ہے انتظارِ تماشاے حسنِ دوست 3 مژگانِ بازماندہ سے، دستِ دعا، بلند

موقوف کیجیے یہ تکلف نگاریاں 4 ہوتا ہے، ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند

قربانِ اوجِ ریزیِ چشمِ حیا پرست 5 یک آسماں ہے، مرتبۂ پشتِ پا، بلند

ہے، دلبری، کمینگرِ ایجادِ یک نگاہ 6 کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا بلند!

بالیدگی نیازِ قدِ جانفزا، اسد 7 در ہر نفس بقدرِ نفس ہے، قبا، بلند

(99)

حسرت دست گہ و پاے تحمل تا چند؟ 1 رگِ گردن، خطِ پیمانۂ بے مُل تا چند؟

ہے گلیمِ سیہِ بختِ پریشاں، کاکل 2 مویٔہ بافتنِ ریشۂ سنبل تا چند؟

کوکبِ بخت، بجز روزنِ پُر دود نہیں 3 عینکِ چشمِ جنوں، حلقۂ کاکل تا چند؟

چشم بے خونِ دل، و دل تہی از جوشِ نگاہ 4 بزباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تا چند؟

بزم داغِ طرب، و باغ کشادِ پرِ رنگ 5 شمع و گل تا کے؟ و پروانہ و بلبل تا چند؟

نالہ دامِ ہوس، و دردِ اسیری معلوم 6 شرحِ بر خود غلطیہاے تحمل تا چند؟

جوہرِ آئنہ، فکرِ سخنِ موے دماغ 7 عرضِ حسرت، پسِ زانوے تامل تا چند؟

سادگی، ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا 8 ناکسی، آئنۂ نازِ توکل تا چند؟

اسد خستہ، گرفتارِ دو عالم اوہام 9 مشکل آساں کنِ یک خلق، تغافل تا چند؟

ردیف "ر"

(100)

بسکہ مائل ہے وہ رشکِ ماہتاب آئینے پر 1 ہے نفَس، تارِ شعاعِ آفتاب، آئینے پر

باز گشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں؟ 2 غافلاں، غش جان کر، چھڑکے ہیں آب آئینے پر

بدگماں کرتی ہے عاشق کو خود آرائی تری 3 بیدلوں کو ہے براتِ اضطراب آئینے پر

نازِ خود بینی کے باعث، مجرمِ صد بیگناہ 4 جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ تاب آئینے پر

مدعی، میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل 5 بے تماشا، زشت رویوں کا عتاب آئینے پر

سدِّ اسکندر بنے بہرِ نگاہِ گلرخاں 6 گر کرے یوں امر، نہی بوتراب آئینے پر

دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے، غالب کیا کیا؟ 7 رکھ دیا پہلو بوقتِ اضطراب آئینے پر

(101)

دلِ خونیں جگر بے صبر، وفیضِ عشق مستغنی 1 الٰہی یک قیامت خاور آٹوٹے بدخشاں پر

(102)

خطِ نوخیز، نیلِ چشمِ زخمِ صافیِ عارض 1 لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بچنگ، آخر

ہلال آسا تہی رہ، گر کشادنہاے دل چاہے 2 ہوا، مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ، آخر

تڑپ کر مرگیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا 3 ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت، زخمِ خدنگ، آخر

لکھی یاروں کی بدمستی نے میخانے کی پامالی 4 ہوئی قطرہ فشانیہاے مے بارانِ سنگ، آخر

اسد، پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے 5 نہیں ہے نغمے سے خالی، خمیدنہاے چنگ، آخر

(103)

بنیش، بسعیِ ضبطِ جنوں، نوبہار تر 1 دل، درگداز نالہ، نگہ آبیار تر

قاتل بعزمِ ناز، و دل از زخم در گداز 2 شمشیر آبدار، و نگہ آبدار تر

ہے کسوتِ عروجِ تغافل، کمالِ حسن 3 چشمِ سیہ، بمرگِ نگہ، سوگوار تر

سعیِ خرام، کاوشِ ایجادِ جلوہ ہے 4 جوشِ چکیدنِ عرق، آئینہ کار تر

ہر گردِ باد، حلقۂ فتراکِ بیخودی 5 مجنونِ دشتِ عشق، تحیر شکار تر

اے چرخ، خاک بر سرِ تعمیرِ کائنات 6 لیکن بنائے عہدِ وفا اُستوار تر

سمجھا ہوا ہوں عشق میں نقصاں کو فائدہ 7 جتنا کہ، ناامید تر، امیدوار تر

آئینہ داغِ حیرت، و حیرت شکنجِ یاس 8 سیماب بیقرار و اسد بیقرار تر

(104)

دیا یاروں نے بیہوشی میں درماں کا فریب آخر 1 ہُوا، سکتے سے، میں آئینۂ دستِ طبیب، آخر
رگِ گل، جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے 2 ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب، آخر
غرورِ ضبط، وقتِ نزع ٹوٹا بیقراری سے 3 نیازِ پر فشانی ہو گیا صبر و شکیب، آخر
اسد کی طرح میری بھی، بغیر از صبحِ رخساراں 4 ہوئی شامِ جوانی، اے دلِ حسرت نصیب آخر

(105)

فسونِ یکدلی ہے لذتِ بیداد دشمن پر 1 کہ وجدِ برق، جوں پروانہ، بال افشاں ہے خرمن پر
تکلف، خارِ خارِ التماسِ بیقراری ہے 2 کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر
یہ کیا وحشت ہے؟ اے دیوانے پیش از مرگ واویلا 3 رکھی بیجا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر

(106)

شیشۂ آتشیں، رخِ پُر نور 1 عرق از خط چکیدہ، روغنِ مور
بسکہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں 2 مردمک سے ہے خال بر لبِ گور
بارلائی ہے دانہ ہائے سرِ شک 3 میوہ، ہے ریشۂ رزِ انگور
ظلم کرنا گدائے عاشق پر 4 نہیں شاہانِ حسن کا دستور
دوستو، مجھ ستم رسیدہ سے 5 دشمنی ہے، وصال کا مذکور
زندگانی پہ اعتماد غلط 6 ہے کہاں قیصر اور کہاں فغفور؟
کچھ، جوں اشک، اور قطرہ زنی 7 اے اسد، ہے ہنوز دلّی دور

(107)

خدا سے میں بھی چاہوں از روِ مہر 1 فروغِ میرزا حاتم علی مہر

(108)

نیازِ عشق، خرمن سوزِ اسبابِ ہوس بہتر 1 جو، ہو جاوے نثارِ برق مشتِ خار و خس بہتر

(109)

ناتوائی نے نہ چھوڑا بسکہ بیش از عکسِ جسم 1 مفتِ واگسترونی ہے، فرشِ خواب آئینے پر

(110)

دنداں کا خیال، چشمِ تر، کر 1 ہر دانۂ اشک کو گہر کر
آتی نہیں نیند، اے شبِ تار 2 افسانۂ زلفِ یار سر کر

اے دل، بخیالِ عارضِ یار 3 یہ شامِ غم آپ پر سحر کر
ہر چند اُمید دور تر ہو 4 اے حوصلے، سعی بیشتر کر
میں آپ سے جاچکا ہوں، اب بھی 5 اے بیخبری، اُسے خبر کر
افسانہ، اسد بایں درازی 6 اے غمزدہ، قصہ مختصر کر

ردیف "ز"

(111)

بیگانۂ وفا ہے ہوائے چمن ہنوز 1 وہ سبزہ سنگ پر نہ اُگا، کوہکن، ہنوز
یارب، یہ دردمند ہے کس کی نگاہ کا؟ 2 ہے ربطِ مشک و داغِ سوادِ ختن ہنوز
جوں جادہ، سر بکوے تمنائے بیدلی 3 زنجیرِ پا ہے رشتۂ حُبّ الوطن ہنوز
میں دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ تھا 4 بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز
تھا مجھ کو خار خارِ جنونِ وفا، اسدؔ 5 سُوزن میں تھا نہفتہ گلِ پیرہن ہنوز

(112)

میں ہوں سرابِ یک تپش آموختن ہنوز 1 زخمِ جگر ہے تشنۂ لب دوختن ہنوز
اے شعلہ، فرصتے کہ سُویدائے دل سے ہوں 2 کِشتِ سپندِ صد جگر اندوختن ہنوز
فانوسِ شمع ہے کفنِ کشتگانِ شوق 3 در پردہ ہے معاملۂ سوختن ہنوز
مجنوں، فسونِ شعلہ خرامی فسانہ ہے 4 ہے شمعِ جادہ، داغِ نیفروختن ہنوز
کُو یک شرر؟ کہ سازِ چراغاں کروں، اسد 5 بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز

(113)

فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشا دیکھ 1 نگاہ عکس فروش و خیال آئینہ ساز
ہنوز، اے اثرِ دید، ننگِ رسوائی 2 نگاہ فتنہ خرام، و درِ دو عالم باز
ز بس کہ جلوۂ صیّاد حیرت آرا ہے 3 اُڑی ہے صفحۂ خاطر سے صورتِ پرواز
ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزاں ہے 4 کہ شیشہ نازک، و صہبا ہے آبگینہ گداز
اسد سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے 5 کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز

(114)

داغِ اطفال ہے دیوانہ بکہسار ہنوز 1 خلوتِ سنگ میں ہے نالہ طلبگار ہنوز
خانہ ہے، سَیل سے، خُو کردۂ دیدار ہنوز 2 دوربیں در زدہ ہے رخنۂ دیوار ہنوز

آئی یک عمر سے معذورِ تماشا نرگس | 3 | چشمِ شبنم میں نہ ٹوٹا مژۂ خار ہنوز

کیوں ہوا تھا طرفِ آبلۂ پا، یارب؟ | 4 | جادہ، ہے واشدنِ پیچشِ طومار ہنوز

ہوں خموشی چمنِ حسرتِ دیدار، اسد | 5 | مژہ ہے شانہ کشِ طرہ گفتار ہنوز

(115)

حسنِ خودآرا کو ہے مشقِ تغافل ہنوز | 1 | ہے کفِ مشاطہ میں آئنہ گل ہنوز

سادگیِ یک خیال، شوخیِ صد رنگ نقش | 2 | حیرتِ آئینہ ہے جیبِ تأمل ہنوز

سادہ و پرُ کارتر، غافل و ہشیارتر | 3 | مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سنبل ہنوز

ساقی و تعلیمِ رنج، محفل و تمکیں گراں | 4 | سیلیِ اُستاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز

شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بےخبر | 5 | شاخِ گلِ نغمہ ہے، نالہ بلبل، ہنوز

دل کی صدائے شکستِ سازِ طرب ہے، اسد | 6 | شیشۂ بے بادہ سے چاہے ہے قلقل ہنوز

(116)

چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تأمل ہنوز | 1 | غنچے میں دلتنگ ہے، حوصلۂ گل ہنوز

دل میں ہے، سودائے زلف مستِ تغافل ہنوز | 2 | ہے مژۂ خوابناک ریشۂ سنبل ہنوز

پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے | 3 | ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز

عشق کمینگاہِ درد، وحشتِ دل دور گرد | 4 | دامِ تہِ سبزہ ہے، حلقۂ کاکل ہنوز

لذتِ تقریرِ عشق، پردگیِ گوشِ دل | 5 | جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمل ہنوز

آئنہ امتحاں، نذرِ تغافل، اسد | 6 | شش جہت اسباب ہے وہمِ توکل ہنوز

(117)

گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز؟ | 1 | آبلے پا کے، ہیں یاں رفتار کو دندانِ عجز

ہو قبولِ کم نگاہی، تحفۂ اہلِ نیاز | 2 | اے دل وائے جانِ ناز، اے دین وائے ایمانِ عجز

بوسۂ پا، انتخابِ بدگمانیہائے حسن | 3 | یاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز

حسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمیہائے ناز | 4 | عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز

اضطرابِ نارسائی، مایۂ شرمندگی | 5 | ہے عرق ریزیِ خجلت، جوششِ طوفانِ عجز

وہ جہاں مسندنشینِ بارگاہِ ناز ہو | 6 | قامتِ خوباں، ہو محرابِ نیازستانِ عجز

بسکہ بے پایاں ہے صحرائے محبت اے اسد | 7 | گرد باد اس راہ کا، ہے عقدۂ پیمانِ عجز

(118)

نہ بندھا تھا بعدم نقشِ دلِ مور ہنوز 1 تب سے ہے یاں دہنِ یار کا مذکور ہنوز
سبزہ ہے نوکِ زبانِ دہنِ گور ہنوز 2 حسرتِ عرضِ تمنا میں ہوں رنجور ہنوز
صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت 3 پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز
زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار 4 جلوۂ باغ ہے در پردۂ ناسور ہنوز
پا پُر از آبلہ راہِ طلبِ مے میں ہوا 5 ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز
گل کھلے غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی 6 سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز
اے اسد تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے 7 نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز

ردیف ''س''

(119)

حاصلِ دلبستگی ہے عمرِ کوتہ اور بس 1 وقتِ عرضِ عقدہ ہا ہے متصل تارِ نفس
کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے 2 باندھتا ہے، رنگِ گل، آئینہ تا چاکِ قفس
اے ادافہماں، صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں 3 ہے بصحرائے تحیر، چشمِ قربانی، جرس
تیز تر ہوتا ہے خشمِ تندخویاں عجز سے 4 ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ، خار و خس
تختیِ راہِ محبت، منعِ دخلِ غیر ہے 5 پیچ تابِ جادہ، ہے یاں جوہرِ تیغِ عسس
اے اسد ہم خود اسیرِ رنگ و بوئے باغ میں 6 ظاہرا، صیادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس

(120)

دشتِ الفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس و بس 1 پیچ تابِ جادہ، ہے خطِ کفِ افسوس و بس
نیم رنگیہائے شمعِ محفلِ خوباں سے ہے 2 پیچکِ مہ، صرفِ چاکِ پردۂ فانوس و بس
ہے تصور میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں 3 کاسۂ زانو، ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس
کفر ہے، غیر از وفورِ شوق، رہبر ڈھونڈھنا 4 راہِ صحرائے حرم میں ہے، جرس، ناقوس و بس
یک جہاں گل، تختۂ مشقِ شگفتن ہے، اسد 5 غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس

(121)

کرتا ہے، بیادِ بتِ رنگیں، دلِ مایوس 1 رنگِ ز نظر رفتہ، حنائے کفِ افسوس
تھا خواب میں کیا جلوہ پرستارِ زلیخا؟ 2 ہے بالشِ دل سوختگاں میں، پرِ طاؤس
حیرت سے ترے جلوے کی، از بسکہ، ہیں بیکار 3 خور، قطرۂ شبنم میں ہے، جوں شمع بفانوس

دریافتنِ صحبتِ اغیار غرض ہے 4 اے نامہ رساں، نامہ رساں چاہیے جاسوس

ہے مشق، اسد دست گہِ وصل کی منظور 5 ہوں خاک نشیں از پے ادراکِ قدمبوس

(122)

کب فقیروں کو رسائی بُتِ میخوار کے پاس؟ 1 تونبے بو دیجیے میخانے کی دیوار کے پاس

(123)

سنینِ عمر کے ستّر، ہوئے شمار، برس 1 بہت جیوں، تو جیوں اور تین چار برس

ردیف "ش"

(124)

ہوئی ہے بسکہ صرفِ مشقِ تمکین بہار، آتش 1 باندازِ حنا، ہے رونقِ دستِ چنار آتش

شرر، بے رنگ، بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں 2 کرے ہے سنگ پر، خرشید آبِ روے کار آتش

گدازِ موم ہے افسونِ ربطِ پیکر آرائی 3 نکالے کب نہالِ شمع بے تخمِ شرار آتش

خیالِ دود، تھا سرجوشِ سودائے غلط فہمی 4 اگر رکھتی نہ خاکستر نشینی کا غبار، آتش

ہوائے پرفشانی، برقِ خرمنہائے خاطر ہے 5 بہالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار، آتش

نہیں برق و شرر، جز وحشت و ضبطِ تپیدنہا 6 بلا گردانِ بے پروا خرامیہاے یار، آتش

دھویں سے آگ کے، اک ابرِ دریابار ہو پیدا 7 اسد، حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش

(125)

باقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سواد، آتش 1 کہ ہے، دورِ چراغاں سے، ہیولائے مداد آتش

اگر مضمونِ خاکستر کرے دیباچہ آرائی 2 نہ باندھے شعلۂ جوالہ غیر از گردباد، آتش

کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوئی خوباں 3 بتقریبِ نگارشہاے سطرِ شعلہ یاد، آتش

دیا داغِ جگر کو آہ نے سامانِ شگفتن کا 4 نہو بالیدہ، غیر از جنبشِ دامانِ باد، آتش

اسد، قدرت سے حیدر کی، ہوئی ہر گبروترسا کو 5 شرارِ سنگِ بُت، بہرِ بنائے اعتقاد، آتش

ردیف "ط"

(126)

یاد آیا جو وہ کہنا کہ نہیں، واہ غلط 1 کی، تصوّر نے بصحراے ہوس راہ، غلط

ردیف "ع"

(127)

شمع سے ہے، بزم، انگشتِ تحیر در دہن 1 شعلۂ آوازِ خوباں پر بہنگامِ سماع
جوں پرِ طاؤس، جوہر، تختہ مشقِ رنگ ہے 2 بسکہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع
رنجشِ حیرت سرشتاں، سینہ صافی پیشکش 3 جوہرِ آئینہ ہے یاں، گردِ میدانِ نزاع
چار سوئے دہر میں بازار غفلت گرم ہے 4 عقل کے نقصاں سے اُٹھتا ہے خیالِ انتفاع
آشنا، غالب نہیں ہیں دردِ دل کے آشنا 5 ورنہ کس کو میرے افسانے کی تاب استماع؟

ردیف "غ"

(128)

عشاق، اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ 1 دیتا ہے اور، جوں گل و شبنم، بہار داغ
جوں چشم، باز ماندہ ہے ہر یک بسوئے دل 2 رکھتا ہے داغ تازہ کا یاں انتظار، داغ
بے لالہ عارضاں مجھے گلگشتِ باغ میں 3 دیتی ہے، گرمیِ گل و بلبل، ہزار داغ
جوں اعتماد، نامہ و خط کا ہو مُہر سے 4 یوں عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار، داغ
ہوتے ہیں محو جلوۂ خور سے، ستارگاں 5 دیکھ اُس کو دل سے مٹ گئے بے اختیار، داغ
وقتِ خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں، اسد 6 دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار، داغ

(129)

بلبلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ بارِ باغ 1 ہے، زبانِ پاسباں، خارِ سرِ دیوارِ باغ
کون آیا جو چمن بیتاب استقبال ہے؟ 2 جنبشِ موجِ صبا، ہے شوخیِ رفتارِ باغ
میں ہمہ حیرت، جنوں بیتابِ دورانِ خمار 3 مردمِ چشمِ تماشا، نقطۂ پرکارِ باغ
آتشِ رنگِ رخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ 4 ہے دلِ سردِ صبا سے، گرمیِ بازارِ باغ
کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے؟ 5 نے زبانِ غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ
جوشِ گل، کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسد 6 زیرِ مشقِ شعر، ہے نقش از پے احضارِ باغ

ردیف "ف"

(130)

نامہ بھی لکھتے ہو، تو بخطِ غبار، حیف! 1 رکھتے ہو مجھ سے اتنی کدورت، ہزار حیف
بیش از نفس، بتاں کے کرم نے وفا نہ کی 2 تھا محملِ نگاہ بدوشِ شرار، حیف

تھی میرے ہی جلانے کو، اے آہِ شعلہ ریز 3 گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار، حیف
گل، چہرہ ہے کسو خفقانی مزاج کا 4 گھبرا رہی ہے بیمِ خزاں سے بہار، حیف
ہیں میری مشتِ خاک سے اُس کو کدورتیں 5 پائی جگہ بھی دل میں، تو ہو کر غبار، حیف
بنتا، اسد، میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار 6 آیا نہ میری خاک پہ وہ شہسوار، حیف

(131)

عیسیِ مہرباں ہے شِفاریز یک طرف 1 درد آفریں ہے طبعِ الم خیز یک طرف
سنجیدنی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن 2 خوابِ گرانِ خسرو پرویز یک طرف
عرضِ بباد دادۂ دعوی ہیں، ہو، سو ہو 3 ہم یک طرف ہیں، برقِ شرر بیز یک طرف
مفتِ دل و جگر، خلشِ غمزہ ہائے ناز 4 کاوش فروشیِ مژۂ تیز یک طرف
ہر مو، بدن پہ شہپرِ پرواز ہے مجھے 5 بیتابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف
یک جانب، اے اسد شبِ فرقت کا بیم ہے 6 دامِ ہوس ہے، زلفِ دلاویز، یک طرف

ردیف "ک"

(132)

اس عمل، میں عیش کی لذت نہیں ملتی، اسدؔ 1 زور نسبت مے سے رکھتا ہے، نصارا کا نمک

(133)

تا قیامت شبِ فرقت میں گزر جائے گی عمر 1 سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں، سحر ہونے تک

(134)

آئے ہیں پارہ ہائے جگر درمیانِ اشک 1 لایا ہے لعلِ بیش بہا، کاروانِ اشک
ظاہر کرے ہے جنبشِ مژگاں سے مدّعا 2 طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ، زبانِ اشک
میں وادیِ طلب میں ہوا جملہ تن عرق 3 از بسکہ صرفِ قطرہ زنی تھا بسانِ اشک
رونے نے طاقت اتنی نہ چھوڑی کہ یک بار 4 مژگاں کو دوں فشار، پئے امتحانِ اشک
دل خستگاں کو ہے طربِ صد چمن بہار 5 باغِ جنوں تپیدن، و آبِ روانِ اشک
سیلِ بنائے ہستیِ شبنم ہے، آفتاب 6 چھوڑے نہ چشم میں، تپشِ دل، نشانِ اشک
ہنگامِ انتظارِ قدومِ بتاں، اسد 7 ہے بر سرِ مژہ نگراں، دیدبانِ اشک

(135)

دیکھنے میں ہیں گرچہ دو، پر ہیں یہ دونوں یار ایک 1 وضع میں گو ہوئی دو سر، تیغ ہے ذوالفقار ایک

ہم سخن اور ہمزباں، حضرتِ قاسم و طپاں 2 ایک طپش کا جانشیں، درد کا یادگار ایک
نقدِ سخن کے واسطے، ایک عیارِ آگہی 3 شعر کے فن کے واسطے، مایۂ اعتبار ایک
ایک وفا و مہر میں، تازگیِ بساطِ دہر 4 لطف وکرم کے باب میں، زینتِ روزگار ایک
گلکدۂ تلاش کو، ایک ہے رنگ، ایک بُو 5 ریختے کے قماش کو، پود ہے ایک، تار ایک
مملکتِ کمال میں، ایک امیرِ نامور 6 عرصۂ قیل و قال میں، خسرو نامدار ایک
گلشنِ اتفاق میں، ایک بہارِ بے خزاں 7 میکدۂ وفاق میں، بادۂ بے خمار ایک
زندۂ شوقِ شعر کو، ایک چراغِ انجمن 8 کشتۂ ذوقِ شعر کو، شمعِ سرِ مزار ایک
دونوں کے دل حق آشنا، دونوں رسول پر فدا 9 ایک محبِّ چار یار، عاشقِ ہشت و چار ایک
جانِ وفا پرست کو، ایک شمیمِ نوبہار 10 فرقِ سبزہ مست کو، ابرِ تگرگ بار ایک
لایا ہے، کہیے یہ غزل شائبۂ ریا سے دُور 11 کر کے دل و زباں کو، غالبِ خاکسار ایک

(136)

ولی عہد میں شاہی ہو مبارک! 1 عنایاتِ الٰہی ہو مبارک!

ردیف "گ"

(137)

اے آرزو شہیدِ وفا، خوں بہا نمانگ 1 جز بہرِ دست و بازوے قاتل، دعا نمانگ
گستاخیِ وصال، ہے مشّاطۂ نیاز 2 یعنی، دعا بجز خمِ زلفِ دوتا نمانگ
برہم ہے، بزمِ غنچہ، بیک جنبشِ نشاط 3 کاشانہ بسکہ تنگ ہے، غافل، ہوا نمانگ
عیسیٰ، طلسمِ حسنِ تغافل، ہے زینہار 4 جز پشتِ چشم، نسخۂ عرضِ دوا نمانگ
میں دور گردِ عرضِ رسومِ نیاز ہوں 5 دشمن سمجھ، و لے نگہِ آشنا نمانگ
نظارہ دیگر، و دلِ خونیں نفس دگر 6 آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ دعا نمانگ
یک بختِ اوج، نذرِ سبکباریِ اسد 7 سر پر، وبالِ سایۂ بالِ ہما نمانگ

ردیف "ل"

(138)

بدر، ہے آئینۂ طاقِ ہلال 1 غافلاں، نقصاں سے پیدا ہے کمال
ھے بیادِ زلفِ مشکیں سال و ماہ 2 روزِ روشن، شامِ آں سوے خیال
بسکہ ہے اصلِ امیدہا، غبار 3 ہے نہالِ شکوہ، ریحانِ سفال

4 صافیِ رخ سے ترے ہنگامِ شب — عکسِ داغِ مہ، ہوا عارض پہ خال

5 نور سے تیرے ہے اس کی روشنی — ورنہ تھا خُرشید یک دستِ سوال

6 شورِ حشر اُس فتنہ قامت کے حضور — سایہ آسا ہوگیا ہے پایمال

7 ہو جو بلبل پَیروِ فکرِ اسد — غنچۂ منقارِ گل ہو زیرِ بال

(139)

1 ہر عضو، غم سے ہے شکن آسا شکستہ دل — جوں زلفِ یار، ہوں میں سراپا شکستہ دل

2 ہے سرنوشت میں رقمِ واشکستگی — ہوں، جوں خطِ شکستہ بہر جا شکستہ دل

3 امواج کی جو یہ شکنیں آشکار ہیں — ہے چشمِ اشک ریز سے، دریا، شکستہ دل

4 ناسازیِ نصیب، دُرشتیِ غم سے ہے — اُمید تا آمید، و تمنا شکستہ دل

5 ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے میخانے میں، اسد — صہبا فتادہ خاطر، و مینا شکستہ دل

(140)

1 ہوں بوحشت، انتظار آوارۂ دشتِ خیال — اک سفیدی مارتی ہے دور سے، چشمِ غزال

2 ہے نفَس پروردہ، گلشن، کس ہوائے بام کا؟ — طوقِ قمری میں ہے، سروِ باغ، ریحانِ سفال

3 ہم غلط سمجھے تھے، لیکن زخمِ دل پر رحم کر — آخر اس پردے میں تو ہنستی تھی، اے صبحِ وصال

4 بیکسی افسردہ ہوں، اے ناتوانی، کیا کروں؟ — جلوۂ خُرشید سے ہے گرم، پہلوے ہلال

5 شکوہ درد، و دردِ داغ، اے بیوفا، معذور رکھ — خوں بہاے یک جہاں اُمید ہے، تیرا خیال

6 عرضِ دردِ بیوفائی، وحشتِ اندیشہ ہے — خوں ہوا دل تا جگر، یارب، زبانِ شکوہ لال!

7 اس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے، اسد — مالِ سُنّی کو مُباح اور خونِ صوفی کو حلال

(141)

1 بہرِ عرضِ حالِ شبنم سے رقم ایجادِ گل — ظاہرا ہے اس چمن میں لالِ مادرزاد گل

2 گر کرے انجام کو آغاز کو ہی میں یاد، گل — غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریاد گل

3 گر یہ بزمِ باغ کھینچے نقشِ روے یار کو — شمع ساں ہو جاے قطّ خامۂ بہزاد، گل

4 دستِ رنگیں سے جو رخ پرواکرے زلفِ رسا — شاخِ گل میں ہو نہاں، جوں شانہ در شمشاد، گل

5 سعیِ عاشق ہے فروغ افزاے آب روے کار — ہے شرارِ تیشۂ بہرِ تربتِ فرہاد، گل

6 ہے، تصور، صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار — لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد، گل

7 گلشن آبادِ دلِ مجروح میں ہو جاے ہے — غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد، گل

برقِ سامانِ نظر ہے، جلوۂ بیباکِ حسن 8 شمعِ خلوتخانہ کیجے، ہرچہ بادا باد، گل
خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستاں، اسد 9 حسرتیں کرتی ہے، میری خاطرِ آزاد، گل

(142)

گرچہ ہے یک بیضۂ طاؤس آسا تنگ دل 1 ہے چمن سرمایۂ بالیدن صد رنگ، دل
بیدلوں سے بے تپش، جوں خواہشِ آب از سراب 2 ہے شررِ موہوم، اگر رکھتا نہووے سنگ دل
رشتۂ فہمیدِ ممسک ہے بہ بندِ کوتہی 3 عُقدہ ساں ہے کیسۂ زر پر خیالِ تنگ دل
ہوں ز پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز 4 کس قدر ہے نشہ فرسائے خمارِ بنگ دل
شوقِ بے پروا کے ہاتھوں، مثلِ سازِ نادرست 5 کھینچتا ہے آج تا لے، خارج از آہنگ، دل
اے اسد، خامُش ہے طوطیِ شکر گفتارِ طبع 6 ظاہرا رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگ دل

(143)

دیوانگاں کا چارہ فُروغِ بہار ہے 1 ہے شاخِ گل میں، پنجۂ خوباں، بجائے گل
مژگاں تلک رسائیِ لختِ جگر کہاں؟ 2 اے وائے! گر نگاہ نہو آشنائے گل

(144)

پیر و مرشد، معاف کیجئے گا 1 میں نے جمنا کا کچھ نہ لکھا حال

ردیف "م"

(145)

اثر کمندیِ فریادِ نارسا معلوم 1 غبارِ نالہ، کمیں گاہِ مُدّعا معلوم
بقدرِ حوصلۂ جلوہ ریزی ہے 2 وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم
بہار، دردِ گروِ غنچہ، شہر جولاں ہے 3 طلسمِ ناز، بجز تنگیِ قبا معلوم
طلسمِ خاک کمیں گاہِ یک جہاں سودا 4 بمرگ، تکیۂ آسائشِ فنا معلوم
تکلف، آئینۂ دو جہاں مُدارا ہے 5 سراغِ یک نگہِ قہر آشنا معلوم
اسد فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا 6 وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم

(146)

بسکہ ہیں بدمستِ بشکنِ بشکنِ میخانہ ہم 1 موئے شیشہ کو سمجھتے ہیں خطِ پیمانہ ہم
بسکہ ہر یک موئے زلف، افشاں سے، ہے تارِ شعاع 2 پنجۂ خُرشید کو سمجھے ہیں دستِ شانہ ہم
بے فُروغِ ماہ سے، ہر موج اک تصویرِ چاک 3 سیل سے فرشِ کتاں کرتے ہیں تا ویرانہ ہم

مشق ازخود رفتگی سے، ہیں بگلوارِ خیال 4 آشنا تعبیر خواب سبزۂ بیگانہ ہم
فرطِ بےخوابی سے، ہیں شبہائے ہجرِ یار میں 5 جوں زبانِ شمع، داغ گرمیِ افسانہ ہم
جانتے ہیں، جوششِ سودائے زلفِ یار میں 6 سنبلِ بالیدہ کو موئے سرِ دیوانہ ہم
بسکہ وہ چشم و چراغِ محفلِ اغیار ہے 7 چپکے چپکے جلتے ہیں، جوں شمعِ خلوتخانہ، ہم
شامِ غم میں، سوزِ عشقِ آتشِ رخسار سے 8 پرفشانِ سوختن ہیں، صورتِ پروانہ، ہم

(147)

رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ، ہم 1 شعلہ ہا نذرِ سمندر، بلکہ آتش خانہ ہم
حسرتِ عرضِ تمنا یاں سے سمجھا چاہئے 2 دو جہاں حشرِ زبانِ خشک ہیں، جوں شانہ، ہم
کشتیِ عالم بطوفانِ تغافل دے، کہ ہیں 3 عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ، ہم
وحشتِ بیربطیِ پیچ و خمِ ہستی نہ پوچھ 4 ننگِ بالیدن ہیں، جوں موئے سرِ دیوانہ، ہم

(148)

ازانجا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم 1 رقیبِ تمنائے دیدار ہیں ہم
رسیدن، گلِ باغِ واماندگی ہے 2 عبث محمل آرائے رفتار ہیں ہم
نفس ہو نہ معزولِ شعلہ دُرودن 3 کہ ضبطِ تپش سے شررکار ہیں ہم
تغافل، کمیں گاہِ وحشت شناسی 4 نگہبانِ دلہائے اغیار ہیں ہم
تماشائے گلشن، تمنائے چیدن 5 بہار آفرینا، گنہگار ہیں ہم
نہ ذوقِ گریباں، نہ پروائے داماں 6 نگہ آشنائے گل و خار ہیں ہم
اسد شکوہ کفر، و دعا ناسپاسی 7 ہجومِ تمنا سے لاچار ہیں ہم

(149)

جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام 1 پیمایشِ زمینِ رہِ عمر بس تمام
کیا دے صدا؟ کہ کلفتِ گم گشتگاں سے، آہ! 2 ہے سرمہ، گردِ رہ، بگلوئے جرس تمام
ڈرتا ہوں کوچہ گردیِ بازارِ عشق سے 3 ہیں، خارِ راہ، جوہرِ تیغِ عسس تمام
اے بالِ اضطراب، کہاں تک فسردگی؟ 4 یک پرزدن تپش میں ہے، کارِ قفس، تمام
گزرا جو آشیاں کا تصور بوقتِ بند 5 مژگانِ چشمِ دام ہوئے، خار و خس تمام
کرنے نپائے ضعف سے شورِ جنوں، اسد 6 اب کے بہار کا یوہیں گذرا برس تمام

(150)

خدا کے بعد نبی، اور نبی کے بعد امام 1 یہی ہے مذہبِ حق، والسلام و الاکرام

(151)

یاں اشک جدا گرم ہے، اور آہ جدا گرم 1 حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم
اُس شعلے نے غنچوں کو جو گلشن میں کیا گرم 2 پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری وہ ہوا گرم
وا کر سکے یاں کون بجز کاوشِ شوخی 3 جوں برق ہے پیچیدگیِ بندِ قبا گرم
گر ہے سرِ دریوزگیِ جلوۂ دیدار 4 جوں پنجۂ خرشید ہو، اے دستِ دعا، گرم
یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلادے 5 کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم
غیروں سے اُسے گرمِ سخن دیکھ کے، غالب 6 میں رشک سے، جوں آتشِ خاموش، رہا گرم

ردیف "ن"

(152)

خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں 1 جوں گردِ راہ، جامۂ ہستی قبا کروں
گر بعدِ مرگ وحشتِ دل کا گلا کروں 2 موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں
آ، اے بہارِ ناز، کہ تیرے خرام سے 3 دستار گردِ شاخِ گلِ نقشِ پا کروں
خوش اوفتادگی! کہ بصحرائے انتظار 4 جوں جادہ، گردِ رہ سے نگہ سرمہ سا کروں
صبر اور یہ ادا کہ دل آوے اسیرِ چاک 5 درد اور یہ کمیں کہ رہِ نالہ وا کروں
وہ بیدماغِ منتِ اقبال ہوں کہ میں 6 وحشت بداغِ سایۂ بالِ ہما کروں
وہ التماسِ لذتِ بیداد ہوں کہ میں 7 تیغِ ستم کو پشتِ خمِ التجا کروں
وہ رازِ نالہ ہوں کہ بشرحِ نگاہِ عجز 8 افشاں، غبارِ سرمہ سے، فردِ صدا کروں

(153)

آنسو کہوں کہ، آہ، سوارِ ہوا کہوں؟ 1 ایسا عناں گسستہ آیا کہ کیا کہوں!
اقبالِ کلفتِ دلِ بہمدعا رسا 2 اختر کو داغِ سایۂ بالِ ہما کہوں
مضمونِ وصل ہاتھ نہ آیا، مگر اُسے 3 اب طائرِ پریدۂ رنگِ حنا کہوں
وزدیدنِ دلِ ستم آمادہ ہے محال 4 مژگاں کہوں کہ جوہرِ تیغِ قضا کہوں
طرزِ آفرینِ نکتہ سرائیِ طبع ہے 5 آئینۂ خیال کو طوطی نما کہوں
غالب، ہے رتبہ فہم تصور سے کچھ پرے 6 ہے عجزِ بندگی، کہ علی کو خدا کہوں

(154)

کسو کو زِ خود رستہ کم دیکھتے ہیں — 1 — کہ آہو کو پابندِ رم دیکھتے ہیں

خطِ لختِ دل یک قلم دیکھتے ہیں — 2 — مژہ کو جواہر رقم دیکھتے ہیں

(155)

آئنہ دام کو سبزے میں چھپاتا ہے عبث — 1 — کہ پری زادِ نظر، قابلِ تسخیر نہیں

مثلِ گل، زخم ہے میرا بھی سناں سے توام — 2 — تیرا ترکش ہی کچھ آبستنِ تیر نہیں

میر کے شعر کا احوال کہوں کیا، غالب — 3 — جس کا دیوان کم از گلشنِ کشمیر نہیں

(156)

جس جا کہ پائے سیلِ بلا درمیاں نہیں — 1 — دیوانگاں کو واں ہوسِ خانماں نہیں

کس جرم سے ہے چشم تجھے حسرتِ قبول — 2 — برگِ حنا مگر مژۂ خوں فشاں نہیں

ہر رنگ گردش، آئنہ ایجادِ درد ہے — 3 — اشکِ سحاب، جز بوداعِ خزاں نہیں

جز عجز کیا کروں بتمنائے بیخودی؟ — 4 — طاقت، حریفِ سختیِ خوابِ گراں نہیں

عبرت سے پوچھ دردِ پریشانیِ نگاہ — 5 — یہ گردِ وہم جز بسرِ امتحاں نہیں

گل، غنچگی میں غرقۂ دریائے رنگ ہے — 6 — اے آگہی، فریبِ تماشا کہاں نہیں

برقِ بجانِ حوصلہ آتش فگن، اسد — 7 — اے دلفسردہ، طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں

(157)

ہے ترحم آفریں، آرائشِ بیداد، یاں — 1 — اشکِ چشمِ دام ہے، ہر دانۂ صیاد، یاں

ہے، گدازِ موم، اندازِ چکیدنہائے خوں — 2 — نیشِ زنبورِ عسل، ہے نشترِ فصاد یاں

ناگوارا ہے ہمیں، احسانِ صاحبدولتاں — 3 — ہے، زرِ گل بھی نظر میں جوہرِ فولاد، یاں

جنبشِ دل سے ہوئے ہیں، عقدہ ہائے کار، وا — 4 — کمتریں مزدورِ سنگیں دست ہے، فرہاد، یاں

قطرہ ہائے خونِ بسمل زیبِ داماں ہیں، اسد — 5 — ہے تماشا کردنی گل چینیِ جلاد، یاں

(158)

بہ رشکِ آشفتہ سر تھا قطرہ زن مژگاں سے جانے میں — 1 — رہے یاں، شوخیِ رفتار سے، پا آستانے میں

ہجومِ مژدۂ دیدار، و پروازِ تماشاہا — 2 — گلِ اقبال خس ہے، چشمِ بلبل، آشیانے میں

ہوئی یہ بیخودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے — 3 — کہ طوطی تنقلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں

ترے کوچے میں ہے، مشاطۂ واماندگی، قاصد — 4 — پرِ پروازِ زلفِ ناز ہے، ہدہد کے شانے میں

کجا معزولیِ آئینہ؟ کو ترکِ خود آرائی؟ 5 نمد در آب ہے، اے سادہ پرکار، اس بہانے میں
بحکمِ عجز، ابروے سیہ تو حیرت ایما ہے 6 کہ یاں گم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں

(159)

فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں 1 ہوئے ہیں بخیہ ہاے زخم جوہر تیغِ دشمن میں
تماشا کردنی ہے لطفِ زخمِ انتظار، اے دل 2 سوادِ داغ مرہم، مردمک ہے چشمِ سوزن میں
دل و دین و خرد، تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی 3 ہوا ہے، جوہرِ آئینہ، خیلِ مور خرمن میں

(160)

پانو میں جب وہ حنا باندھتے ہیں 1 میرے ہاتھوں کو جدا باندھتے ہیں
حسنِ افسردہ دلیہا رنگیں 2 شوق کو پابہ حنا باندھتے ہیں
تیرے بیمار پہ ہیں فریادی 3 وہ جو کاغذ میں دوا باندھتے ہیں
قید میں بھی ہے، اسیری، آزاد 4 چشمِ زنجیر کو وا باندھتے ہیں
شیخ جی، کعبے کا جانا معلوم 5 آپ مسجد میں گدھا باندھتے ہیں
کس کا دل زلف سے بھاگا؟ کہ اسد 6 دستِ شانہ بہ قفا باندھتے ہیں

(161)

صاف ہے از بسکہ عکسِ گل سے، گلزارِ چمن 1 جانشینِ جوہرِ آئینہ ہے، خارِ چمن
ہے بہ نزاکت بسکہ فصلِ گل میں معمارِ چمن 2 قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن
تیری آرایش کا استقبال کرتی ہے بہار 3 جوہرِ آئینہ، ہے یاں نقشِ احضارِ چمن
بسکہ پائی یار کی رنگیں ادائی سے شکست 4 ہے، کلاہِ نازِ گل، بر طاقِ دیوارِ چمن
وقت ہے، گر بلبلِ مسکیں زلیخائی کرے 5 یوسف جلوہ فرما ہے بہ بازارِ چمن
وحشت افزا گریہ ہا موقوفِ فصلِ گل، اسد 6 چشمِ دریا بار ہے میر آبِ سرکارِ چمن

(162)

جوں مردمکِ چشم میں ہوں جمع، نگاہیں 1 خوابیدہ بحیرت کدۂ داغ ہیں آہیں
پھر حلقۂ کاکل میں پڑیں دید کی راہیں 2 جوں دود، فراہم ہوئیں روزن میں نگاہیں
پایا سرِ ہر ذرہ، جگر گوشۂ وحشت 3 ہیں داغ سے معمور، شقایق کی کلاہیں
کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا؟ 4 آئینے کے پایاب سے اتری ہیں سپاہیں
دیر و حرم، آئینۂ تکرارِ تمنا 5 واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں

یہ مطلع، اسد جوہرِ افسونِ سخن ہو 6 گر عرضِ تپاکِ نفسِ سوختہ چاہیں

مطلع

حسرت کشِ یک جلوۂ معنی ہیں نگاہیں 7 کھینچوں ہوں سویداے دلِ چشم سے آہیں

(163)

تن بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں 1 دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں

تمیزِ زشتی و نیکی میں لاکھ باتیں ہیں 2 بعکسِ آئنہ یک فرد سادہ رکھتے ہیں

برنگِ سایہ، ہمیں بندگی میں ہے تسلیم 3 کہ داغِ دل بہ جبینِ کشادہ رکھتے ہیں

بزاہداں، رگِ گردن، ہے رشتہ زُنّار 4 سرِ بپاۓ بتِ نانہادہ رکھتے ہیں

معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز 5 دلِ بدستِ نگارے ندادہ رکھتے ہیں

برنگِ سبزہ، عزیزانِ بدزباں یکدست 6 ہزار تیغِ بزہراب دادہ رکھتے ہیں

(164)

طاؤس نمط، داغ کے گر رنگ نکالوں 1 یک فردِ نسب نامۂ نیرنگ نکالوں

کو تیزیِ رفتار؟ کہ صحرا سے زمیں کو 2 جوں قمریِ بسمل، تپش آہنگ نکالوں

دامانِ شفق، طرفِ نقابِ مہِ نو ہے 3 ناخن کو جگر کاوی میں بیرنگ نکالوں

کیفیتِ دیگر ہے، فشارِ دلِ خونیں 4 یک غنچے سے صد خُم مے گلرنگ نکالوں

پیمانہ وسعت کدۂ شوق ہوں، اے رشک 5 محفل سے مگر شمع کو دلتنگ نکالوں

گر ہو بلدِ شوق مری خاک کو وحشت 6 صحرا کو بھی گھر سے کئی فرسنگ نکالوں

فریاد! اسد غفلتِ رسوائیِ دل سے 7 کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں؟

(165)

کیا ضعف میں اُمید کو دلتنگ نکالوں؟ 1 میں خار ہوں، آتش میں چبھوں، رنگ نکالوں

نے کوچۂ رسوائی و زنجیرِ پریشاں 2 کس پردے میں فریاد کی آہنگ نکالوں؟

یک نشو و نما جا نہیں جولانِ ہوس کو 3 ہر چند بمقدارِ دلِ تنگ نکالوں

گر جلوۂ خُرشید خریدارِ وفا ہو 4 جوں ذرّہ، صد آئینۂ بیزنگ نکالوں

افسردۂ تمکیں ہے، نفس گرمیِ احباب 5 پھر شیشے سے عطرِ شررِ سنگ نکالوں

ضعف، آئنہ پردازیِ دستِ دگراں ہے 6 تصویر کے پردے میں مگر رنگ نکالوں

ہے غیرتِ الفت، کہ، اسد اُس کی ادا پر 7 گر دیدہ و دل صلح کریں، جنگ نکالوں

(166)

سودائے عشق سے دمِ سردِ کشیدہ ہوں 1 شامِ خیالِ زلف سے صبحِ دمیدہ ہوں
دورانِ سر سے گردشِ ساغر ہے متّصل 2 خمخانۂ جنوں میں دماغِ رسیدہ ہوں
کی، متّصل ستارہ شماری میں عمر، صرف 3 تسبیحِ اشکہائے ز مژگاں چکیدہ ہوں
ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں 4 خارِ الم سے، پشت بدنداں گزیدہ ہوں
ہوں گرمیِ نشاطِ تصور سے نغمہ سنج 5 میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں
دیتا ہوں کشتگاں کو سخن سے سرِ تپش 6 مضرابِ تارہائے گلوئے بُریدہ ہوں
ہے جنبشِ زباں بہ دہن سخت ناگوار 7 خونابۂ ہلاہلِ حسرت چشیدہ ہوں
جوں بوئے گل، ہوں گرچہ، گراں بارِ مُشتِ زر 8 لیکن، اسد، بوقتِ گزشتن جریدہ ہوں

(167)

خوں در جگر نہفتہ بزردی رسیدہ ہوں 1 خود آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ ہوں
ہے دستِ رد بسیرِ جہاں، بستنِ نظر 2 پائے ہوس بدامنِ مژگاں کشیدہ ہوں
میں چشمِ وا کشادہ، و گلشن نظر فریب 3 لیکن عبث کہ شبنمِ خُرشید دیدہ ہوں
تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول 4 اے بےخبر، میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں
پیدا نہیں ہے اصلِ تگ و تازِ جستجو 5 مانندِ موجِ آب، زبانِ بُریدہ ہوں
سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا 6 یارب، میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں؟
میں بے ہنر کہ جوہرِ آئینہ تھا، عبث 7 پائے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں
میرا نیاز و عجز ہے مفتِ بتاں، اسد 8 یعنی کہ بندۂ بدرمِ ناخریدہ ہوں

(168)

بقدرِ لفظ و معنی فکرت احرامِ گریباں ہیں 1 وگرنہ کیجیے جو ذرّہ عریاں، ہم نمایاں ہیں
عروجِ نشّۂ واماندگی پیمانہ محمل تر 2 برنگِ ریشۂ تاک، آبلے، جادے میں پنہاں ہیں
بوحشتگاہِ امکاں اتفاقِ چشم مشکل ہے 3 مہ و خُرشید باہم سازِ یک خوابِ پریشاں ہیں
نہ انشا معنیِ مضموں، نہ املا صورتِ موزوں 4 عنایت نامہ ہائے اہلِ دنیا، ہرزہ عنواں ہیں
طلسمِ آفرینش، حلقۂ یک بزمِ ماتم ہے 5 زمانے کے شبِ یلدا سے، موئے سر پریشاں ہیں
یہ کس بے مہر کی تمثال کا ہے جلوہ سیمابی 6 کہ مثلِ ذرّہ ہائے خاک، آئینے پرافشاں ہیں
نگر آتش ہمارا کوکبِ اقبال چمکاوے 7 وگرنہ، مثلِ خارِ خشک، مردودِ گلستاں ہیں
اسد، بزمِ تماشا میں تغافل پردہ داری ہے 8 اگر ڈھانپے، تو آنکھیں ڈھانپ، ہم تصویرِ عریاں ہیں

(169)

مرگِ شیریں ہو گئی تھی کوہکن کی فکر میں   1   تھا حریرِ سنگ سے، قطعِ کفن کی فکر میں

فرصتِ یک چشم حیرت، شش جہت آغوش ہے   2   ہوں، سپند آسا، وداعِ انجمن کی فکر میں

وہ غریبِ وحشت آبادِ تسلی ہوں، جسے   3   کوچہ دے ہے زخمِ دل صبحِ وطن کی فکر میں

سایۂ گل داغ، وجوشِ نکہتِ گل موجِ دود   4   رنگ کی گرمی ہے تاراجِ چمن کی فکر میں

فالِ ہستی، خارِ خارِ وحشتِ اندیشہ ہے   5   شوخیِ سوزن ہے ساماں پیرہن کی فکر میں

غفلتِ دیوانہ جز تمہیدِ آگاہی نہیں   6   مغزِ سر، خوابِ پریشاں ہے سخن کی فکر میں

مجھ میں اور مجنوں میں، وحشت، سازِ دعوا ہے، اسد   7   برگِ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں

(170)

اے نواسازِ تماشا، سربکف جلتا ہوں میں   1   یک طرف جلتا ہے دل اور یک طرف جلتا ہوں میں

شمع ہوں، لیکن بپا در رفتہ خارِ جستجو   2   مدعا گم کردہ، ہر سو ہر طرف، جلتا ہوں میں

ہے، مُساسِ دستِ افسوس، آتش انگیز تپش   3   بے تکلف آپ پیدا کر کے تف جلتا ہوں میں

ہے تماشا گاہِ سوزِ ناز، ہر یک عضوِ تن   4   جوں چراغانِ دوالی، صف بصف جلتا ہوں میں

شمع ہوں، تو بزم میں جا پاؤں غالب کی طرح   5   بے محل، اے مجلس آرائے نجف، جلتا ہوں میں

(171)

فتادگی میں قدم استوار رکھتے ہیں   1   برنگِ جادہ، سرِ کوئے یار رکھتے ہیں

برہنہ مستیِ صبحِ بہار رکھتے ہیں   2   جنونِ حسرتِ یک جامہ دار رکھتے ہیں

طلسمِ مستیِ دل آں سوئے ہجومِ سرشک   3   ہم ایک میکدہ دریا کے پار رکھتے ہیں

ہمیں، حریرِ شرر بافِ سنگ، خلعت ہے   4   یہ ایک پیرہنِ زرنگار رکھتے ہیں

نگاہِ دیدۂ نقشِ قدم ہے، جادۂ راہ   5   گزشتگاں، اثرِ انتظار رکھتے ہیں

ہوا ہے، گریۂ بیباک، ضبط سے تسبیح   6   ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں

بساطِ ہیچ کسی میں، برنگِ ریگِ رواں   7   ہزار دل بہ وداعِ قرار رکھتے ہیں

جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ ہے، غالب   8   بسانِ دشت، دلِ پُر غبار رکھتے ہیں

(172)

بغفلت عطرِ گل، ہم آگہی مخمور، ملتے ہیں   1   چراغانِ تماشا چشمِ صد ناسور ملتے ہیں

رہا کس جرم سے میں بیقرار داغ ہمطرحی؟   2   سمندر کو پرِ پروانہ سے کافور ملتے ہیں

چمن، نامحرمِ آگاہیِ دیدارِ خوباں ہے 3 سحر گلہائے نرگس چند چشمِ کور ملتے ہیں

کجا جوہر؟ چہ عکسِ خط؟ بتاں وقتِ خود آرائی 4 دلِ آئینہ زیرِ پائے خیلِ مور ملتے ہیں

تماشائے بہار، آئینہ پردازِ تسلی ہے 5 کفِ گلبرگ سے پائے دلِ رنجور ملتے ہیں

گراں جانی سنگسار، و تماشا بیدماغ آیا 6 کفِ افسوسِ فرصت سنگِ کوہِ طور ملتے ہیں

اسد، حسرت کشِ یک داغِ مشک اندودہ ہے، یارب 7 لباسِ شمع پر عطرِ شبِ دیجور ملتے ہیں

(173)

ہوئی ہیں آب، شرمِ کوشش بیجا سے، تدبیریں 1 عرق ریزِ تپش ہیں، موج کے مانند، زنجیریں

خیالِ سادگیہائے تصور، نقشِ حیرت ہے 2 پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی ہیں تصویریں

زبس ہر شمع یاں آئینۂ حیرت پرستی ہے 3 کرے ہیں غنچہ منقارِ طوطیِ نقش، گلگیریں

سپند آہنگیِ ہستی، وسعیِ نالہ فرسائی 4 غبار آلودہ ہیں، جوں دودِ شمعِ کشتہ، تقریریں

ہجومِ سادہ لوحی، پنبۂ گوشِ حریفاں ہے 5 وگرنہ خواب کی مُضمر ہیں افسانے میں، تعبیریں

بتانِ شوخ کی تمکینِ بعد از قتل کی حیرت 6 بیاضِ دیدۂ نخچیر پر کھینچے ہے تصویریں

اسد، طرزِ عروجِ اضطرابِ دل کو کیا کہیے 7 سمجھتا ہوں تپش کو الفتِ قاتل کی تاثیریں

(174)

بیدماغی، حیلہ جویِ ترکِ تنہائی نہیں 1 ورنہ کیا موجِ نفس، زنجیرِ رسوائی نہیں؟

وحشیِ خو کردۂ نظارہ ہے، حیرت جسے 2 حلقۂ زنجیر، جز چشمِ تماشائی نہیں

قطرے کو جوشِ عرق کرتا ہے دریا دستگاہ 3 جز حیا، پرکارِ سعیِ بے سروپائی نہیں

چشمِ نرگس میں نمک بھرتی ہے شبنم سے، بہار 4 فرصتِ نشو و نما، سازِ شکیبائی نہیں

کس کو دوں، یارب، حسابِ سوزنا کیہائے دل؟ 5 آمد و رفتِ نفس، جز شعلہ پیمائی نہیں

مت رکھ، اے انجام غافل، سازِ ہستی پر غرور 6 چیونٹی کے پر، سروبرگِ خود آرائی نہیں

سایۂ افتادگی بالین و بستر ہوں، اسد 7 جوں صنوبر، دل سراپا قامت آرائی نہیں

(175)

ظاہرا سرپنجۂ افتادگاں گیرا نہیں 1 ورنہ کیا حسرت کشِ دامن یہ نقشِ پا نہیں

آنکھیں پتھرائی ہیں، نامحسوس ہے تارِ نگاہ 2 بے زمیں از بسکہ نگیں، جادہ بھی پیدا نہیں

ہو چکے ہم جادہ ساں صد بار قطع، اور پھر ہنوز 3 زینتِ یک پیرہن، جوں دامنِ صحرا، نہیں

ہو سکے ہے پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر 4 اشک، بعدِ ضبط، غیر از پنبۂ مینا نہیں

ہو سکے کب کلفتِ دل، مانعِ سیلانِ اشک؟ 5 گردِ ساحل، سنگِ راہِ جوششِ دریا نہیں
ہے طلسمِ دہر میں، صد حشر پاداشِ عمل 6 آگہی غافل، کہ ایک امروز بے فردا نہیں
بسمل اس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا، اسد 7 عافیت بیزار، ذوقِ کھنچین اچھا نہیں

(176)

ضبط سے مطلب، بجز وارستگی، دیگر نہیں 1 دامنِ تمثال، آبِ آئنہ سے تر نہیں
ہے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت 2 عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں
باعثِ ایذا ہے، برہم خوردنِ بزمِ سرور 3 لختِ لختِ شیشۂ بشکستہ، جز نشتر نہیں
واں سیاہی مردمک ہے، اور یاں داغِ شراب 4 مہ، حریفِ نازشِ ہم چشمیِ ساغر نہیں
ہے فلکِ بالا نشینِ فیضِ خَم گردیدنی 5 عاجزی سے، ظاہرا رتبہ کوئی، برتر نہیں
دل کو اظہارِ سخن، اندازِ فتح الباب ہے 6 یاں صریرِ خامہ، غیر از اصطکاکِ در نہیں
کب تلک پھیرے اسد لبہائے تفتہ پر زباں؟ 7 تابِ عرضِ تشنگی، اے ساقیِ کوثر، نہیں

(177)

دیکھیے مت چشمِ کم سے سوئے ضبط افسردگاں 1 جوں صدف پُر در ہیں، دنداں در جگر افشردگاں
گرمِ تکلیفِ دلِ رنجیدہ ہے از بسکہ، چرخ 2 قرصِ کافوری ہے، مہر، از بہرِ سرما خوردگاں
رنجشِ دل یک جہاں ویراں کرے گی، اے فلک 3 دشت ساماں ہے، غبارِ خاطرِ آزردگاں
ہاتھ پر ہو ہاتھ، تو درسِ تاسف ہی سہی 4 شوق مفتِ زندگی ہے، اے بغفلت مردگاں
خار سے گل سینہ افگارِ جفا ہے، اے اسد 5 برگ ریزی ہے پر افشانیِ ناوک خوردگاں

(178)

فلکِ سِفلہ بے محابا ہے 1 اس ستمگر کو انفعال کہاں؟
بوسے میں وہ مضایقہ نکرے 2 پر مجھے طاقتِ سوال کہاں؟

(179)

میکشی کو نہ سمجھ بے حاصل 1 بادہ، غالبؔ، عرقِ بید نہیں

(180)

پیٹھ محراب کی قبلے کی طرف رہتی ہے 1 محوِ نسبت ہیں، تکلف ہمیں منظور نہیں

(181)

مجلسِ شعلہ عذاراں میں جو آ جاتا ہوں 1 شمع ساں، میں تہِ دامانِ صبا جاتا ہوں

ہووے ہے، جادۂ رہ، رشتۂ گوہر ہر گام 2 جس گزرگاہ سے، میں آبلہ پا جاتا ہوں

سرگراں مجھ سے سبکرو کے، نہ رہنے سے رہو 3 کہ بہ یک جنبشِ لب، مثلِ صدا، جاتا ہوں

(182)

اپنا احوالِ دلِ زار کہوں یا لکھوں؟ 1 ہے حیا مانعِ اظہار، کہوں یا لکھوں؟

نہیں کرنے کا، میں تقریر ادب سے باہر 2 میں بھی ہوں محرمِ اسرار، کہوں یا لکھوں؟

شکر سمجھو اسے، یا کوئی شکایت سمجھو 3 اپنی ہستی سے ہوں بیزار، کہوں یا لکھوں؟

اپنے دل ہی سے، میں احوالِ گرفتاریِ دل 4 جب نہ پاؤں کوئی غمخوار، کہوں یا لکھوں؟

دل کے ہاتھوں سے، کہ ہے دشمنِ جانی میرا 5 ہوں اک آفت میں گرفتار کہوں یا لکھوں؟

میں تو دیوانہ ہوں، اور ایک جہاں ہے غمّاز 6 گوش ہیں در پسِ دیوار، کہوں یا لکھوں؟

آپ سے وہ مرا احوال نہ پوچھے تو، اسد 7 حسبِ حال اپنے پھر اشعار کہوں نہ کہوں

(183)

اس قدر ضبط کہاں ہے کبھی آ بھی نہ سکوں 1 ستم اتنا تو نہ کیجے کہ اٹھا بھی نہ سکوں!

لگ گئی آگ اگر گھر کو، تو اندیشہ کیا 2 شعلۂ دل تو نہیں ہے کہ بجھا بھی نہ سکوں

تم نہ آؤگے، تو مرنے کی ہیں سو تدبیریں 3 موت کچھ تم تو نہیں ہو کہ بلا بھی نہ سکوں

ہنس کے بلوایئے، مٹ جائے گا سب دل کا گلہ 4 کیا تصور ہے تمہارا کہ مٹا بھی نہ سکوں

(184)

جس دن سے کہ ہم غمزدہ زنجیر بپا ہیں 1 کپڑوں میں جوئیں بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں

(185)

تم سلامت رہو قیامت تک! 1 دولت و عز و جاہ روز افزوں

(186)

درم و دام اپنے پاس کہاں؟ 1 چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟

(187)

میں قائلِ خدا و نبی و امام ہوں 1 بندہ خدا کا، اور علی کا غلام ہوں

(188)

در پہ امیر کلبِ علی خاں کے ہوں مقیم 1 شائستۂ گدائیِ ہر در نہیں ہوں میں

بوڑھا ہوا ہوں، قابلِ خدمت نہیں، اسد 2 خیرات خوار محض ہوں، نوکر نہیں ہوں میں

(189)

ممکن نہیں کہ بھول کے بھی آرمیدہ ہوں 1 میں، دشتِ غم میں، آہوئے صیاد دیدہ ہوں

ہوں دردمند، جبر ہو یا اختیار ہو 2 گہ نالۂ کشیدہ، گہ اشکِ چکیدہ ہوں

جاں لب پہ آئی، تو بھی نہ شیریں ہوا دہن 3 از بسکہ تلخئ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں

نے سُبحہ سے علاقہ، نہ ساغر سے واسطہ 4 میں معرضِ مثال میں، دستِ بریدہ ہوں

ہوں خاکسار، پر نہ کسی سے ہے مجھ کو لاگ 5 نے دانۂ فتادہ ہوں، نے دامِ چیدہ ہوں

جو چاہیے، نہیں وہ، مری قدر و منزلت 6 میں، یوسفِ بقیمتِ اوّل (؟) خریدہ ہوں

ہرگز کسی کے دل میں نہیں ہے، مری جگہ 7 ہوں میں کلامِ نغز، ولے ناشنیدہ ہوں

اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند، ہوں ذلیل 8 پر عاصیوں کے زمرے میں، میں برگزیدہ ہوں

پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح، اسد 9 ڈرتا ہوں آئنے سے کہ مردم گزیدہ ہوں

(190)

میں بھولا نہیں تجھ کو، اے میری جاں 1 کروں کیا؟ کہ یاں گر رہے ہیں مکاں

(191)

جو معشوقِ زلفِ دوتا باندھتے ہیں 1 مرے سر سے کالی بلا باندھتے ہیں

(192)

سراسیمہ نقشیں ہیں پریشاں نگاہاں 1 اسد کو گر از چشمِ کم دیکھتے ہیں

کہ ہم بیضۂ طوطئ ہند، غافل 2 تہِ بالِ شمعِ حرم دیکھتے ہیں

(193)

برنگِ سایہ مردکا، انتظار نہ پوچھ 1 سراغِ خلوتِ شب ہائے تار رکھتے ہیں

(194)

ادب نے سونپی ہمیں سرمہ سائئ حیرت 1 زبان بستہ و چشمِ کشادہ رکھتے ہیں

(195)

خمارِ جادہ رویاندن ہے خطِ جامِ مے نوشاں 1 وگرنہ منزلِ حیرت سے کیا واقف ہیں مدہوشاں؟

نہیں ہے، ضبط، جز مشقِ نگہہا سے غم آرائی 2 کہ میلِ سرمہ چشمِ داغ میں ہے، آہِ خاموشاں

بہ ہنگامِ تصورِ ساغرِ زانو سے پیتا ہوں 3 مے کیفیتِ خمیازہ ہائے صبح آغوشاں

نشانِ روشنئ دل نہاں ہے تیرہ بختوں کا 4 نہیں محسوس، دودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں

پریشانی، اسد در پردہ ہے سامانِ جمعیت 5 کہ ہے آبادئ صحرا، ہجومِ خانہ بر دوشاں

(196)

تنگی سے ہے سبب قطرے کو شکلِ گوہر افسردن — 1 — گرہ ہے حسرتِ آبے بروئے کار آوردن

مہ نو سے ہے در برزن دار نعلِ واژگوں باندھا — 2 — نہیں ممکن بجولاں ہائے گردوں دخل بے بردن

خمارِ ضبط سے بھی نشۂ اظہار پیدا ہے — 3 — تراوش شیرۂ انگور کی ہے مفتِ افشردن

خراب آبادِ غربت میں عبث، افسوسِ ویرانی — 4 — گلِ از شاخ دور افتادہ ہے نزدیکِ پژمردن

فغان و آہ سے حاصل بجز دردِ سرِ یاراں — 5 — خوشا اے غفلتِ آگاہاں، نفس دزدیدن و مردن

دریغا! بستنِ رختِ سفر سے ہو کے ہیں غافل — 6 — رہا پامالِ حسرت ہائے، فرشِ بزم گستردن

اسد، ہے شمع مجبورِ تمنا آفرینی ہا — 7 — فغاں! بے اختیاری و فریبِ آرزو خوردن

(197)

سازشِ صلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — 1 — نغمہ و چنگ، ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن

بسکہ شرمندۂ بوئے خوشِ گلرویاں ہے — 2 — نکہتِ گل کو ہے غنچے میں نفس دزدیدن

ہے فروغِ رخِ افروختۂ خوباں سے — 3 — شعلۂ شمع، پرافشانِ بخود لرزیدن

گلشنِ زخم کھلاتا ہے جگر میں، پیکاں — 4 — گروِ غنچہ ہے، سامانِ چمن بالیدن

جانبِ دہر نہ ہوں سبزۂ بیگانہ، اسد — 5 — وائے! اے بیخودی و تہمتِ آرامیدن

ردیف "و"

(198)

ہجومِ بالیدنِ سنگ و گلِ صحرا یہ چاہے ہے — 1 — کہ تارِ جادہ بھی کہسار کو زنّارِ مینا ہو

حریفِ وحشتِ نازِ نسیمِ عشق جب آؤں — 2 — کہ مثلِ غنچہ، سازِ یک گلستاں دل مہیا ہو

بجائے دانہ خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری — 3 — مرا حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو

کرے کیا سازشِ بینش وہ شہیدِ دردِ آگاہی — 4 — جسے موئے دماغِ بیخودی، خوابِ زلیخا ہو

وہ دل، جوں شمع، بہرِ دعوتِ نظارہ لا جس سے — 5 — نگہ لبریزِ اشک، و سینہ معمورِ تمنا ہو

نہ دیکھیں روئے یک دل سرد، غیر از شمعِ کافوری — 6 — خدایا، اس قدر بزمِ اسد گرمِ تماشا ہو

(199)

اگر وہ آفتِ نظارہ جلوہ گستر ہو — 1 — ہلالِ ناخنکِ دیدہ ہائے اختر ہو

بیادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم — 2 — ہر ایک داغِ جگر، آفتابِ محشر ہو

ستم کشی کا، کیا دل نے حوصلہ پیدا 3 اب اُس سے ربط کروں، جو بہت ستمگر ہو

عجب نہیں، ہے تحریرِ حالِ گریۂ چشم 4 بروئے آب جو، ہر موج، نقشِ مسطر ہو

امیدوار ہوں، تاثیرِ تلخ کامی سے 5 کہ قندِ بوسۂ شیریں لباں مکرر ہو

صدف کی، ہے ترے نقشِ قدم میں، کیفیت 6 سرشکِ چشمِ اسد، کیوں نہ اس میں گوہر ہو

(200)

بے دردِ سر بہ سجدۂ الفت فرو نہ ہو 1 جوں شمع، غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو

دل، دے کفِ تماشائے ابروئے یار میں 2 آئینہ ایسے طاق پہ گم کر کہ تو نہ ہو

زلفِ خیالِ نازک، و اظہار بیقرار 3 یارب بیانِ شانہ کشِ گفتگو نہ ہو

تمثالِ نازِ جلوۂ نیرنگِ اعتبار 4 ہستی عدم ہے، آئینہ گر روبرو نہ ہو

مژگاں خمیدۂ رگِ ابرِ بہار ہے 5 نشتر، بغیرِ پنبۂ مینا فرو نہ ہو

عرضِ نشاط دید ہے، مژگانِ انتظار 6 یارب کہ خارِ پیرہنِ آرزو نہ ہو

واں پر فشانِ دامِ نظر ہوں جہاں، اسد 7 صبحِ بہار بھی قفسِ رنگ و بو نہ ہو

(201)

مبادا! بے تکلف فصل کا برگ و نوا گم ہو 1 گر طوفانِ مے میں پیچشِ موجِ صبا گم ہو

سبو، در دستگاں کو ننگِ ہمت ہے، خدا را تا 2 اثر شرمِ مے سے اور لبہائے عاشق سے صدا گم ہو

تنک جز درد، تسکیں کو ہشیا ہے بیدرداں 3 کہ موجِ گریہ میں صد خندۂ دنداں نما گم ہو

ہوئی ہے ناتوانی، بیدماغِ شوخیِ مطلب 4 فرو ماندہ ہے سر سجدے میں، اے دستِ دعا گم ہو

پسے ہم منتِ دیوی یک جہاں افشانِ جبیں لیکن 5 مبادا! اے عتابِ طبع، نقشِ مدعا گم ہو

بلا گردانِ تمکینِ بتاں، صد موجۂ گوہر 6 عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو

اشارہ ہے کب وہ جانِ شرمِ تہمت تنگیِ عاشق کی 7 کہ جس کے ہاتھ میں مانندِ خوں، رنگِ حنا گم ہو

کریں خوباں جو سیرِ حسن، اسد یک پردہ نازک تر 8 دمِ صبحِ قیامت، در گریبانِ قبا گم ہو

(202)

خشکی سے نے تکلف کی میکدے کی آبرو 1 کاسۂ دریوزہ ہے، پیمانۂ دستِ سبو

ہے جہاں پروردنِ یعقوب، بالِ خاک سے 2 دام لیتے ہیں، پرِ پرواز، پیراہن کی بو

گردِ ساحل، ہے بہ لمِ شرمِ جبیں آشنا 3 گر نہ باندھے قلزمِ الفت میں سر، جائے کدو

گرمیِ شوقِ طلب، ہے عین تا پاکِ وصال 4 غافلاں، آئینہ داں ہے، نقشِ پائے جستجو

رہنِ خاموشی میں ہے، آرایشِ بزمِ وصال 5 ہے پرِ پروانہ رنگِ رفتۂ خوں، گفتگو
ہے تماشا، حیرت آبادِ تغافلہائے شوق 6 یک رگِ خواب، و سراسر جوشِ خونِ آرزو
خوئے شرمِ سرد بازاری، ہے سیلِ خانماں 7 ہے، اسد، نقصاں میں منفعت اور صاحبِ سرمایہ تو

(203)

رنگِ طرب ہے، صورتِ عہدِ وفا، گرو 1 تھا کس قدر شکستہ کہ ہے جابجا گرو
پرواز نقدِ دامِ تمنائے جلوہ تھا 2 طاؤسِ نغمہ اک آئنہ خانہ رکھا گرو
عرضِ بساطِ انجمنِ رنگ مفت ہے 3 موجِ بہار رکھتی ہے اک بوریا گرو
ہر ذرۂ خاک، عرضِ تمنائے رفتگاں 4 آئینہ ہا شکستہ، و تمثالہا گرو
ہے تاک میں سلم ہوسِ صد قدح شراب 5 تسبیحِ زاہداں، بکفِ مدعا گرو
برقِ آبیار فرصتِ رنگِ دمیدہ ہوں 6 جوں مغزِ شمع، ریشے میں نشوو نما گرو
طاقت، بساطِ دست گہِ یک قدم نہیں 7 جوں اشک، جب تلک نہ رکھوں دست و پا گرو
ہے وحشتِ جنونِ بہار اس قدر کہ ہے 8 بالِ پری، بشوخیِ موجِ صبا گرو
بیتابِ سیرِ دل ہے، سرِ ناخنِ نگار 9 یاں نعل ہے بآتشِ رنگِ حنا گرو
ہوں سخت جانِ کاوشِ فکرِ سخن، اسد 10 تیشے کی، کوہسار میں ہے، یک صدا گرو

(204)

ابر روتا ہے کہ بزمِ طرب آمادہ کرو 1 برق ہنستی ہے کہ فرصت کوئی دم ہے ہم کو
طاقتِ رنجِ سفر بھی نہیں پاتے اتنی 2 ہجرِ یارانِ وطن کا بھی الم ہے ہم کو
لائی ہے معتمدالدولہ بہادر کی امید 3 جادۂ رہ، کششِ کافِ کرم ہے ہم کو

(205)

دیکھتا ہوں اُسے، تھی جس کی تمنا مجھ کو 1 آج بیداری میں ہے خوابِ زلیخا مجھ کو

(206)

شمشیرِ صاف یار، جو زہر آب دادہ ہو 1 وہ خطِ سبز ہے کہ بہ رخسارِ سادہ ہو

(207)

بیچارہ کتنی دور سے آیا ہے، شیخ جی 1 کعبے میں، کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پانو؟

(208)

آئی اگر بلا، تو جگر سے ٹلے نہیں 1 ایرا ہی دے کے ہم نے بچایا ہے کشت کو

(209)

نتیجہ اپنی آہوں کا ہے شکلِ مستوی پورا　۹　ہیولیٰ صورتِ کابوس بھو خوابِ گراں کیوں ہو

(210)

جو یا ہے حالِ دلِ آلی و انور، سلام لو

(211)

گالی تھیں جمرو کی بیگم، کتنا پایا ہو　1　دودھ میں پکے تھے شلغم، تا پایا ہو

(212)

منقار سے رکھتا ہوں ہم چاکِ قفس کو　1　تاگل ز جگر زخم میں ہے راہ نفس کو

بیباک ہوں از بسکہ بیازارِ محبت　2　سمجھا ہوں زرہ جوہرِ شمشیر عسس کو

رہنے دو گرفتارِ بزندانِ خموشی　3　چھیڑو نہ مجھ افسردۂ دزدیدہ نفس کو

پیدا ہوئے ہیں ہم المِ آبادِ جہاں میں　4　فرسودنِ پائے طلب و دستِ ہوس کو

نالاں ہو، اسد، تو بھی سرِ راہ گزر پر　5　کہتے ہیں کہ تاثیر ہے فریادِ جرس کو

ردیف "ہ"

(213)

حیرت، ہجومِ لذتِ غلطانیٔ تپش　1　سیماب بالش، و کمرِ دل ہے آئنہ

غفلت، بیالِ جوہرِ شمشیر پر فشاں　2　یاں پشتِ چشمِ شوخیٔ قاتل ہے آئنہ

حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ　3　در پردۂ ہوا پرِ بسمل ہے آئنہ

یاں رہ گئے ہیں ناخنِ تدبیر ٹوٹ کر　4　جوہر طلسمِ عقدۂ مشکل ہے آئنہ

ہم زانوئے تأمل، و ہم جلوہ گاہِ گل　5　آئینہ بندِ خلوت و محفل ہے آئنہ

دل کارگاہِ فکر، و اسد بینوائے دل　6　یاں سنگِ آستانۂ بیدلؔ ہے آئنہ

(214)

جز دل سراغِ درد بہ دل خفتگاں نہ پوچھ　1　آئنہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ

ہندوستان سایۂ گل پائے تخت تھا　2　جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ

پرواز، یک تپِ غمِ تسخیرِ نالہ ہے　3　گرمیٔ نبضِ خار و خسِ آشیاں نہ پوچھ

تو مشقِ ناز کر، دلِ پروانہ ہے بہار　4　بیتابیٔ تجلیٔ آتش بجاں نہ پوچھ

غفلت متاعِ کفۂ میزانِ عدل ہوں　5　یارب، حسابِ سختیٔ خوابِ گراں نہ پوچھ

ہر داغِ تازہ یک دلِ داغ انتظار ہے 6 عرضِ فضائے سینۂ دردِ امتحاں نہ پوچھ

کہتا تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ آہ 7 دردِ جدائیِ اسد اللہ خاں نہ پوچھ

(215)

رفتار سے شیرازۂ اجزائے قدم باندھ 1 اے آبلہ، محمل پئے صحرائے عدم باندھ

بیکاریِ تسلیم، بہر رنگ چمن ہے 2 گر خاک ہو، گلدستۂ صد نقشِ قدم باندھ

اے جادہ، بسر رشتۂ یک ریشہ دویدن 3 شیرازۂ صد آبلہ، جوں سبحہ، بہم باندھ

حیرت، حدِ اقلیمِ تمنائے پری ہے 4 آئینے پہ آئینِ گلستانِ ارم باندھ

پامردِ یک انداز نہیں قامتِ ہستی 5 طاقت اگر اعجاز کرے، جبہہ خم باندھ

دیباچۂ وحشت ہے، اسد، شکوۂ خوباں 6 خوں کر دلِ اندیشہ، و مضمونِ ستم باندھ

(216)

خلق ہے صفحۂ عبرت سے سبق ناخواندہ 1 ورنہ ہے چرخ و زمیں، یک ورقِ گرداندہ

دیکھ کر بادہ پرستوں کی دل افسردگیاں 2 موجِ مے مثلِ خطِ جام، ہے برجا ماندہ

خامشیِ دل بے زباں کو سببِ گفت و بیاں 3 ہے، سخن، گردِ ز دامانِ ضمیر افشاندہ

کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدیگر سے 4 ہے، ہر اک فرد، جہاں میں ورقِ ناخواندہ

حیف! بیحاصلیِ اہلِ ریا پر، غالب 5 یعنی ہیں ماندہ ازاں سو و ازیں سو راندہ

(217)

بسکہ مے پیتے ہیں، اربابِ فنا پوشیدہ 1 خطِ پیمانۂ مے، ہے نفسِ دزدیدہ

بخرورِ طرحِ قامت و رعنائیِ سرو 2 طوق، ہے گردنِ قمری میں رگِ بالیدہ

کی ہے وا اہلِ جہاں نے بگلستانِ جہاں 3 چشمِ غفلت نظرِ شبنمِ خور نادیدہ

باس آئینۂ پیدائیِ استغنا ہے 4 نا امیدی ہے پرستارِ دلِ رنجیدہ

واسطے فکرِ مضامینِ متیں کے، غالب 5 چاہیے خاطرِ جمع و دلِ آرامیدہ

(218)

جوشِ دل ہے، مجھ سے حسنِ فطرتِ بیدل نہ پوچھ 1 قطرے سے میخانۂ دریائے بے ساحل نہ پوچھ

پہنِ کشتیہائے دل، بزمِ نشاطِ گردباد 2 لذتِ عرضِ کشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ

آبلہ، پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا 3 اے دماغِ نارسا، خمخانۂ منزل نہ پوچھ

نے صبا بالِ پری، نے شعلہ سامانِ جنوں 4 شمع سے جز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ

یک مژہ برہم زدن، حشرِ دو عالم فتنہ ہے 5 یاں سراغِ عافیت، جز دیدۂ بسمل نہ پوچھ
بزم ہے یک پنبۂ مینا، گداز ربط سے 6 عیشِ غم، غافل، حجابِ نشۂ محفل نہ پوچھ
تا تخلص جامۂ شگرفی ارزانی اسد 7 شاعری جز سازِ درویشی نہیں، حاصل نہ پوچھ

(219)

شکوہ و شکر کو ثمر بیم و امید کا سمجھ 1 خانۂ آگہی خراب! دل نہ سمجھ، بلا سمجھ
ریگِ رواں، بہر تپش، درپئے تسلیِ علاج 2 آئنہ توڑ، اے خیال، جلوے کو خوں بہا سمجھ
وحشتِ دردِ بیکسی، بے اثر اس قدر نہیں 3 رشتۂ عمرِ خضر کو نالۂ نارسا سمجھ
شوقِ عناں گسل اگر درپئے جنوں ہوس کرے 4 جادۂ سیرِ دو جہاں، یک مژہ خوابِ پا سمجھ
گاہ بخلد امیدوار، گہ بہ جحیم بیمناک 5 گرچہ خدا کی یاد ہے، کلفتِ ماسوا سمجھ
اے بسرابِ حسنِ خلق تشنۂ سعیِ امتحاں 6 شوق کو منفعل نہ کر، ناز کو التجا سمجھ
شوخیِ حسن و عشق ہے آئنہ دارِ ہمدگر 7 خار کو بے نیامِ جاں، ہم کو برہنہ پا سمجھ
نغمۂ بیدلاں، اسد، سازِ فسانگی نہیں 8 بسملِ دردِ خفتہ ہوں، گریے کو ماجرا سمجھ

(220)

کلفتِ ربطِ این و آں، غفلتِ مدعا سمجھ 1 شوق کرے جو سرِ گراں، محملِ خوابِ پا سمجھ
جلوہ نہیں ہے دردِ سر، آئنہ صندلی نہ کر 2 عکس کجا؟ و کو نظر؟ نقش کو مدعا سمجھ
حیرت اگر خرام ہے، کارِ نگہ تمام ہے 3 گر کفِ دستِ بام ہے، آئنے کو ہوا سمجھ
ہے خطِ عجزِ ما و تو، اولِ درسِ آرزو 4 ہے یہ سیاقِ گفتگو، کچھ نہ سمجھ، فنا سمجھ
شیشہ شکستِ اعتبار، رنگ بگردشِ استوار 5 گر نہ مٹیں یہ کوہسار، آپ کو تو صدا سمجھ
نغمہ ہے، محوِ ساز رہ، نکہت ہے، بے نیاز رہ 6 زہد تمامِ ناز رہ، خلق کو پارسا سمجھ
چربیِ پہلوئے خیال، رزقِ دو عالم احتمال 7 کل ہے جو وعدۂ وصال، آج بھی، اے خدا، سمجھ
نے سرِ برگِ آرزو، نے رہ و رسمِ گفتگو 8 اے دل و جانِ خلق، تو ہم کو بھی آشنا سمجھ
لغزشِ پا کو ہے بلد، نغمۂ "یا علی مدد" 9 ٹوٹے گر آئنہ، اسد، سبحہ کو خوں بہا سمجھ

(221)

شبِ وصال میں، مونس گیا ہے بن، تکیہ 1 ہوا ہے موجبِ آرامِ جان و تن تکیہ
خراجِ بادشہِ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج؟ 2 کہ بن گیا ہے، خمِ جعدِ پرشکن تکیہ
بنا ہے تختۂ گلہائے یاسمیں، بستر 3 ہوا ہے دستۂ نسرین و نسترن، تکیہ

فروغِ حسن سے روشن ہے، خوابگاہ تمام 4 جو رختِ خواب ہے پرویں، تو ہے پرَن تکیہ
مزا ملے، کہو، کیا خاک ساتھ سونے کا؟ 5 رکھے جو بیچ میں، وہ شوخِ سیمتن، تکیہ
اگر چہ تھا یہ ارادہ، مگر خدا کا شکر! 6 اُٹھا سکا نہ نزاکت سے، گلبدن تکیہ
ہوا ہے، کاٹ کے چادر کو، ناگہاں غائب 7 اگر چہ زانوئے نَل پر رکھے، دمن تکیہ
بضربِ تیشہ وہ اس واسطے ہلاک ہوا 8 کہ ضربِ تیشہ پہ رکھتا تھا، کوہکن، تکیہ
یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ، صبح ہوتے تک 9 رکھو نہ شمع پہ، اے اہلِ انجمن، تکیہ
اگرچہ پھینک دیا تم نے دور سے، لیکن 10 اُٹھائے کیونکہ یہ رنجور خستہ تن، تکیہ
غش آ گیا جو، پس از قتل، میرے قاتل کو 11 ہوئی ہے، اُس کو مری لاشِ بے کفن، تکیہ
جو بعدِ قتل مرا دشت میں مزار بنا 12 لگا کے بیٹھتے ہیں اُس سے راہزن، تکیہ
شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیّت کا 13 کہ سانپ فرش ہے، اور سانپ کا ہے مَن تکیہ
روا رکھو نہ رکھو، تھا جو لفظ، ”تکیہ کلام“ 14 اب اُس کو کہتے ہیں اہلِ سخن، سخن تکیہ
ہم اور تم، فلکِ پیر جس کو کہتے ہیں 15 فقیرِ غالبؔ مسکیں کا ہے کہن تکیہ

(222)

اشکِ چکیدہ، رنگِ پریدہ 1 ہر طرح ہوں میں از خود رمیدہ
گو، یاد مجھ کو کرتے ہیں خوباں 2 لیکن بسانِ دردِ کشیدہ
ہے رشتۂ جاں فرطِ کشش سے 3 مانندِ نبضِ دستِ بُریدہ
ٹوٹا ہے، افسوس! موئے خمِ زلف 4 ہے شانہ یکسر دستِ گزیدہ
خالِ سیاہِ رنگیں رُخاں سے 5 ہے داغِ لالہ در خوں تپیدہ
جوشِ جنوں سے جوں کسوتِ گل 6 سر تا بپا ہوں جیب دریدہ
یارو، اسدؔ کا نام و نشاں کیا؟ 7 بیدلؔ، فقیرِ آفت رسیدہ

(223)

خوشا! طوطی و گنجِ آشیانہ 1 نہاں در زیرِ بالِ آئینہ خانہ
سرشکِ بر زمیں افتادہ آسا 2 اُٹھا یاں سے نہ میرا آب و دانہ
حریفِ عرضِ سوزِ دل نہیں ہے 3 زباں ہر چند ہو جاوے زبانہ
دلِ نالاں سے ہے بے پردہ پیدا 4 نوائے بربط و چنگ و چغانہ
کرے کیا دعویِٔ آزادیٔ عشق 5 گرفتارِ الم ہائے زمانہ
اسدؔ، اندیشۂ ششدر شُدن ہے 6 نہ پھریے مہرہ ساں خانہ بخانہ

(224)

اے دریغا! کہ نہیں طبعِ نزاکت ساماں ‌ 1 ‌ ورنہ کانٹے میں ٹلے ہے سخن سنجیدہ

ردیف "ی"

(225)

دل ہی نہیں کہ منتِ درباں اٹھائیے ‌ 1 ‌ کس کو وفا کا سلسلہ جنباں اٹھائیے؟

تا چند داغ بیٹھیے، نقصاں اُٹھائیے؟ ‌ 2 ‌ اب چار سوئے عشق سے دوکاں اُٹھائیے

ہستی، فریب نامۂ موجِ سراب ہے ‌ 3 ‌ یک عمر نازِ شوخیِ عنواں اُٹھائیے

ضبطِ جنوں سے، ہر سرِ مو ہے ترانہ خیز ‌ 4 ‌ یک نالہ بیٹھیے، تو نیستاں اٹھائیے

عذرِ خراشِ نالہ، سرِ شکِ نمک اثر ‌ 5 ‌ لطفِ کرم، بدولتِ مہماں اٹھائیے

انگور، سعیِ بے سروپائی سے سبز ہے ‌ 6 ‌ غالب بدوشِ دل خمِ مستاں اُٹھائیے

(226)

کیا پوچھے ہے بر خود غلطیہائے عزیزاں؟ ‌ 1 ‌ خواری کو بھی اک عار ہے، عالی نسبوں سے

گو تم کو رضا جوئیِ اغیار ہے، لیکن ‌ 2 ‌ جاتی ہے ملاقات کب ایسے سببوں سے؟

مت پوچھ، اسد، غصۂ کم فرصتیِ زیست ‌ 3 ‌ دو دن بھی جو کاٹے، تو قیامت تعبوں سے

(227)

مجھے معلوم ہے جو تو نے میرے حق میں سوچا ہے ‌ 1 ‌ کہیں ہو جائے جلد، اے گردشِ گردونِ دوں، وہ بھی

نظر راحت پہ میری، کرنہ وعدہ شب کے آنے کا ‌ 2 ‌ کہ میری خواب بندی کے لیے ہوگا فسوں وہ بھی

(228)

کرتے ہو شکوہ کس کا؟ تم اور بیوفائی! ‌ 1 ‌ سر پیٹتے ہیں اپنا، ہم اور نیک نامی

صد رنگ گل کترنا، در پردہ قتل کرنا ‌ 2 ‌ تیغِ ادا نہیں ہے پابندِ بے نیامی

طرفِ سخن نہیں ہے مجھ سے، خدا نکردہ ‌ 3 ‌ ہے نامہ بر کو اُس سے دعوائے ہمکلامی

طاقت فسانۂ باد، اندیشہ شعلہ ایجاد ‌ 4 ‌ اے غم، ہنوز آتش! اے دل، ہنوز خامی!

ہر چند عمر گزری آزردگی میں، لیکن ‌ 5 ‌ ہے شرحِ شوق کو بھی، جوں شکوہ، ناتمامی

ہے یاس میں اسد کو ساقی سے بھی فراغت ‌ 6 ‌ دریا سے خشک گزری مستوں کی تشنہ کامی

(229)

دلّی کے رہنے والو، اسد کو ستاؤ مت ‌ 1 ‌ بیچارہ، چند روز کا یاں میہمان ہے

(230)

گر مصیبت تھی، تو غربت میں اُٹھالیتا، اسدؔ 1 میری دلّی ہی میں ہونی تھی یہ خواری، ہائے ہائے!

(231)

کیا غم ہے اس کو، جس کا علیؑ سا امام ہو 1 اتنا بھی، اے فلک زدہ، کیوں بیحواس ہے؟

(232)

پہلو تہی نکر غم و اندوہ سے، اسدؔ 1 دل وقفِ درد رکھ کہ فقیروں کا مال ہے

(233)

نظر بہ نقصِ گدایاں، کمالِ بے ادبی ہے 1 کہ خارِ خشک کو بھی دعویِٔ چمن نسبی ہے

ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ 2 لب قدح پہ، کفِ بادہ، جوشِ تشنہ لبی ہے

خوشا! وہ دل کہ سراپا طلسمِ بیخبری ہو 3 جنونِ یاس و الم، رزقِ مدعا طلبی ہے

چمن میں کس کی، یہ برہم ہوئی ہے، بزمِ تماشا؟ 4 کہ برگ برگِ سمن، شیشہ ریزہ حلبی ہے

امام ظاہر و باطن، امیدِ صورت و معنی 5 علیؑ، ولی اسداللہ جانشین نبیؐ ہے

(234)

ظاہر ہے، طرزِ قید سے، صیاد کی غرض 1 جو دانہ دام میں ہے، سو اشکِ کباب ہے

بے چشمِ دل، نکر ہوسِ سیرِ لالہ زار 2 یعنی یہ ہر ورق، ورقِ انتخاب ہے

(235)

ہے پیچتابِ رشتۂ شمعِ سحر گہی 1 خجلت گدازیِ نفَسِ نارسا مجھے

واں رنگہا بہ پردۂ تدبیر ہیں ہنوز 2 یاں شعلۂ چراغ ہے، برگِ حنا مجھے

پروازہا، نیازِ تماشائے حسنِ دوست 3 بالِ کشادہ ہے، نگہِ آشنا مجھے

از خود گزشتگی میں خموشی پہ حرف ہے 4 موجِ غبارِ سرمہ ہوئی ہے، صدا مجھے

تا چند پست فطرتیِ طبعِ آرزو؟ 5 یارب، ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے!

یاں آب و دانہ، موسمِ گل میں حرام ہے 6 زُنّارِ واگستہ ہے، موجِ صبا مجھے

یکبار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے 7 اے جوشِ عشق، بادۂ مردآزما مجھے

میں نے جنوں سے کی جو، اسدؔ التماسِ رنگ 8 خونِ جگر میں ایک ہی غوطہ دیا مجھے

(236)

کہوں کیا گرمجوشی میکشی میں شعلہ رویاں کی 1 کہ شمعِ خانۂ دل، آتشِ مے سے فروزاں کی

ہمیشہ مجھ کو طفلی میں بھی مشقِ تیرہ روزی تھی 2 سیاہی، ہے مرے ایام میں، لوحِ دبستاں کی

دریغ! آہ سحرگہ کارِ بادِ صبح کرتی ہے 3 کہ ہوتی ہے زیادہ، سرد مہری شمع رویاں کی

مجھے اپنے جنوں کی، بے تکلف، پردہ داری تھی 4 ولیکن کیا کروں، آوے جو رسوائی گریباں کی

ہنر پیدا کیا ہے میں نے، حیرت آزمائی میں 5 کہ جوہر آئینے کا ہر پلک، ہے چشمِ حیراں کی

خدایا، کس قدر اہلِ نظر نے خاک چھانی ہے! 6 کہ ہیں صد رخنہ، جوں غربال، دیواریں گلستاں کی

ہوا شرمِ تہیدستی سے وہ بھی سرنگوں آخر 7 بس، اے زخمِ جگر، اب دیکھ لی شورش نمکداں کی

بیادِ گرمیِ صحبت، برنگِ شعلہ دہکے ہے 8 چھپاؤں کیونکہ، غالبؔ، سوزشیں داغِ نمایاں کی

(237)

نہ کھینچ اے دستِ سعیِ نارسا، زلفِ تمنا کو 1 پریشاں تر ہے موئے خامہ سے تدبیر مانی کی

کماں ہم بھی رگ و پے رکھتے ہیں، انصاف بہتر ہے 2 نہ کھینچے، طاقتِ خمیازہ، تہمت ناتوانی کی

تکلف بر طرف، فرہاد اور اتنی سبکدستی 3 خیال آساں تھا، لیکن خوابِ خسرو نے گرانی کی

اسدؔ کو بوریے میں دھر کے پھونکا موجِ ہستی نے 4 فقیری میں بھی باقی ہے، شرارت نوجوانی کی

(238)

بجز دیوانگی ہوتا نہ انجامِ خود آرائی 1 اگر پیدا نکرتا آئنہ زنجیر جوہر کی

مرا دل مانگتے ہیں عاریت اہلِ ہوس، شاید 2 یہ جایا چاہتے ہیں آج دعوت میں سمندر کی

غرورِ لطفِ ساقی نشۂ بیباکیِ مستاں 3 نمِ دامانِ عصیاں ہے، طراوت موجِ کوثر کی

اسدؔ جز آب بخشیدن ز دریا خضر کو کیا تھا؟ 4 ڈبوتا چشمۂ حیواں میں، گر، کشتی سکندر کی

(239)

ہوا ہے مانعِ عاشق نوازی، نازِ خود بینی 1 تکلف بر طرف، آئینۂ تمیز حائل ہے

بسیلِ اشک، لختِ دل ہے دامن گیرِ مژگاں کا 2 غریقِ بحر، جویائے خس و خاشاکِ ساحل ہے

بہا ہے یاں تک اشکوں میں، غبارِ کلفتِ خاطر 3 کہ چشمِ تر میں، ہر یک پارۂ دل پائے در گل ہے

نکلتی ہے تپش میں بسملوں کی، برق کی شوخی 4 غرض اب تک خیالِ گرمیِ رفتارِ قاتل ہے

(240)

تشنۂ خونِ تماشا جو وہ پانی مانگے 1 آئنہ، رخصتِ اندازِ روانی مانگے

رنگ سے گل نے دمِ عرضِ پریشانیِ بزم 2 برگِ گل، ریزۂ مینا کی نشانی مانگے

زلفِ تحریرِ پریشان تقاضا ہے، مگر 3 شانہ ساں، مو بزباں خامۂ مانی مانگے

آمدِ خط ہے، نکر خندۂ شیریں، کہ مباد! 4 چشمِ مور، آئنۂ دل نگرانی مانگے
ہوں گرفتارِ کمینگاہِ تغافل کہ جہاں 5 خوابِ صیاد سے، پرواز، گرانی مانگے
چشمِ پرواز و نفس خفتہ، مگر ضعفِ امید 6 شہپرِ کاہ، پئے مژدہ رسانی مانگے
وحشتِ شورِ تماشا ہے کہ جوں نکہتِ گل 7 نمکِ زخمِ جگر بال فشانی مانگے
گر ملے حضرتِ بیدلؔ کا خطِ لوحِ مزار 8 اسد آئینۂ پروازِ معانی مانگے

(241)

ہمزباں آیا نظر فکرِ سخن میں تو مجھے 1 مردمک، ہے طوطیِ آئینۂ زانو مجھے
خاکِ فرصت بر سرِ ذوقِ فنا! اے انتظار 2 ہے غبارِ شیشۂ ساعت، رمِ آہو مجھے
کثرتِ جور و ستم سے، ہو گیا ہوں بیدماغ 3 خوبرویوں نے بنایا عاقبت بد خو مجھے
اضطرابِ عمر بے مطلب نہیں آخر، کہ ہے 4 جستجوے فرصتِ ربطِ سرِ زانو مجھے
چاہیے درمانِ ریشِ دل بھی تیغِ ناز سے 5 مرہمِ زنگار ہے وہ وسمۂ ابرو مجھے

(242)

باعثِ واماندگی ہے عمرِ فرصت جُو مجھے 1 کردیا ہے پا زنجیرِ رمِ آہو مجھے
فرصت آرامِ غشِ ہستی ہے، بحرانِ عدم 2 ہے شکستِ رنگِ امکاں، گردشِ پہلو مجھے
سازِ ایماے فنا ہے عالمِ پیری، اسد 3 قامتِ خم سے ہے حاصل شوخیِ ابرو مجھے

(243)

دلِ بیمارِ از خود رفتہ، تصویرِ نہالی ہے 1 کہ مژگاں، ریشہ دارِ نیستانِ شیر قالی ہے
سرورِ نشۂ گردش، اگر، کیفیت افزا ہو 2 نہاں ہر گردبادِ دشت میں جامِ سفالی ہے
عروجِ نشۂ ہے سر تا قدم قدِ چمن رویاں 3 بجاے خود، وگرنہ سرو بھی میناے خالی ہے
ہوا، آئینہ جامِ بادہ عکسِ روے گلگوں سے 4 نشانِ خالِ رخ، داغِ شرابِ پرتگالی ہے
بپاے خامۂ مو، طے رہِ وصفِ کمر کیجے 5 کہ تارِ جادۂ سرمنزلِ نازک خیالی ہے
اسد، اُٹھنا قیامت قامتوں کا وقتِ آرائش 6 لباسِ نظم میں بالیدنِ مضمونِ عالی ہے

(244)

بتانِ شوخ کا دل سخت ہوگا کس قدر، یارب! 1 مری فریاد کو، کہسار، عجز نالی ہے
نشانِ بیقرارِ شوق، جز مژگاں، نہیں باقی 2 کئی کانٹے ہیں، اور پیراہنِ شکلِ نہالی ہے
جنوں کر، اے چمن تحریر درسِ شغلِ تنہائی 3 نگاہِ شوق کو، صحرا بھی دیوانِ غزالی ہے

4 یہ مستی ہے اہلِ خاک کو ابرِ بہاری سے — زمیں، جوشِ طرب سے، جامِ لبریزِ سفالی ہے

5 اسد، مت رکھ تعجب خرد ماغیہائے منعم کا — کہ یہ نامرد بھی شیر افگنِ میدانِ قالی ہے

(245)

1 نشۂ مے بے چمن، دودِ چراغِ کشتہ ہے — جام، داغِ شعلہ اندودِ چراغِ کشتہ ہے

2 داغِ ربطِ ہم ہیں اہلِ باغ، گر گل ہو شہید — لالہ، چشمِ حسرت آلودِ چراغِ کشتہ ہے

3 شور ہے کس بزم کی عرضِ جراحت خانہ کا؟ — صبح، یک زخمِ نمک سودِ چراغِ کشتہ ہے

4 نامرادِ جلوہ، ہر عالم میں حسرت گل کرے — لالہ، داغِ شعلہ فرسودِ چراغِ کشتہ ہے

5 ہو جہاں، تیرا دماغِ ناز، مستِ بیخودی — خوابِ نازِ گل رخاں، دودِ چراغِ کشتہ ہے

6 ہے دلِ افسردہ، داغِ شوخیِ مطلب، اسد — شعلۂ آخر فالِ مقصودِ چراغِ کشتہ ہے

(246)

1 آئینہ، نفس سے بھی ہوتا ہے کدورت کش — عاشق کو، غبارِ دل، اک وجہِ صفائی ہے

2 ہنگامِ تصور ہوں دریوزہ گرِ بوسہ — یہ کاسۂ زانو بھی اک جامِ گدائی ہے

3 وہ، دیکھ کے حسن اپنا، مغرور ہوا، غالب — صد جلوۂ آئینہ، یک صبحِ جدائی ہے

(247)

1 یوں، بعدِ ضبطِ اشک پھروں گرد یار کے — پانی پیے کسو پہ کوئی جیسے وار کے

2 بعد از وداعِ یار بخوں در تپیدہ ہیں — نقشِ قدم، ہیں ہم، کفِ پائے نگار کے

3 ظاہر ہے ہم سے، کلفتِ بختِ سیاہ روز — گویا کہ تختہ مشق ہیں خطِ غبار کے

4 حسرت سے دیکھ رہتے ہیں، ہم آب و رنگِ گل — مانندِ شبنم، اشک ہیں مژگانِ خار کے

5 ہم، مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے، اسد — لائق نہیں رہے ہیں، غمِ روزگار کے

(248)

1 بنقصِ ظاہری، رنگِ کمالِ طبع، پنہاں ہے — کہ بہرِ مدعائے دل، زبانِ لال، زنداں ہے

2 خموشی، خانہ زادِ چشمِ بے پروا نگاہاں ہے — غبارِ سرمہ، یاں گردِ سوادِ نرگستاں ہے

3 صفائے اشک میں داغِ جگر جلوہ دکھاتے ہیں — پرِ طاؤس، گویا، برقِ ابرِ چشمِ گریاں ہے

4 بوئے زلفِ مشکیں یہ، دماغ، آشفتۂ رم ہیں — کہ شاخِ آہواں، دودِ چراغ آسا پریشاں ہے

(249)

تمام اجزاے عالم صیدِ دامِ چشمِ گریاں ہے 1 طلسمِ شش جہت، یک حلقۂ گردابِ طوفاں ہے

نہیں ہے مردنِ صاحبدلاں، جز کسبِ جمعیت 2 سُوَیدا میں نفس، مانندِ خط نقطے میں، پنہاں ہے

غبارِ دشتِ وحشت، سرمہ سازِ انتظار آیا 3 کہ چشمِ آبلہ میں طولِ میلِ راہ مژگاں ہے

زبس دوشِ رمِ آہو پہ ہے محمل تمنا کا 4 جنونِ قیس سے بھی شوخیِ لیلیٰ نمایاں ہے

نقابِ یار ہے، غفلت نگاہی اہلِ بینش کی 5 بموہ پوشیدنیہا، پردۂ تصویرِ عریاں ہے

اسد بندِ قباے یار ہے فردوس کا غنچہ 6 اگر وا ہو، تو دکھلادوں کہ یک عالم گلستاں ہے

(250)

کجاے؟ کو عرق؟ سعیِ عروجِ نشہ رنگیں تر 1 خطِ رخسارِ ساقی، تا خطِ ساغر چراغاں ہے

رہا بیقدر دل، در پردۂ جوشِ ظہور آخر 2 گل و نرگس بہم، آئینۂ اقلیمِ کوراں ہے

تکلف سازِ رسوائی ہے، غافل شرمِ رعنائی 3 دلِ خوں گشتہ در دستِ حنا آلودہ عریاں ہے

تماشا، سرخوشِ غفلت ہے باوصفِ حضورِ دل 4 ہنوز آئینہ، خلوتگاہِ نازِ ربطِ مژگاں ہے

تکلف بر طرف، ذوقِ زلیخا جمع کر، ورنہ 5 پریشاں خوابِ آغوشِ وداعِ یوسفستاں ہے

اسد جمعیتِ دل در کنارِ بیخودی خوشتر 6 دو عالم آگہی، سامانِ یک خوابِ پریشاں ہے

(251)

عاشق، نقابِ جلوۂ جانانہ چاہیے 1 فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیے

پیدا کریں دماغِ تماشاے سرو و گل 2 حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیے

دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق 3 اے بے تمیز، گنج کو ویرانہ چاہیے

ساقی، بہارِ موسمِ گل ہے سرور بخش 4 پیماں سے ہم گزر گئے، پیمانہ چاہیے

جادُو ہے یار کی روشِ گفتگو، اسد 5 یاں جز فسوں نہیں، اگر افسانہ چاہیے

(252)

ہاتھ پر گر ہاتھ مارے یار وقتِ قہقہہ 1 کرمکِ شب تاب آسا، مہ پر افشانی کرے

وقت اس اُفتادہ کا خوش، جو قناعت سے، اسد 2 نقشِ پاے مور کو تختِ سلیمانی کرے

(253)

ہے، صریرِ خامہ، ریزشہاے استقبالِ ناز 1 نامہ خود پیغام کو بال و پرِ پرواز ہے

سرنوشتِ اضطراب انجامیِ الفت نپوچھ 2 نالِ خامہ، خارِ خارِ خاطرِ آغاز ہے

نغمہ ہے کانوں میں اُس کے، نالۂ مرغِ اسیر — 3 — رشتۂ پا، یاں نوا سامانِ بندِ ساز ہے

شرم ہے طرزِ تلاشِ انتخابِ یک نگاہ — 4 — اضطرابِ چشمِ بر پا دوختہ، غمّاز ہے

شوخیِ اظہار غیر از وحشتِ مجنوں نہیں — 4 — لیلیِ معنی، اسد، محمل نشینِ راز ہے

(254)

خوابِ جمعیّتِ مخمل ہے پریشاں مجھ سے — 1 — رگِ بستر کو ملی شوخیِ مژگاں مجھ سے

کنجِ تاریک و کمیں گیریِ اختر شُمری — 2 — عینکِ چشم بنا روزنِ زنداں مجھ سے

اے تسلّی، ہوسِ وعدہ فریب افسوں ہے — 3 — ورنہ، کیا ہو نہ سکے نالہ بساماں مجھ سے؟

بستنِ عہدِ محبت ہمہ نادانی تھا — 4 — چشمِ نکشودہ رہا عقدۂ پیماں مجھ سے

آتش افروزیِ یک شعلۂ ایما تجھ سے — 5 — چشمک آرائیِ صد شہر چراغاں مجھ سے

اے اسد، دسترسِ وصلِ تمنا معلوم — 6 — کاش! ہو قدرتِ بر چیدنِ داماں مجھ سے

(255)

بسکہ حیرت سے زِ پا افتادۂ زنہار ہے — 1 — ناخنِ انگشت، تبخالِ لبِ بیمار ہے

زلف سے شب درمیاں دادن نہیں ممکن، دریغ! — 2 — ورنہ، صد محشر برہنِ جلوۂ رخسار ہے

در خیالِ آبادِ سودائے سرِ مژگانِ دوست — 3 — صد رگِ جاں، جادہ آسا، وقفِ نشتر زار ہے،

بسکہ ویرانی سے کفر و دیں ہوئے زیر و زبر — 4 — گردِ صحرائے حرم تا کوچۂ زنّار ہے

اے سرِ شوریدہ، ذوقِ عشق و پاسِ آبرو — 5 — جوشِ سودا کب حریفِ منتِ دستار ہے؟

وصل میں دل انتظارِ طرفہ رکھتا ہے، مگر — 6 — فتنہ، تاراجِ تمنا کے لیے درکار ہے

خانماںہا، پایمالِ شوخیِ دعوی، اسد — 7 — سایۂ دیوار، سیلابِ در و دیوار ہے

(256)

تغافل مشربی سے، ناتمامی بسکہ پیدا ہے — 1 — نگاہِ ناز، چشمِ یار میں زنّارِ مینا ہے

تصرّف وحشیوں میں ہے تصورہا ہے مجنوں کا — 2 — سوادِ چشمِ آہو، عکسِ خالِ روئے لیلا ہے

محبت، طرزِ پیوندِ نہالِ دوستی جانے — 3 — دویدن، ریشہ ساں، مفتِ رگِ خوابِ زلیخا ہے

کیا یکسر گدازِ دل، نیازِ جوششِ حسرت — 4 — سُویدا، نسخۂ تہبندیِ داغِ تمنا ہے

ہجومِ ریزشِ خوں کے سبب رنگ اُڑ نہیں سکتا — 5 — حنائے پنجۂ صیاد، مرغِ رشتہ بر پا ہے

اسد، گر نام والائے علی تعویذِ بازو ہو — 6 — غریقِ بحرِ خوں، تمثالِ در آئینہ رہتا ہے

(257)

1 اثر سوزِ محبت کا، قیامت بے مُحابا ہے — کہ رگ سے سنگ میں تخمِ شرر کا ریشہ پیدا ہے

2 نہاں ہے گوہرِ مقصود جیبِ خود شناسی میں — کہ یاں غوّاص ہے تمثال، اور آئینہ دریا ہے

3 عزیزو، ذکرِ وصلِ غیر سے مجھ کو نہ بہلاؤ — کہ یاں افسونِ خواب، افسانۂ خوابِ زلیخا ہے

4 تصور، بہرِ تسکینِ تپیدنہاے طفلِ دل — بباغِ رنگہاے رفتہ، گلچینِ تماشا ہے

5 بسعیِ غیر ہے، قطعِ لباسِ خانہ ویرانی — کہ تارِ جادۂ رہ، رشتۂ دامانِ صحرا ہے،

6 مجھے شبہاے تاریک فراقِ شعلہ رویاں میں — چراغِ خانۂ دل، سوزشِ داغِ تمنا ہے

7 ترے نوکر ترے در پر اسدؔ کو ذبح کرتے ہیں — ستمگر، ناخدا ترس، آشنا کُش، ماجرا کیا ہے؟

(258)

1 بزمِ مے پرستی، حسرتِ تکلیف بیجا ہے — کہ جامِ بادہ، کفِ برلب بتقریبِ تقاضا ہے

2 نشاطِ دیدۂ بینا ہے۔ کو خواب؟ و چہ بیداری؟ — بہم آوردہ مژگاں، روے برروے تماشا ہے

3 نگہ، معمارِ حسرتہا۔ چہ آبادی؟ چہ ویرانی؟ — کہ مژگاں جس طرف وا ہو، بکف دامانِ صحرا ہے

4 نہ سوے آبلوں میں، گر، بسرشکِ دیدۂ نم سے — بجولاں گاہِ نومیدی، نگاہِ عاجزاں، پا ہے

5 بختہاے قیدِ زندگی معلوم آزادی — شرر بھی صیدِ دامِ رشتۂ رگہاے خارا ہے

6 اسد، یاسِ تمنا سے، نہ رکھ امیدِ آزادی — گدازِ ہر تمنا آبیارِ صد تمنا ہے

(259)

1 بذوقِ شوخیِ اعضا تکلف بارِ بستر ہے — مُعافِ پیچ تابِ کشمکش، ہر تارِ بستر ہے

2 معماے تکلف، سر بمہرِ چشم پوشیدن — گدازِ شمعِ محفل، پیچشِ طومارِ بستر ہے

3 بموہ فرشِ رہ، ودل ناتوان، و آرزو مضطر — بپاے خفتہ، سیرِ وادیِ پُرخارِ بستر ہے

(260)

1 بپاسِ شوخیِ مژگاں، سرِ ہر خار، سوزن ہے — تبسم، برگِ گل کو بخیۂ دامن نہ ہو جاوے

2 جراحت دوزیِ عاشق ہے جاے رحم، ترساں ہوں — کہ رشتہ، تارِ اشکِ دیدۂ سوزن نہ ہو جاوے

3 غضب شرم آفریں ہے، رنگ ریزیہاے خود بینی — سفیدی آئینے کی، پنبۂ روزن نہ ہو جاوے

(261)

1 دل سراپا وقفِ سوداے نگاہِ تیز ہے — یہ زمیں، مثلِ نیستاں، سخت ناوک خیز ہے

2 ہو سکے کیا خاک دست و بازوے فرہاد سے؟ — بیستوں، خوابِ گرانِ خسروِ پرویز ہے

ان ستم کیشوں کے کھائے ہیں، زبس، تیرِ نگاہ 3 پردۂ بادام ہے یک غربالِ حسرت بیز ہے
خوں چکاں ہے جادہ، مانندِ رگِ سودائیاں 4 سبزۂ صحرائے الفت، نشترِ خوں ریز ہے
ہے، بہارِ تیز رَو، گلگونِ نکہت پر سوار 5 یک شکستِ رنگِ گل، صد جنبشِ مہمیز ہے

(262)

تر جبیں رکھتی ہے، شرمِ قطرہ سامانی مجھے 1 موجِ گردابِ حیا ہے، چینِ پیشانی مجھے
شبنم آسا کو مجالِ سُبحہ گردانی مجھے ؟ 2 ہے، شعاعِ مہر، زُنارِ سلیمانی مجھے
بلبلِ تصویر ہوں بیتابِ اظہارِ تپش 3 جنبشِ نالِ قلم، جوشِ پرافشانی مجھے
ضبطِ سوزِ دل ہے وجہِ حیرتِ اظہارِ حال 4 داغ ہے مُہرِ دہن، جوں چشمِ قربانی مجھے
شوخ، ہے مثلِ حَباب از خویش بیروں آمدن 5 ہے گریباں گیرِ فرصت، ذوقِ عریانی، مجھے
واکیا ہرگز نہ میرا عقدۂ تارِ نفَس 6 ناخنِ بُریدہ، ہے تیغِ صفا ہانی مجھے
ہوں ہیولائے دو عالم، صورتِ تقریر، اسد 7 فکر نے سونپی خموشی کی گریبانی مجھے

(263)

صبح، نا پیدا ہے کلفت خانۂ اِدبار میں 1 توڑتا ہوتا ہے رنگِ یک نفَس، ہر شب مجھے
شوخیِ طالع سے ہوں ذوقِ معاصی میں اسیر 2 نامۂ اعمال ہے، تاریکیِ کوکب مجھے
درد نا پیدا، و بیجا تہمتِ وارستگی 3 پردہ دار یاوگی ہے، وسعتِ مشرب مجھے

(264)

اسد، بہارِ تماشائے گلستانِ حیات 1 وصالِ لالہ عِذارانِ سرو قامت ہے

(265)

شوخیِ مضرابِ جولاں، آبیارِ نغمہ ہے 1 برگریزِ ناخنِ مُطرب، بہارِ نغمہ ہے
کس سے، اے غفلت، تجھے تعبیرِ آگاہی ملے؟ 2 گوشہا سیمابی، و دل بیقرارِ نغمہ ہے
سازِ عیشِ بیدلی ہے، خانہ ویرانی، مجھے 3 سَیل، یاں کوکبِ صدائے آبشارِ نغمہ ہے
سنبلی خواں ہے، بذوقِ تارِ گیسوے دراز 4 نالۂ زنجیرِ مجنوں، رشتہ دارِ نغمہ ہے
شوخیِ فریاد سے ہے پردۂ زنبور، گُل 5 کسوتِ ایجادِ بلبل، خارِ خارِ نغمہ ہے
غفلت استعداد ذوق، و مدعا غافل اسد 6 پنبۂ گوشِ حریفاں، پود و تارِ نغمہ ہے

(266)

خود فروشیہائے ہستی بسکہ جائے خندہ ہے 1 ہر شکستِ قیمتِ دل میں صدائے خندہ ہے

نقشِ عبرت در نظر، یا نقدِ عشرت در بساط 2 دو جہاں وسعت، بقدرِ یک فضائے خندہ ہے
جائے استہزا ہے، عشرت کوشیِ ہستی، اسد 3 صبح و شبنم، فرصتِ نشو و نمائے خندہ ہے

(267)

عجزِ دید نہا بناز، و نازِ تنہا بچشم 1 جادۂ صحرائے آگاہی، شعاعِ جلوہ ہے
اختلافِ رنگ و بو، طرحِ بہارِ بیخودی 2 صلحِ کل، گردِ ادب گاہِ نزاعِ جلوہ ہے
حسنِ خوباں بسکہ بیقدرِ تماشا ہے، اسد 3 آئنہ، یک دستِ ردِّ امتناعِ جلوہ ہے

(268)

تمثالِ جلوہ عرض کر، اے حسن، کب تلک 1 آئینۂ خیال کو دیکھا کرے کوئی؟

(269)

وحشت کہاں کہ بیخودی انشا کرے کوئی؟ 1 ہستی کو لفظِ معنیِ عنقا کرے کوئی
جو کچھ ہے، محوِ شوخیِ ابروے یار ہے 2 آنکھوں کو رکھ کے طاق پہ، دیکھا کرے کوئی
عرضِ سرِ شک پر ہے، فضائے زمانہ تنگ 3 صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی؟
خوانا نہیں ہے خط رقمِ اضطرار کا 4 تدبیر پیچتابِ نفس کیا کرے کوئی؟
وہ شوخ اپنے حسن پہ مغرور ہے، اسد 5 دکھلا کے اُس کو آئینہ توڑا کرے کوئی؟

(270)

باغ تجھ بن گلِ نرگس سے ڈراتا ہے مجھے 1 چاہوں گر سیرِ چمن، آنکھ دکھاتا ہے مجھے
شورِ تمثال ہے کس رشکِ چمن کا، یارب؟ 2 آئنہ، بیضۂ بلبل نظر آتا ہے مجھے
حیرت آئینۂ انجامِ جنوں ہوں جوں شمع 3 کس قدر داغِ جگر شعلہ اُٹھاتا ہے مجھے!
میں ہوں اور حیرتِ جاوید، مگر ذوقِ خیال 4 بفسونِ نگہِ ناز ستاتا ہے مجھے
حیرتِ فکرِ سخن، سازِ سلامت ہے، اسد 5 دل پسِ زانوے آئینہ بٹھاتا ہے مجھے

(271)

یاد رکھیے ناز ہائے التفاتِ اوّلیں 1 آشیانِ طائرِ رنگِ حنا ہو جائیے
لطفِ عشقِ ہر یک، اندازِ دگر دکھلائے گا 2 بے تکلف یک نگاہِ آشنا ہوجائیے
داد از دستِ جفائے صدمۂ ضربُ المثل! 3 گر ہمہ افتادگی، جوں نقشِ پا، ہوجائیے
وسعتِ مشرب، نیازِ کلفتِ وحشت، اسد 4 یک بیاباں سایۂ بالِ ہما ہوجائیے

(272)

حیرتِ تپیدن ہا خوں بہائے دیدن ہا 1 رنگِ گل کے پردے میں آئنہ پر افشاں ہے

عشق کے تغافل سے، ہرزہ گرد ہے عالم 2 روئے شش جہت آفاق، پشتِ چشمِ زنداں ہے

وحشت انجمن ہے گل، دیکھ لالے کا عالم 3 مثلِ دودِ مجمر کے، داغ بال افشاں ہے

ے کرم، نہو غافل، ورنہ ہے اسد بیدل 4 بے گہر صدف گویا، پشتِ چشمِ نیساں ہے

(273)

وعشرت، قدمبوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے 1 دعائے مدعا گم کردگاں، لبریزِ آمیں ہے

تماشا ہے کہ ناموسِ وفا رسوائے آئیں ہے 2 نفس تیری گلی میں خوں ہو، اور بازار رنگیں ہے

ہمارا دیکھنا گر ننگ ہے، سیرِ گلستاں کر 3 شرارِ آہ سے، موجِ صبا، دامانِ گلچیں ہے

پیامِ تعزیت پیدا ہے اندازِ عیادت سے 4 شبِ ماتم، تہِ دامانِ دودِ شمعِ بالیں ہے

زبس جز حسن، منت ناگوارا ہے طبیعت پر 5 کشادِ عقد، محوِ ناخنِ دستِ نگاریں ہے

نہیں ہے، سرنوشتِ عشق، غیر از بیدماغیہا 6 جبیں پر میری، مدِ خامۂ قدرت، خطِ چیں ہے

بہارِ باغ، پامالِ خرامِ جلوہ فرمایاں 7 حنائے دست، وخونِ کشتگاں سے تیغ، رنگیں ہے

بیابانِ فنا ہے بعدِ صحرائے طلب، غالب 8 پسینہ توسنِ ہمت کا سیلِ خانۂ زیں ہے

(274)

دیکھتا ہوں وحشتِ شوقِ خروش آمادہ سے 1 فالِ رسوائی، سرشکِ سر بصحرا دادہ سے

دام گر سبزے میں پنہاں کیجیے، طاؤس ہو 2 جوشِ نیرنگِ بہار عرضِ صحرا دادہ سے

خیمۂ لیلیٰ سیاہ، و خانۂ مجنوں خراب 3 جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے

بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم، اسد 4 دیکھتے ہیں چشمِ از خوابِ عدم نکشادہ سے

(275)

منت کشی میں حوصلہ بے اختیار ہے 1 دامانِ صد کفن، تہِ سنگِ مزار ہے

عبرت طلب ہے، حلِ معمائے آگہی 2 شبنم، گدازِ آئینہ اعتبار ہے

خجلت کشِ وفا کو شکایت نہ چاہیے 3 اے مدعی، طلسمِ عرق بے غبار ہے

کیفیتِ ہجومِ تمنا رسا، اسد 4 خمیازہ، ساغرِ مےِ رنجِ خمار ہے

(276)

زنجیر یاد پڑتی ہے، جادے کو دیکھ کر 1 اس چشم سے ہنوز نگہ یادگار ہے

سودائیِ خیال ہے، طوفانِ رنگ و بو — 2 — یاں ہے کہ داغِ لالہ، دماغِ بہار ہے
بھونچال میں گرا تھا یہ آئینہ طاق سے — 3 — حیرت، شہیدِ جنبشِ ابروئے یار ہے
حیراں ہوں شوخیِ رگِ یاقوت دیکھ کر — 4 — یاں ہے کہ صحبتِ خس آتش برار ہے

(277)

بحلقۂ خمِ گیسو ہے راستی آموز — 1 — دہانِ مار سے گویا صبا نکلتی ہے
برنگِ شیشہ ہوں یک گوشۂ دلِ خالی — 2 — کبھی پری مری خلوت میں آنکلتی ہے
اسد کو حسرتِ عرضِ نیاز تھی دمِ قتل — 3 — ہنوز، یک سخنِ بے صدا نکلتی ہے

(278)

ہے انتظار سے شرر آباد رستخیز — 1 — مژگانِ کوہکن، رگِ خارا کہیں جسے
کس فرصتِ وصال پہ ہے گل کو، عندلیب — 2 — زخمِ فراق، خندۂ بیجا کہیں جسے
یارب، ہمیں تو خواب میں بھی مت دکھائیو — 3 — محشرِ خیال کہ دنیا کہیں جسے

(279)

سر رشتہ بیتابیِ دل، در گرہ عجز — 1 — پرواز بخوں خفتہ و فریاد رسا ہے

(280)

پھونکتا ہے نالہ ہر شب صورِ اسرافیل کی — 1 — ہم کو جلدی ہے، مگر تو نے قیامت ڈھیل کی
کی ہیں کس پانی سے یاں یعقوب نے آنکھیں سفید؟ — 2 — ہے جو آبِ پیرہن، ہر موج رودِ نیل کی
عرش پر تیرے قدم سے ہے، دماغِ گردِ راہ — 3 — آج تنخواہِ شکستن ہے کُلہ جبریل کی
مدعا در پردہ، یعنی جو کہوں باطل سمجھ — 4 — وہ فرنگی زادہ کھاتا ہے قسم انجیل کی
خیر خواہِ دید ہوں، از بہرِ دفعِ چشم زخم — 5 — کھینچتا ہوں اپنی آنکھوں میں سلائی نیل کی
نالہ کھینچا ہے، سراپا داغِ جرأت ہوں، اسد — 6 — کیا سزا ہے میرے جرمِ آرزو تاویل کی؟

(281)

کیا ہے ترکِ دنیا کاہلی سے — 1 — ہمیں حاصل نہیں بیحاصلی سے
خراجِ دیہہ ویراں، یک کفِ خاک — 2 — بیاباں خوش ہوں تیری عاملی سے
پر افشاں ہوگئے شعلے ہزاروں — 3 — رہے ہم داغ، اپنی کاہلی سے
خدا، یعنی پدر سے مہرباں تر — 4 — پھرے ہم در بدر ناقابلی سے
اسد قربانِ لطفِ جورِ بیدل — 5 — خبر لیتے ہیں لیکن بیدلی سے

(282)

1. نگہ اُس چشم کی، افزوں کرے ہے ناتوانائی — پرِ بالش ہے وقتِ دید، مژگانِ تماشائی
2. شکستِ قیمتِ دل، آں سوے عذر شناسائی — طلسمِ نا امیدی ہے، خجالت گاہِ پیدائی
3. تحیر ہے گریباں گیرِ ذوقِ جلوہ پیرائی — ملی ہے جوہرِ آئینہ کو، جوں بخیہ، گیرائی
4. پرِ طاؤس ہے نیرنگِ داغِ حیرتِ انشائی — دو عالم دیدۂ بسمل چراغانِ جلوہ پیمائی
5. شرارِ سنگ سے پادر حنا گلگونِ شیریں ہے — ہنوز، اے تیشۂ فرہاد، عرضِ آتشیں پائی
6. غرورِ دستِ ردنے شانہ توڑا فرقِ ہدہد پر — سلیمانی، ہے ننگِ بیدماغانِ خود آرائی
7. جنوں افسردہ وجاں ناتواں، اے جلوہ، شوخی کر — گئی یک عمر خود داری باستقبالِ رعنائی
8. نگاہِ عبرت افسوں، گاہ برق و گاہ مشعل ہے — ہوا ہر خلوت وجلوت سے حاصل، ذوقِ تنہائی
9. خدایا، خوں ہو رنگِ امتیاز اور نالہ موزوں ہو — جنوں کو سخت بیتابی ہے، تکلیفِ شکیبائی
10. جنونِ بیکسی ساغر کشِ داغِ پلنگ آیا — شررِ کیفیتِ مے، سنگ محوِ نازِ مینائی
11. خراباتِ جنوں میں ہے، اسد وقتِ قدح نوشی — بعشقِ ساقیِ کوثر، بہارِ بادہ پیمائی

(283)

1. بسکہ زیرِ خاک با آبِ طراوت راہ ہے — ریشے سے، ہر تخم کا دلو، اندرونِ چاہ ہے
2. عکسِ گلہاے سمن سے چشمہ ہاے باغ میں — فلسِ ماہی آئینہ پردازِ داغِ ماہ ہے
3. واں سے ہے تکلیفِ عرضِ بیدماغیہاے دل — یاں صریرِ خامہ، مجھ کو نالۂ جانکاہ ہے
4. حسن ورعنائی میں وہمِ صد سرو گردن ہے فرق — سرو کے قامت پہ، گل، یک دامنِ کوتاہ ہے
5. رشک ہے آسایشِ اربابِ غفلت پر، اسد — پیچ و تابِ دل، نصیبِ خاطرِ آگاہ ہے

(284)

1. بسکہ چشم از انتظارِ خوش خطاں بے نور ہے — یک قلم، شاخِ گلِ نرگس، عصاے کور ہے
2. بزمِ خوباں، بسکہ، جوشِ جلوہ سے پُر نور ہے — پشتِ دستِ عجزیاں ہر برگ نخلِ طور ہے
3. ہوں، تصور ہاے ہمدوشی سے، بدمستِ شراب — حیرتِ آغوشِ خوباں، ساغرِ بلّور ہے
4. ہے عجب مُردوں کو غفلتہاے اہلِ دہر سے — سبزہ، جوں انگشتِ حیرت در دہانِ گور ہے
5. حسرت آباد جہاں میں ہے، الم، غم آفریں — نوحہ، گویا خانہ زادِ نالۂ رنجور ہے
6. کیا کروں؟ غم ہاے پنہاں لے گئے صبر وقرار — دزد گر ہو خانگی، تو پاسباں معذور ہے
7. ہے زِ پا افتادگیِ نشہ بیماری مجھے — بے سخن، تبخالۂ لب، دانۂ انگور ہے

جس جگہ ہو مسند آرا جانشینِ مصطفیؐ 8 اُس جگہ تختِ سلیماں، نقشِ پائے مور ہے
واں سے ہے تکلیفِ عرضِ بیدماغی، اور اسد 9 یاں صریرِ خامہ مجھ کو نالۂ رنجور ہے

(285)

اے خیالِ وصل، نادر ہے مے آشامی تری 1 پختگی ہائے کبابِ دل ہوئی خامی تری
رچ گیا جوشِ صفا سے زلف کا، اعضا میں، عکس 2 ہے نزاکت جلوہ، اے ظالم، سیہ فامی تری
برگ ریزیہائے گل، ہے وضعِ زر افشاندنی 3 باج لیتی ہے گلستاں سے گل اندامی تری
بسکہ ہے عبرت ادیبِ یاد گیہائے ہوس 4 میرے کام آئی، دلِ مایوس، ناکامی تری
ہمنشینیِ رقیباں، گرچہ، ہے سامانِ رشک 5 لیکن اُس سے ناگوارا تر ہے بد نامی تری
سر بزانوے کرم رکھتی ہے شرمِ ناکسی 6 اے اسد، بیجا نہیں ہے غفلت آرامی تری

(286)

ربطِ تمیزِ اعیاں دُردِ مے صدا ہے 1 اعمیٰ کو سرمۂ چشم، آوازِ آشنا، ہے
موئے دماغِ وحشت، سررشتۂ فنا ہے 2 شیرازۂ دو عالم یک آہِ نارسا ہے
دیوانگی ہے، تجھ کو درسِ خرام دینا 3 موجِ بہار، یکسر زنجیرِ نقشِ پا ہے
پروانے سے ہو، شاید، تسکینِ شعلۂ شمع 4 آسائشِ وفاہا، بیتابیِ جفا ہے
اے اضطراب سرکش، یک سجدہ وار تمکیں 5 میں بھی ہوں شمعِ کشتہ، گر داغ خوں بہا ہے
نے حسرتِ تسلّی، نہ ذوقِ بیقراری 6 یک درد و صد دوا ہے، یک دست و صد دعا ہے
دریائے مے ہے ساقی، لیکن خمار باقی 7 تا کوچہ دادنِ موجِ خمیازہ آشنا ہے
وحشت نہ کھینچ، قاتل، حیرت نفس ہے بسمل 8 جب نالہ خوں ہو، غافل، تاثیر کیا بلا ہے!
بتخانے میں اسد بھی بندہ تھا گاہ گاہے 9 حضرت چلے حرم کو، اب آپ کا خدا ہے

(287)

گر یاس سر نہ کھینچے، تنگی عجب فضا ہے 1 وسعت گہِ تمنا، یک بام و صد ہوا ہے،
برہمزنِ دو عالم، تکلیفِ یک صدا، ہے 2 مینا شکستگاں کو کہسار خوں بہا ہے
فکرِ سخن یک انشا زندانیِ خموشی 3 دودِ چراغ، گویا، زنجیرِ بے صدا ہے
موزونیِ دو عالم، قربانِ سازِ یک درد 4 مصراعِ نالۂ نے، سکتہ ہزار جا ہے
درسِ خرام تاکے خمیازۂ روانی؟ 5 اس موجِ مے کو، غافل، پیمانہ نقشِ پا ہے
گردش میں لا، تجلّی، صد ساغرِ تسلّی 6 چشمِ تحیّر آغوش، مخمورِ ہر ادا ہے

ق

یک برگِ بینوائی، صد دعوتِ نیستاں 7 طوفانِ نالۂ دل، یا موجِ بوریا ہے

اے غنچۂ تمنا، یعنی کفِ نگاریں 8 دل دے، تو ہم بتادیں، مٹھی میں تیری کیا ہے

ہر نالۂ اسد ہے مضمونِ داد خواہی 9 یعنی، سخن کو کاغذ اِحرامِ مُدّعا ہے

(288)

ضبط سے، جوں مردمک، اسپند اقامت گیر ہے 1 مجمرِ بزمِ فسردن، دیدۂ نخچیر ہے

آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل 2 یاں پرِ پروازِ رنگِ رفتہ، بالِ تیر، ہے

ہے جہاں فکرِ کشیدنہائے نقشِ روئے یار 3 ماہتاب ہالہ پیرا، گردۂ تصویر ہے

وقتِ حسن افروزیِ زینت طرازاں، جائے گل 4 ہر نہالِ شمع میں اک غنچۂ گلگیر ہے

گریے سے بندِ محبت میں ہوئی نام آوری 5 لختِ لختِ دل، نگین خانۂ زنجیر ہے

ریزشِ خونِ وفا ہے، جرعہ نوشیہائے یار 6 یاں گلوئے شیشۂ مے، قبضۂ شمشیر ہے

جو بشامِ غم چراغِ خلوتِ دل تھا، اسد 7 وصل میں وہ سوزِ شمعِ مجلس تقریر ہے

(289)

ذوقِ خوداری، خرابِ وحشتِ تسخیر ہے 1 آئینہ خانہ، مری تمثال کو، زنجیر ہے

ذرہ ذرے مجنوں کے کس کس داغ کو پروازِ عرض؟ 2 ہر بیاباں، یک بیاباں حسرتِ تعمیر ہے

سیکشِ مضموں کو حسنِ ربطِ خط کیا چاہیے؟ 3 لغزشِ رفتارِ خامہ، مستیِ تحریر ہے

خانمانِ مجرمانِ غافل از معنیِ خراب! 4 جب ہوئے ہم بیگنہ، رحمت کی کیا تقصیر ہے؟

چاہیے گر جنت، جز آدم وارثِ آدم نہیں 5 شوخیِ ایمانِ زاہد، سستیِ تدبیر ہے

شب دراز و آتشِ دل تیز، یعنی، مثلِ شمع 6 مہ، زِ سر تا ناخنِ پا، رزقِ یک شبگیر ہے

آب ہو جاتے ہیں، ننگِ ہمتِ باطل سے، مرد 7 اشک پیدا کر، اسد، گر آہ بے تاثیر ہے

(290)

یہ سرنوشت میں میری ہے، اشک افشانی 1 کہ موجِ آب ہے، ہر ایک چینِ پیشانی

جنونِ وحشتِ ہستی یہ عالم ہے کہ بہار 2 رکھے ہے کسوتِ طاؤس میں پر افشانی

اسے نگار میں آئینہ دیکھ، آبِ حیات 3 بہ گرمیِ سکندر ہے محوِ حیرانی

نظر بخشلتِ اہلِ جہاں، ہوا ظاہر 4 کہ عیدِ خلق پہ حیراں ہے، چشمِ قربانی

کہوں جو مصرع برجستہ وصفِ قامت میں 5 کہ سرو ہو نہ سکے اُس کا مصرعِ ثانی

اسدؔ نے کثرتِ دلہائے خلق سے جانا 6 کہ زلفِ یار ہے مجموعۂ پریشانی

(291)

بیخود، زبسکہ خاطرِ بیتاب، ہوگئی 1 مژگانِ باز ماندہ، رگِ خواب ہوگئی
موجِ تبسمِ لبِ آلودۂ مسی 2 میرے لیے تو تیغِ سیہ تاب ہوگئی
رخسارِ یار کی جو کھلی جلوہ گستری 3 زلفِ سیاہ بھی، شبِ مہتاب ہوگئی
بیدادِ انتظار کی طاقت نہ لاسکی 4 اے جان بر لب آمدہ، بیتاب ہوگئی
غالبؔ، زبسکہ سوکھ گئے چشم میں سرِشک 5 آنسو کی بوند گوہرِ نایاب ہوگئی

(292)

ہر رنگِ سوز، پردۂ یک ساز ہے مجھے 1 بالِ سمندر، آئنۂ ناز ہے مجھے
طاؤسِ خاک، حسنِ نظر باز ہے مجھے 2 ہر ذرّہ، چشمکِ نگہِ ناز ہے مجھے
آغوشِ گل ہے آئنۂ ذرّہ ذرّہ خاک 3 عرضِ بہار، جوہرِ پرواز ہے مجھے
ہے بوئے گل غریبِ تسلّی گہِ وطن 4 ہر جزو آشیاں، پرِ پرواز ہے مجھے
ہے جلوۂ خیال، سویدائے مردمک 5 جوں داغ، شعلہ سر خطِ آغاز ہے مجھے
وحشت بہارِ نشہ، وگل ساغرِ شراب 6 چشمِ پری، شگفتکدۂ راز ہے مجھے
فکرِ سخن، بہانۂ پردازِ خامشی 7 دودِ چراغ، سرمۂ آواز ہے مجھے
ہے خامہ فیضِ بیعتِ بیدلؔ بکف، اسد 8 یک نیستاں قلمروِ اعجاز ہے مجھے

(293)

نگاہِ ناز نے جب عرضِ تکلیفِ شرارت کی 1 دیا ابرو کو چھیڑ، اور اُس نے فتنے کو اشارات کی
روانی موجِ مے کی، گر، خطِ جام آشنا ہووے 2 لکھے کیفیت اُس سطرِ تبسم کی عبارت کی
شہِ گل نے کیا جب بندوبستِ گلشن آرائی 3 عصائے سبزۂ نرگس کو دی خدمت نظارت کی
نہیں ریزش عرق کی، اب اُسے ذوبانِ اعضا ہے 4 تپِ خجلت نے یہ نبضِ رگِ گل میں حرارت کی
زبس نکلا غبارِ دل بوقتِ گریہ آنکھوں سے 5 اسد، کھائے ہوئے سرمے نے آنکھوں میں بصارت کی

(294)

خدایا، دل کہاں تک دن بصد رنج و تعب کاٹے 1 خمِ گیسو ہو شمشیرِ سیہ تاب اور شب کاٹے!
کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق، خود آرایاں 2 صدف، دندانِ گوہر سے، بہ حسرت اپنے لب کاٹے
دریغا! وہ مریضِ غم کہ فرطِ ناتوانی سے 3 بقدرِ یک نفس جادہ، بصد رنج و تعب کاٹے
یقیں ہے، آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو 4 دمِ تیغِ توکّل سے اگر پائے سبب کاٹے

اسدؔ مجھ میں ہے اُس کے بوسۂ پا کی کہاں جرأت؟ 5 کہ میں نے دست و پا باہم بہ شمشیرِ ادب کاٹے

(295)

ہوا جب حسن کم، خط برعذارِ سادہ آتا ہے 1 کہ بعد از صاف مے، ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے

نہیں ہے مزرعِ الفت میں حاصل غیرِ پامالی 2 نظر دانہ، بہ رشکِ برزمیں اُفتادہ، آتا ہے

محیطِ دہر میں بالیدن، از ہستی گذشتن ہے 3 کہ یاں ہر یک، حباب آسا، شکست آمادہ آتا ہے

دیارِ عشق میں جاتا ہے جو سوداگری ساماں 4 متاعِ زندگانیہا بغارت دادہ آتا ہے

اسدؔ، وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں 5 صنوبر گلستاں میں بادلِ آزادہ آتا ہے

(296)

بفکرِ حیرتِ رم، آئنہ پردازِ زانو ہے 1 کہ مشکِ نافہ تمثالِ سوادِ چشمِ آہو ہے

ترحّم مین ستم کوشوں کے ہے، سامانِ خونریزی 2 بہ رشکِ چشمِ یار، آبِ دمِ شمشیرِ ابرو ہے

کرے ہے دست فرسودِ ہوس، وہمِ توانائی 3 پرِ افشاندہ در کنجِ قفس، تعویذِ بازو ہے

ہوا، چرخِ خمیدہ، ناتوانِ بارِ علائق سے 4 کہ ظاہر، پنجۂ خرشید، دستِ زیرِ پہلو ہے

اسدؔ، تا کے طبیعت طاقتِ ضبطِ الم لاوے؟ 5 فغانِ دل بہ پہلو، نالۂ بیمارِ بدخو ہے

(297)

خبر نگہ کو نگہ چشم کو عدو جانے 1 وہ جلوہ کر کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے

نفس بنالہ رقیب، و نگہ باشکِ عدو 2 زیادہ اس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے

بہ کسوتِ عرقِ شرم قطرہ زن ہے خیال 3 مباد، حوصلہ معذورِ جستجو جانے

جنوں فسردۂ تمکیں ہے، کاش! عہدِ وفا 4 گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے

نہووے کیونکے اُسے فرضِ قتلِ اہلِ وفا 5 لہو میں ہاتھ کے بھرنے کو جو وضو جانے

زباں سے عرضِ تمنائے خامشی معلوم 6 مگر وہ خانہ براندازِ گفتگو جانے

مسیحِ کشتۂ الفت بہ بر علی خاں ہے 7 کہ جو، اسدؔ، تپشِ نبضِ آرزو جانے

(298)

دیکھ تری خوے گرم، دل بہ تپش رام ہے 1 طائرِ سیماب کو، شعلہ رگِ دام ہے

شوخیِ چشمِ حبیب، فتنۂ ایام ہے 2 قسمتِ بختِ رقیب، گردشِ صد جام ہے

جلوۂ بینش پناہ، بخشے ہے ذوقِ نگاہ 3 کعبۂ پوشش سیاہ مردمکِ اِحرام ہے

کو نفس؟ وچہ غبار؟ جرأتِ عجز آشکار 4 در تپش آبادِ شوق، سرمہ، صدا نام ہے

غفلتِ افسردگی، تہمتِ تمکین نہ ہو　5　اے ہمہ خوابِ گراں، حوصلہ بد نام ہے
بزمِ وداعِ نظر، یاس طرب نامہ بر　6　فرصتِ رقصِ شرر، بوسہ بہ پیغام ہے
گریۂ طوفاں رکاب، نالۂ محشر عناں　7　بے سروساماں اسد، فتنہ سرانجام ہے

(299)

کاوشِ دزدِ حنا پوشیدہ افسوں ہے مجھے　1　ناخنِ انگشتِ خوباں، نعلِ واژوں ہے مجھے
ریشۂ شہرت دوانیدن ہے، رفتن زیرِ خاک　2　خنجرِ جلاد، برگِ بیدِ مجنوں، ہے مجھے
ساقیا، دے ایک ہی ساغر میں سب کو، کہ آج　3　آرزوے بوسۂ لبہاے میگوں ہے مجھے
ہو گئے باہم گر، جوشِ پریشانی سے، جمع　4　گردشِ جامِ تمنا، دورِ گردوں، ہے مجھے
دیکھ لی جوشِ جوانی کی ترقی بھی کہ اب　5　بدر کے مانند کاہش روز افزوں ہے مجھے
غنچگی ہے، بر نفس پیچیدنِ فکر، اے اسد　6　واشگفتہاے دل در رہنِ مضموں ہے مجھے

(300)

دلا، عبث ہے تمناے خاطر افروزی　1　کہ بوسۂ لبِ شیریں ہے اور گلوسوزی
طلسمِ آئنہ، زانوے فکر ہے، غافل　2　ہنوز حسن کو ہے، سعیِ جلوہ اندوزی
ہوئی ہے سوزشِ دل، بسکہ، داغِ بے اثری　3　اُگی ہے دودِ جگر سے شبِ سیہ روزی
یہ پَرفشانیِ پروانۂ چراغِ مزار!　4　کہ بعدِ مرگ بھی ہے لذتِ جگر سوزی
تپش تو کیا، نہوئی مشقِ پَرفشانی بھی　5　رہا میں ضعف سے شرمندۂ نو آموزی
اسد، ہمیشہ پئے کفشِ پاے سیم تناں　6　شعاعِ مہر سے کرتا ہے چرخ زر دوزی

(301)

محوِ آرامیدگی، سامانِ بیتابی کرے　1　چشم میں توڑے نمکداں، تا شکر خوابی کرے
آرزوے خانہ آبادی نے ویراں تر کیا　2　کیا کروں، گر سایۂ دیوار سَیلابی کرے
نغمہ ہا، وابستۂ یک عقدۂ تارِ نفس　3　ناخنِ تیغِ بتاں، شاید کہ مضرابی کرے
صبح دم وہ جلوہ ریزِ بے نقابی ہو اگر　4　رنگِ رخسارِ گلِ خُرشید، مہتابی کرے
زخمہاے کہنۂ دل رکھتے ہیں جوں مردگی　5　اے خوشا! گر آبِ تیغِ ناز تیزابی کرے
بادشاہی کا جہاں یہ حال ہو، غالب، تو پھر　6　کیوں نہ دلّی میں ہر اک ناچیز نوابی کرے

(302)

صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام، ہے　1　غافلاں، آغازِ کار، آئینۂ انجام ہے

بسکہ ہے صیاد راہِ عشق میں محوِ کمیں 2 جادۂ رہ سربسر، مژگانِ چشمِ دام ہے

بسکہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق 3 ہر بتِ خُرشید طلعت، آفتابِ بام ہے

مستعدِ قتلِ یک عالم ہے، جلادِ فلک 4 کہکشاں، موجِ شفق میں تیغِ خوں آشام ہے

کیا کمالِ عشق نقص آبادِ گیتی میں ملے 5 پختگی ہائے تصوّر، یاں خیالِ خام ہے

ہو جہاں، وہ ساقیِ خُرشیدرو، مجلس فروز 6 واں، اسد، تارِ شُعاعِ مہر خطِ جام ہے

(303)

اے خوشا! وقتے کہ ساقی یک خُمستاں وا کرے 1 تارو پودِ فرشِ محفل، پنبۂ مینا کرے

گر تپِ آسودۂ بوگاں تصرف وا کرے 2 رشتۂ پا، شوخیِ بالِ نفَس پیدا کرے

گر دکھاؤں صفحۂ بے نقشِ رنگِ رفتہ کو 3 دستِ رَد، سطرِ تبسم یک قلم انشا کرے

جو عزادارِ شہیدانِ نفَس وزدیدہ ہو 4 نوحۂ ماتم بآوازِ پرِ عنقا کرے

حلقۂ گردابِ جوہر کو بنا ڈالے تنور 5 عکس، گر طوفانیِ آئینۂ دریا کرے

یک درِ بر روے رحمت بستہ دورِ شش جہت 6 ناامیدی ہے، خیالِ خانہ ویراں کیا کرے!

توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا؟ 7 آسماں سے بادۂ گلفام گر برسا کرے

ناتوانی سے نہیں سر در گریبانی، اسد 8 ہوں سراپا یک خمِ تسلیم، جو مولا کرے

(304)

بہارِ تعزیتِ آبادِ عشق، ماتم، ہے 1 کہ تیغِ یار، ہلالِ مہِ محرّم ہے

برہنِ ضبط ہے، آئینہ بندیِ گوہر 2 وگرنہ بحر میں ہر قطرہ چشمِ پُرنم ہے

چمن میں کون ہے طرزِ آفرینِ شیوۂ عشق؟ 3 کہ گل ہے بلبلِ رنگین و بیضہ شبنم ہے

اگر نہووے رگِ خواب صرفِ شیرازہ 4 تمام دفترِ ربطِ مزاج، درہم ہے

اسد، بنازکیِ طبعِ آرزو انصاف! 5 کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دو عالم ہے

(305)

عذارِ یار، نظر بندِ چشمِ گریاں ہے 1 عجب کہ پرتوِ خُور، شمعِ شبستاں ہے

ہجومِ ضبطِ فغاں سے مری زبانِ خموش 2 بزنگ بستہ، بزہرابِ دادہ پیکاں ہے

قبائے جلوہ فزا ہے، لباسِ عریانی 3 بطرزِ گل، رگِ جاں مجھ کو تارِ داماں ہے

لبِ گزیدۂ معشوق ہے، دلِ افگار 4 کہ بخیہ جلوۂ آثارِ زخمِ دنداں ہے

گشودِ غنچۂ خاطر عجب نہ رکھ، غافل 5 صبا خرامیِ خوباں، بہار ساماں ہے

فغاں! کہ بہرِ شفائے حصول ناشدنی 6 دماغ، ناز کشِ منّتِ طبیباں ہے
طلسمِ منّتِ یک خلق سے رہائی دی 7 جہاں جہاں مرے قاتل کا مجھ پہ احساں ہے
جنوں نے مجھ کو بنایا ہے مدّعی میرا 8 ہمیشہ ہاتھ میں میرے مرا گریباں ہے
اسد کو زیست تھی مشکل، اگر نہ سن لیتا 9 کہ قتلِ عاشقِ دلدادہ تجھ کو آساں ہے

(306)

شفق، بدعویِ عاشق گواہِ رنگیں ہے 1 کہ ماہ، دزدِ حنائے کفِ نگاریں ہے
عیاں ہے پائے حنائی برنگِ پرتوِ خور 2 رکاب، روزنِ دیوار خانہ زیں ہے
جبینِ صبحِ امیدِ فسانہ گویاں پر 3 درازیِ رگِ خوابِ بتاں، خطِ چیں ہے
ہوا، نشانِ سوادِ دیارِ حسن، عیاں 4 کہ خط، غبارِ زمیں خیز زلفِ مشکیں ہے

(307)

جوہرِ آئینہ ساں، موگاں بدل آسودہ ہے 1 قطرہ جو آنکھوں سے ٹپکا، سونگاہ آلودہ ہے
دامگاہِ عجز میں سامانِ آسایش کہاں، 2 پرفشانی بھی فریبِ خاطرِ آسودہ ہے
اے ہوس، عرضِ بساطِ نازِ مشتاقی نمانگ 3 جوں پرِ طاؤس، یکسر داغ مشک اندودہ ہے
ہے ریا کا رتبہ بالاتر تصور کردنی 4 تیرگی سے داغ کی، مہ، سیم مس اندودہ ہے
کیا کہوں پرواز کی آوارگی کی کشمکش؟ 5 عافیت، سرمایۂ بال و پرِ نکشودہ ہے
ہے، سوادِ خط، پریشاں موئیِ اہلِ عزا 6 خامہ میرا شمعِ قبرِ کشتگاں کا دودہ ہے
جس طرف سے آئے ہیں، آخر اُدھر ہی جائیں گے 7 مرگ سے وحشت نہ کر، راہِ عدم پیمودہ ہے
پنبۂ مینائے مے رکھ لو تم اپنے کان میں 8 مے پرستاں، ناصحِ بے صَرفہ گو بیہودہ ہے
کثرتِ انشائے مضمونِ تحیّر سے، اسد 9 ہر سرِ انگشت، نوکِ خامۂ فرسودہ ہے

(308)

بہرِ پروردن سراسر لطف گستر، سایہ، ہے 1 پنجۂ مژگاں، بطفلِ اشک دستِ دایہ ہے
فصلِ گل میں، دیدۂ خونیں نگاہان جنوں 2 دولتِ نظارۂ گل سے شفق سرمایہ ہے
شورشِ باطن سے یاں تک مجھ کو غفلت ہے کہ آہ! 3 شیونِ دل، یک سرودِ خانۂ ہمسایہ ہے
کیوں نہ تیغِ یار کو مَشاطۂ الفت کہوں؟ 4 زخم، مثلِ گل، سراپا کا مرے پیرایہ ہے
اے اسد، آباد ہے مجھ سے جہانِ شاعری 5 خامہ میرا تختِ سلطانِ سخن کا پایہ ہے

(309)

چشمِ گریاں، بسملِ شوقِ بہارِ دید ہے | 1 | اشک ریزی، عرضِ بال افشانیٔ امید ہے
دامنِ گردوں میں رہ جاتا ہے ہنگامِ وداع | 2 | گوہرِ شب تاب، اشکِ دیدۂ خرشید ہے
رتبۂ تسلیمِ خلقت مشرباں، عالی سمجھ | 3 | چشمِ قربانی، گلِ شاخِ ہلالِ عید ہے
کچھ نہیں حاصل تعلق میں بغیر از کشمکش | 4 | اے خوشا! رندے کہ مرغِ گلشنِ تجرید ہے
کثرتِ اندوہ سے حیران و مضطر ہے اسدؔ | 5 | یا علی، وقتِ عنایات و دمِ تائید ہے

(310)

فرصت، آئینۂ صد رنگ خود آرائی ہے | 1 | روز و شب، یک کفِ افسوسِ تماشائی ہے
وحشتِ زخمِ وفا دیکھ کہ سرتا سرِ دل | 2 | بخیہ، جوں جوہرِ تیغ، آفتِ گیرائی ہے
شمع آسا، چہ سرِ دعویٰ؟ وکو پائے ثبات؟ | 3 | گلِ صد شعلہ، بیک جَیبِ شکیبائی ہے
نالہ خونیں ورق، و دل گلِ مضمونِ شفق | 4 | چمن آرائے نفس، وحشتِ تنہائی ہے
بوئے گل فتنۂ بیدار، و چمن جامۂ خواب | 5 | وصلِ ہر رنگ جنوں کسوتِ رسوائی ہے
شرم، طوفانِ نُخواں رنگِ طربگاہِ بہار | 6 | ماہتابی بکفِ چشمِ تماشائی ہے
باغِ خاموشیٔ دل سے سخنِ عشق، اسدؔ | 7 | نفسِ سوختہ رمزِ چمن ایمائی ہے

(311)

نوائے خفتۂ الفت، اگر، بیتاب ہو جاوے | 1 | پرِ پروانہ، تارِ شمع پر مضراب ہو جاوے
اگر وحشت عرق افشانِ بے پروا خرامی ہو | 2 | بیاضِ دیدۂ آہو، کفِ سیلاب ہو جاوے
زِبس طوفانِ آب و گل ہے، غافل، کیا تعجب ہے! | 3 | کہ ہر یک گردبادِ گلستاں گرداب ہو جاوے
اثر میں یاں تک، اے دستِ دعا، دخلِ تصرف کر | 4 | کہ سجدہ قبضۂ تیغِ خمِ محراب ہو جاوے
برنگِ گل، اگر شیرازہ بندِ بیخودی رہیے | 5 | ہزار آشفتگی، مجموعۂ یک خواب ہو جاوے
اسدؔ، باوصف مشق بے تکلف خاک گردیدن | 6 | غضب ہے، گر غبارِ خاطرِ احباب ہو جاوے

(312)

تا چند نازِ مسجد و بتخانہ کھینچیے | 1 | جوں شمع، دل بخلوتِ جانانہ کھینچیے
بہزاد، نقشِ یک دلِ صد چاک عرض کر | 2 | گر زلفِ یار کھینچ نہ سکے، شانہ کھینچیے
راحت، کمینِ شوخیٔ تقریبِ نالہ ہے | 3 | پائے نظر بدامنِ افسانہ کھینچیے
زلفِ پری، بسلسلۂ آرزو رسا | 4 | یک عمر، دامنِ دلِ دیوانہ کھینچیے

یعنی، دِماغِ غفلتِ ساقی رسیدہ تر 5 خُمیازہ خمار سے پیمانہ کھینچیے
پروازِ آشیانۂ عنقائے ناز ہے 6 بالِ پری بوحشتِ بیجانہ کھینچیے
عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر 7 دامن کو اُس کے آج حریفانہ کھینچیے
ہے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے، اسد 8 رختِ جنونِ سیل بویرانہ کھینچیے

(313)

دامانِ دل بوہمِ تماشا نہ کھینچیے 1 اے مُدّعی، خجالتِ بیجا نہ کھینچیے
گل، سر بسر، اشارۂ جَیب دریدہ ہے 2 نازِ بہار جز بتقاضا نہ کھینچیے
حیرت حجابِ جلوہ، و وحشت غبارِ چشم 3 پائے نظر بدامنِ صحرا نہ کھینچیے
واماندگی بہانہ، و دلبستگی فریب 4 دردِ طلب بہ آبلۂ پانہ کھینچیے
کرتے ہوے تصورِ یار آئے ہے حیا 5 کیا فائدہ کہ منتِ بیگانہ کھینچیے
گر صفحے کو نہ دیجیے پردازِ سادگی 6 جز خطِ عجز، نقشِ تمنا نہ کھینچیے
دیدارِ دوستانِ لباسی ہے ناگوار 7 صورت بکار خانۂ دِیبا نہ کھینچیے
ہے بے خمار نشۂ خونِ جگر، اسد 8 دستِ ہوس بگردنِ مینا نہ کھینچیے

(314)

زلفِ سیہ، افعی نظرِ بد قلمی ہے 1 ہر چند خطِ سبز و زُمرّد رقمی ہے
ہے مشقِ وفا، جانتے ہیں، لغزشِ پا تک 2 اے شمع، تجھے دعویِ ثابت قدمی ہے
ہے عرضِ شکست، آئنہ جرأتِ عاشق 3 جز آہ کہ سرِلشکرِ وحشت علمی ہے
واماندۂ ذوقِ طربِ وصل نہیں ہوں 4 اے حسرتِ بسیار، تمنا کی کمی ہے
وہ پردہ نشیں، اور اسد آئینۂ اظہار 5 شہرت چمنِ فتنہ و عنقا اِرمی ہے

(315)

بسکہ سودائے خیالِ زلف وحشت ناک ہے 1 تا دلِ شب، آبنوسی شانہ آسا، چاک ہے
یاں، فلاخن باز، کس کا نالۂ بیباک، ہے؟ 2 جادہ، تا کہسار، موئے چینیِ افلاک ہے
ہے دو عالم صید اندازِ شہِ دُلدل سوار 3 یاں، خطِ پرکارِ ہستی، حلقۂ فتراک ہے
خلوتِ بال و پرِ قمری میں داکر راہِ شوق 4 جادۂ گلشن، برنگِ ریشہ، زیرِ خاک ہے
عیش گرمِ اضطراب، واہلِ غفلت سرد مہر 5 دورِ ساغر، یک گلستاں برگریزِ تاک ہے
ہے،عرضِ وحشت پر ہے نازِ ناتوانیہائے دل 6 شعلۂ بے پردہ، چمنِ دامنِ خاشاک ہے
ہے، کمندِ موجِ گل، فتراکِ بے تابی، اسد 7 رنگ، یاں بُو سے، سوارِ توسنِ چالاک ہے

(316)

1. مژہ، پہلوے چشم، اے جلوۂ ادراک، باقی ہے — ہوا وہ شعلہ داغ، اور شوخیِ خاشاک باقی ہے
2. چمن میں کچھ نچھوڑا تو نے غیر از بیضۂ قمری — عدم میں، بہرِ فرقِ سرو، مشتِ خاک باقی ہے
